بسلسلۂ مطبوعات مجلس قاسم المعارف ۱

# تعلیمی ہند

عہد [illegible]

مرتبہ

اراکین مجلس قاسم المعارف دیوبند

قیمت ۱۲ مجلد

دوم ۱۰۰۰

(محبوب المطابع برقی پریس دہلی)

# الاہداء

ہم یہ تعلیمی و تاریخی عرق ریزیاں جو چند ناتجربہ کار قلموں کی گردش کا نتیجہ ہیں حضرت شیخ الہند مولانا مولوی محمود حسن صاحبؒ کی بارگاہ عالی میں بطور عقیدت پیش کرتے ہیں۔ درحقیقت یہ سب کچھ حضرت الشیخ رحمتہ اللہ علیہ کے ہی فیوض کا ادنیٰ ترین نتیجہ ہے۔ نیز آپ ہی کی عملی تربیت سے ملک خصوصاً علماء کرام ان حقائق تاریخیہ سے بڑی حد تک آشنا ہوئے ہیں

خدام ملت

ارا کین مجلس قاسم المعارف دیوبند یوپی

# تعارف

از عالی جناب حضرت علامہ مولانا مفتی عتیق الرحمٰن صاحب عثمانی مفتی دیوبند

تعلیمی ہند جس کے تعارف کے لئے مجھے مامور کیا گیا ہے امیر الہند حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی کی مختلف یادداشتوں کا ایک ٹھوس اور حیرت انگیز مجموعہ ہے۔ جسے اراکین "مجلس قاسم المعارف" مہذب و مرتب کر کے مجلس کی طرف سے شائع کر رہے ہیں۔

گویا تالیف کا اصل مواد تمام تر حضرت مولانا مدظلہٗ کی یادداشتیں ہیں اور ترتیب و تعبیر مؤلفین کی۔ اراکین مجلس کے حسن انتخاب کی لامحالہ داد دینی پڑتی ہے کہ انہوں نے مجلس کا افتتاح ایسے اہم اور مفید کام سے کیا۔

ہندوستان کی موجودہ فضا میں "تعلیمی ہند" کی اشاعت میرے خیال میں وقت

کی اہم ترین ضرورت اور ملک و قوم کی عظیم الشان خدمت ہے۔

آتشبار تقریروں اور ہنگامہ خیز لکچروں کی انقلاب آفرینیاں بجائے خود کتنی ہی مفید اور جاذب توجہ ہوں لیکن یہ ایک حقیقت ہے کہ اس نوع کے پر از معلومات مضامین کی اشاعت کا افادہ وقتی ہنگاموں کے فائدہ سے کہیں زیادہ ہوتا ہے۔

"تعلیمی ھند" حکومت موجودہ کی برکات کا ایک صاف و شفاف آئینہ ہے جس میں حکومت کے خط و خال پوری شان دلربائی سے اہل ہند کو دعوت نظارہ دے رہے ہیں۔

قلت وقت کی وجہ سے مجھے ساری کتاب دیکھنے کا اتفاق نہیں ہوا کیونکہ تحریر تعارف کے لئے مجھسے اس وقت کہا گیا جبکہ مسودہ کی آخری کاپی بھی منطبع ہو چکی ہے۔ صرف تعارف کے چند صفحات کی طباعت باقی ہے۔ ایسے تنگ وقت میں کتاب کا نہ پورا مطالعہ ہو سکتا ہے نہ کوئی مفصل تعارف کرایا جا سکتا ہے۔

تاہم سرسری طور پر جتنے حصّہ کا مطالعہ کر سکا ہوں اس کی روشنی میں کہہ سکتا ہوں کہ "تعلیمی ھند" اپنی نوعیت کی سب سے پہلی تالیف ہے جس کی سطر سطر اور لفظ لفظ میں تیرہ نصیب ہندوستانیوں کے لئے بصیرت و عبرت کا ایک دفتر پنہاں ہے۔

کتاب کا مقصد جیسا کہ اس کے نام سے ظاہر ہے۔ ہندوستان کی تعلیمی حالت کا مکمل اور عبرتناک نقشہ پیش کرنا ہے۔ اس مقصد کی تکمیل کے لئے موضوع کا کوئی بعید سے بعید گوشہ بھی ایسا نہیں جس پر سیر حاصل تبصرہ نہ کیا گیا ہو۔

تحریر کا سب سے زیادہ دلچسپ اور موثر پہلو یہ ہے کہ بحث کے ایک ایک حصہ پر

بڑے بڑے انگریزوں کی ناقابل انکار شہادتیں پیش کی گئی ہیں۔
یہی نوعیت بیان ہے جس سے مباحث کتاب ٹھوس اور زبردست معلومات کا ذخیرہ بن گئے ہیں۔ ہمارے ملک کا یورپ زدہ اور گم کردہ راہ تعلیم یافتہ طبقہ جو انگریزی حکومت اور انگریزی تہذیب و تعلیم کی مدحت سرائی کو اپنا وظیفۂ حیات سمجھتا ہے اور جس کے اعتقاد میں "جہل کدہ ہند" صرف انگریزوں کے لائے ہوئے علوم و فنون کی برکت سے آج تہذیب و تمدن کی حدود میں قدم رکھنے کے قابل ہوا ہے۔ اگر بصیرت کی آنکھ سے ان حقائق کا مطالعہ کرے گا جو خود ان کے آقایان تعلیم و تہذیب کی زبان و قلم کا مجبورانہ اعتراف ہیں تو اس بصیرت افروز مجموعہ میں ان کو اپنی ہدایت کا بہت کچھ سامان مل سکتا ہے۔

انگریزوں کے نزول اجلال سے قبل مظلوم ہندوستان کی تعلیمی نوعیت کا نقشہ کیا تھا۔ اور اس ورود مسعود کے بعد یہاں کی تعلیمی فضا کس طرح تاریک ہوئی علمی فضا کی ہیبتناک تاریکی کے بعد نظام تعلیم کس ناپاک مقصد سے قائم کیا گیا؟ اور اس کا نتیجہ کس درجہ تباہ کن اور ہولناک ثابت ہوا؟ یہ اور اس طرح کے کتنے ہی حقائق ہیں جن کا پردہ کتاب کے مطالعہ سے کچھ اس طرح چاک ہو جاتا ہے کہ حکومت کے ادعاء استحقاق جہانبانی کو منہ چھپانے کے سوا چارہ کار نہیں رہتا۔

آخر میں اراکین مجلس کی خدمت میں یہ درخواست ہے کہ امیرالہند حضرت مولانا سید حسین احمد مدظلہ کی اس نوع کی دوسری یادداشتیں جن کا تعلق

اقتصادیات سے ہے اور جن کا معتد بہ ذخیرہ حضرت مولانا کے پاس محفوظ ہے۔ ضرورت ہے کہ اسی عمدہ ترتیب و تہذیب کے ساتھ کتابی صورت میں شائع کی جائیں۔

تعلیمات کا تعلق بہر حال ایک خاص طبقہ سے ہے اس موضوع سے اسی کو دلچسپی ہو سکتی ہے لیکن اقتصادیات یعنی تجارت، صنعت، حرفت وغیرہ یہ وہ موضوع ہیں جو تمام ملک کے لئے یکساں طور پر مفید ہیں۔

مولانائے محترم نے اپنی سیاسی زندگی میں ان مسائل پر بیش بہا معلومات کا جو ذخیرہ بہم پہونچایا ہے۔ وہ یقیناً اس لائق ہے کہ تمام ملک اس سے مستفید ہو اور حکومت متسلطہ کی برکات کی تفصیلات سے اہل ہند اچھی طرح روشناس ہو جائیں۔

عتیق الرحمن عثمانی

دہلی۔ ۱۲ جمادی الاولی ۱۳۵۳ھ

# موجودہ حکومت سے پہلے ہندوستان کی تعلیمی حالت

کہا تو یہ جاتا ہے کہ انگریز ہندوستان میں آئے تو خیر و برکت بھی ساتھ لائے، جب سے ہندوستان میں ان کے قدم جمے، ہر طرف ترقی کے آثار نمودار ہونے لگے۔ وہ گھرانے جہاں کبھی علم کا چراغ نہیں جلا تھا پڑھ لکھ کر ڈپٹی کلکٹر ہو گئے۔ وہ حضرات جن کے آباؤ اجداد کے کان بھی کبھی الف بار کی آواز سے آشنا نہ ہوتے تھے، گوروں کے راج میں تعلیم پاکر داروغہ بنے اور گھوڑے پر سوار ہو کر دنیا پر حکومت کرنے لگے۔ اس ترقی کا پردہ تو اگلے صفحات سے چاک ہوگا۔ اس وقت تو ہمیں یہ بتلانا ہے کہ انگریزوں سے پہلے جبکہ یہاں اسلامی حکومت تھی اس دور میں ہندوستان کی تعلیمی حالت کیا تھی۔

آج جہاں اسلامی حکومت کو اور طریقوں سے بدنام کیا جا رہا ہے۔ وہاں ایک طریقہ یہ بھی ہے کہ ہندوستان میں اتنے زمانہ تک مسلمانوں نے حکومت کی۔ لیکن ہندوستان کی فضاء میں کبھی علم کی روشنی نہ پھیلی، ہندوستان کے باشندے جاہل کے جاہل ہی رہے مسلمانوں نے اس کی سعی کبھی نہ کی کہ ہندوستان میں علم کا چرچا ہو، جو قوم و ملک کی ترقی کے لئے سب سے زیادہ ضروری چیز ہے۔

ان غلط واقعات کی اشاعت صرف زبانی ہی نہیں کی گئی بلکہ اسی قسم کے مضامین کی کتابیں لکھوائی گئیں، اور ان کو اسکولوں اور کالجوں کے نصاب تعلیم میں داخل کیا گیا، تاکہ ایک ہندوستانی خواہ ہندو ہو یا مسلمان، جب اسکول اور کالج سے اپنی تعلیم پوری

کر کے کنارہ کش ہو، تو ساتھ ہی ساتھ اپنے اسلاف اور قدیمی حکومتوں سے بھی کنارہ کش
اور بدظن ہو جائے۔

لیکن کیا کیا جائے کہ واقعات اس کے خلاف ہیں اور خود انگریز مورخوں کے اقوال
ہمیں بتلا رہے ہیں کہ عہد حکومت ہائے سالقہ میں ہندوستان کا تعلیمی معیار موجودہ دور سے
بہت ہی زیادہ بلند تھا، تعلیمی انتظامات، ان دنوں سے بہت ہی بہتر اور وسیع پیمانہ پر
تھے۔ چنانچہ جان بیبٹ کمیشنر، عہد حکومت اسلامی میں، قومی تعلیمات کی موجودگی کا ان الفاظ
میں اعتراف کرتا ہے۔

"یہ بالکل ظاہر ہے کہ جب انگریزوں نے ہندوستان پر اپنا قبضہ جمایا تو اس زمانہ
میں قومی تعلیم کا سلسلہ بہت کافی طور سے موجود تھا۔"

"لالہ لاجپت رائے نے اپنی کتاب "ان ہیپی انڈیا" میں سررشتہ تعلیم کے افسران
کے حوالہ سے ثابت کیا ہے کہ زمانہ سابق میں ہندوستان میں خواندوں کی تعداد،
موجودہ زمانہ سے زیادہ تھی۔"

غرض حکومت ہائے سابقہ کے دور میں تعلیم کا نظام اس درجہ ہمہ گیر تھا کہ تقریباً ہندوستان
کے ہر گاؤں میں مدرسے ہوا کرتے تھے اور عام طریقے پر بچے لکھنا پڑھنا جانتے تھے، اور
اسی پر بس نہیں بلکہ انہیں مختلف فنون میں خاص مہارت ہوا کرتی تھی لیکن موجودہ حکومت
کی انسان کش پالیسی نے اپنی شرمناک اغراض، یعنی مسلمانوں کو بدنام اور اپنی جڑیں مضبوط
کرنے کی خاطر قدیم نظام تعلیم کو برباد اور ان پرانے مدارس کو بالکل فنا کر دیا۔ چنانچہ ان

حقیقتوں کا اظہار مسٹر لڈلو اپنی کتاب تاریخ برطانوی ہند میں ان الفاظ سے کرتا ہے

"مجھے یقین ہے کہ ہندوستان کے ہر گاؤں میں جو اپنی قدیم شان اور حیثیت کو قائم رکھے ہوئے تھا عام طور پر بچے لکھ پڑھ سکتے تھے، اور حساب میں ان کو خاص مہارت ہوتی تھی۔ لیکن ہم نے بنگال کی طرح جہاں جہاں دیسی سسٹم فنا کر دیا ہے۔ اس جگہ دیسی مدرسے بھی فنا ہو گئے ہیں۔"

سر تھامس منرو نے برطانوی قبضہ سے قبل ہندوستان کی حالت کا نقشہ ان الفاظ میں کھینچا ہے۔

"ہندوستانیوں کا طریقہ کاشتکاری۔ بے مثل ان کی صنعت، کاشتکاری کے معاملہ میں اعلیٰ استعداد، ہر قریہ میں ایسے مدارس کی موجودگی جس میں نوشت و خواند اور حساب کی تعلیم ہوتی ہو، ہر شخص میں مہمان نوازی اور خیرات کرنے کا مبارک جذبہ موجود ہو اور سب سے زیادہ یہ کہ صنف نازک پر پورا اعتماد کیا جاتا ہو اس کی عزت و عصمت اور عفت کا پوری طرح لحاظ رکھا جاتا ہو۔ یہ ایسے اوصاف ہیں جن کے ہوتے ہوئے ہم غیر مہذب اور غیر متمدن نہیں کہہ سکتے، ایسی صفات کی موجودگی میں ہندوستانیوں کو یورپی اقوام سے کسی طرح کمتر قرار نہیں دیا جا سکتا۔ اگر انگلستان اور ہندوستان کے درمیان تہذیب تمدن کی تجارت کی جائے تو مجھے یقین کامل ہے کہ ہندوستان سے تمدن کی جو کچھ درآمد، انگلستان میں ہو گی اس سے انگریزوں کو بہت فائدہ پہونچے گا۔"

اورنگ زیب عالمگیرؒ کا عہد حکومت جو کہ موجودہ حکومت اور اس کے ہواخواہوں کی نگاہ میں سب سے زیادہ کھٹکتا ہے اور جس کو بدنام کرنے میں ایڑی چوٹی کا زور صرف کیا گیا ہے۔ اس زمانہ میں بلکہ اس کے بہت بعد تک بھی۔ نظام تعلیم اس درجہ مکمل اور عام، علوم و فنون کی ارتقاء کا منظر اس قدر دلفریب تھا کہ یقیناً آج تک گورنمنٹ پیدا نہ کر سکی۔ چنانچہ پروفیسر ماکس میلر سرکاری کاغذات کی بناء پر لکھتا ہے کہ

برطانوی حکومت سے قبل بنگال میں ۸۰ ہزار دیسی مدارس تھے اس کے دوسرے لفظوں میں یہ معنے ہوئے کہ آبادی کے ہر چالیس افراد کے لئے ایک مدرسہ قائم تھا (اس حساب سے موجودہ مردم شماری کی بناء پر ۸۰ لاکھ سے زائد مدرسے ہونے چاہئیں)

آپ نے دیکھا کہ برطانوی دور حکومت سے قبل، مدارس کی کثرت کا کیا حال تھا کہ ہزار دو ہزار پر نہیں سو دو سو پر نہیں بلکہ ہر چالیس آدمی پر ایک مدرسہ تھا، یہ تو مسلمانوں کے دور کے، ایک صوبہ کی کیفیت تھی، اس کا ذکر تو جانے دیجئے، شہروں اور ضلعوں کی تعلیمی حالت کا اندازہ ذیل کے اقوال سے کیجئے، ریونٹ وارڈ ۱۸۲۱ء میں بیان کرتا ہے کہ:-

"انڈیا ڈسٹرکٹ اسکولوں سے بھرا ہوا ہے۔ وہاں ہر ۳۱ لڑکوں پر ایک اسکول ہے"

صوبہ میں تو چالیس افراد پر ایک مدرسہ پڑتا تھا لیکن شہر میں آکر مدارس کے لحاظ سے، افراد کا اوسط کم ہو جاتا ہے اور صرف ۳۱ باقی رہتا ہے، خاص عالمگیرؒ کے "بدنام" دور

حکومت میں ہندوستان کی تعلیمی حالت کیا تھی ؟ اس کے متعلق کپتان الگزنڈر ہملٹن اپنے سفرنامہ میں لکھتا ہے کہ

"شہر ٹھٹھہ (سندھ) میں چار سو کالج مختلف علوم و فنون کے تھے"

آپ نے دیکھا پورے ہندوستان میں نہیں، پورے صوبہ میں نہیں، صوبہ کے ایک ایسے شہر میں جو دارالسلطنت سے تقریباً ہزار میل سے زیادہ دور ہے، ایک، دو نہیں، دس بیس نہیں، چار سو کی تعداد میں، مکاتب نہیں، مدرسے نہیں، اسکول نہیں، ہائی اسکول نہیں، مختلف علوم و فنون کے کالج موجود تھے۔ یہ تو عالمگیرؒ کے زمانہ کا حال تھا لیکن اس سے پہلے بھی ہر قائم ہونے والی حکومت نے تعلیم کی طرف پوری توجہ رکھی جس کا ثبوت آپ کو تاریخ مقریزی کے اوراق پیش کریں گے کہ سلطان محمد تغلق مرحوم کے زمانہ میں صرف دہلی میں ایک ہزار مدرسے تھے،

یہ تھا عہد حکومت اسلامی میں، ہندوستان کی تعلیمات کا ایک اجمالی خاکہ۔ کیا آج برطانیہ کے مہذب عہد میں تعلیمات کا نظام اتنا مکمل اور عام ہے جتنا اس زمانہ میں تھا۔ کیا آج مدارس کی اسی قدر کثرت ہے، اور کیا آج ہندوستان کے باشندے عام طریقہ پر تعلیم یافتہ ہیں۔ جیسے کہ پہلے تھے کیونکہ عام بچوں اور باشندوں کا تعلیم یافتہ ہونا صرف اسی وقت ہو سکتا ہے کہ کم از کم فی صدی پچاس سے زائد تعلیم یافتہ ہوتے ہیں۔ مگر یہ امر بقول مسٹر ہڈلو عہد قدیم میں موجود تھا۔ دور حاضر میں آج تک فیصدی دس بھی ہندوستان میں خواندہ نہیں ہو سکے۔ غرض معاملہ بالکل برعکس ہے، پہلے تعلیم عام تھی، اب جہالت

عام ہے۔

# ہندوستانیوں کی تعلیم سے دلچسپی

اب ہندوستان کی دنیا بدلتی ہے، مسلمانوں کی حکومت کا بیڑہ خود غرض یوروپین اقوام کی عیاریوں اور مکاریوں کے سمندر میں غرق ہوتا ہے، اور گوروں کی بادشاہت کا جھنڈا ہندوستان میں ہراتا ہے، شاید آپ خیال کر رہے ہوں کہ اس انقلاب حکومت نے ہندوستانیوں کے دل میں انقلاب پیدا کر دیا ہوگا۔ ان کی ذہنیتیں بدل گئی ہوں گی طبیعتوں کا رجحان کچھ اور ہو گیا ہوگا، اب نہ انہیں تعلیم سے دلچسپی ہو گی، نہ پڑھنے لکھنے کا شوق، جاہل رہنا اور جہالت میں زندگی بسر کرنا ان کی فطرت ہو گئی ہو گی، لیکن نہیں، تعلیم سے انہیں پوری دلچسپی ہے، پڑھنے پڑھانے کی تڑپ ان کے دل میں بدستور باقی ہے، جہالت سے نفرت، بیشک دماغ میں سمائی ہوئی ہے۔ ہاں ذرائع کا فقدان، وسائل کی قلت نے بے دست و پا کئے ہوئے ہے، حکومت دوسروں کے قبضہ میں ہے، خزانہ کی کنجیاں اغیار کے ہاتھوں میں ہیں، انتظامات کی باگ بیگانے لئے ہوئے ہیں، اس لئے دل کی تمنائیں پوری نہیں کر سکتے، یہ فقط دعویٰ ہی نہیں، بلکہ انگریزوں ہی میں سے بعض حق پسند طبیعتیں اس کا اقرار کر چکی ہیں کہ ہندوستانیوں کو تعلیم سے بڑی دلچسپی تھی اور ہے، چنانچہ جے۔ ڈی سونڈر لینڈ کہتا ہے کہ

ہندوستان میں جہالت کی تاریکی چھائی ہوئی ہے اس کی ذمہ داری بلاشک

انگریزوں کے سر ہے. چند ادنیٰ ترین فرقوں کے علاوہ سب علم کے خواہاں ہیں
اور حصول علم کی سچی آرزو رکھتے ہیں، ہندوستانی رہنما پچاس سال سے تعلیم تعلیم
پکار رہے ہیں لیکن یہ چیخ وپکار صدا بہ صحرا ثابت ہوتا ہے. انگریزوں کو
غیر ضروری پنشن دینے اور اس سے بدتر سلطنت کی خاطر غیر ضروری فوجی اور
دیگر مدات پر کثیر رقوم صرف کرنے کے بجائے اگر یہ روپیہ ہندوستانیوں کے مفاد
پر صرف کیا جائے تو ہندوستانیوں میں عام تعلیم کے اجراء کے لئے روپیہ
وافر ہے۔"

یہی نہیں بلکہ ہندوستانیوں نے اپنی غلامی و محکومی کی حالت میں، جبکہ وہ ہر طرح مفلس
و نادار تھے، کبھی اپنی گاڑھی کمائی سے بھی دریغ نہیں کیا اور تعلیم کے نام پر اپنے بچے کھچے
سرمایہ کو، جو ان کی زندگی کا سہارا تھا، برابر قربان کیا، جو ہندوستانیوں کی تعلیم سے
دلچسپی، اور علم کی سچی آرزو پر کھلی ہوئی دلیل ہے. چنانچہ مسٹر اڈورڈ ہیڈ جیف جسٹس میمونڈم
میں لکھتا ہے کہ

ہندوستانیوں نے میرے مکان پر مجھ سے ۴ مئی ۱۹۱۶ء میں ملاقات کی اور تعلیم
کے متعلق فریاد کی۔ وربت گفتگو اور کوششوں کے بعد انہوں نے خود سے پچاس
ہزار روپیہ اسی جگہ آپس میں چندہ کر کے جمع کر لیا. میں ان لوگوں کے طریقے کو
بغور دیکھتا رہا.

# تعلیم میں روڑے اٹکانے کا اقرار

جب ہندوستانیوں کی دلچسپی تعلیم سے اس قدر بڑھی ہوئی تھی اور ان کے قلوب تحصیل علوم کے لئے اس درجہ بے چین تھے، تو حکومت ہند کا فرض تھا کہ وہ ہندوستانیوں کی تعلیم کا نظم، ان کی دلچسپیوں سے کہیں بڑھ کر کرتی، تاکہ وہ جہالت کی تاریکیوں سے نکلیں، اور زیور تعلیم سے آراستہ ہو کر، مہذب و متمدن اقوام کی صف میں بازو سے بازو ملا کر کھڑے ہو سکیں، لیکن اس بدقسمتی کو کیا کیا جائے کہ حکومت کا نظریہ ہندوستانیوں کی تعلیم کے بارے میں کچھ اور ہی تھا، حکومت نے کبھی نہ چاہا کہ ہندوستان میں تعلیم کا چرچا ہو۔ ہندوستانی تعلیم کا ہتھیار اپنے ہاتھ میں لیں، ہندوستانی بچے پڑھ لکھ کر کسی قابل ہو سکیں خود انگریزوں کی شہادتیں ہمیں بتلا رہی ہیں کہ ہندوستان میں تعلیمی ترقی کی تجویز یا چراغ تو درکنار اس کا باقی رکھنا بھی ناجائز شمار کیا گیا، بلکہ برابر حکومت کی سعی یہی رہی ہے کہ ہندوستان سے تعلیم کو فنا کر دیا جائے اور یہاں کی آبادی کو جہالت کی تیرہ و تاریک گڑھوں میں مبتلا رکھا جائے، جو کچھ بھی تعلیم کا سلسلہ یہاں باقی رہ گیا تھا اس کو بھی فنا کر دیا گیا۔ چنانچہ سر تھومس مرٹن ۱۸۱۳ء میں ہاؤس آف کامنس میں کہتا ہے کہ

> ہندوستانیوں کو فائدہ کیا دو گے؟ تم نے ان لوگوں کے ملک کو خراب اور تباہ کو برباد کر دیا۔ ان کے شہزادوں کو قتل کیا، بے شک اپنی ذاتی حفاظت کے لئے تم نے ان لوگوں کو دھوکہ دیا اور جہالت میں مبتلا کر دیا۔

حقیقتاً یہ تخیل کس قدر تکلیف دہ ہے کہ ایک شخص دل و دماغ کا مالک ہے۔ تعلیم سے ذوق، پڑھنے لکھنے سے انتہائی دلچسپی رکھتا ہے۔ غرض تحصیل علم کی ساری صلاحیتیں اس میں موجود ہیں، لیکن مجبور ہے تعلیم حاصل نہیں کر سکتا۔ چنانچہ ڈسی بل کہتا ہے کہ

"جب میں ہندوستان کی جہالت کے متعلق سوچتا ہوں تو مجھے کارلائل کا وہ دردناک جملہ یاد آجاتا ہے کہ:-

"وہ انسان جو علم حاصل کرنے کے لائق ہے جاہل رہ جائے میرے نزدیک یہ ایک حادثہ ہے۔"

اگر ترقی تعلیم کے دروازے حکومت ہند کو ہم پر بند کرنے تھے تو بند کر دیے ہوتے کسی نہ کسی طرح صبر کر لیا جاتا، لیکن کیا کہا جائے کہ ایسے طریقے اختیار کئے گئے جس سے ہندوستانیوں کا علم فنا ہو گیا، علمی خزانے لٹ گئے اور ہماری استعدادیں، اور قابلیتیں ہماری ذکاوت و ذہانت سلب ہو گئی اب اگر ہم میں تعلیم سے دلچسپی ہے تو بیکار۔ علوم سے ذوق ہے تو بے فائدہ، اگر ہم پڑھنا بھی چاہیں تو نہیں پڑھ سکتے۔ چنانچہ آنریبل مسٹر الفنسٹن اور ایف. ڈی. رڈن نے ۱۸۱۳ء و ۱۸۲۳ء میں مسئلہ تعلیم پر ایک یادداشت مرتب کی تھی جس میں انہوں نے ذیل کے الفاظ میں اس نقصان کو تسلیم کیا ہے جو انگریزوں کی ذات سے ہندوستان کی تعلیم کو پہونچا ہے۔

"ہم نے ہندوستانیوں کی ذہانت کے چشمے خشک کر دیئے۔ اور ہماری فتوحات کی نوعیت ایسی ہے کہ اس سے نہ صرف یہ کہ تعلیمی ترغیب نہیں ہوتی بلکہ اس کا

قوم کا علم سلب ہوا جاتا ہے۔ اور علم کے پیچھے ذخیرے نیا منسب ہوتے جاتے ہیں
س الزام کو دفع کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ہونا چاہیئے؛

انگریزوں کے اسی تباہ کن رویہ نے ہندوستان کو جہالت کی ایسی تیرہ وتار بے منزل تک پہونچا دیا ہے جس سے نجات پانا دنیا کا سب سے زیادہ اہم اور مشکل کام ہے، چنانچہ سرڈ ہی ہنٹر کہتا ہے کہ

"اگر کبھی انگریزوں کو ہندوستان اسی طرح چھوڑنا پڑا، جس طرح رومن نے انگلستان کو چھوڑا تھا تو وہ ایک ایسا ملک چھوڑ جائیں گے۔ جس میں نہ تعلیم ہوگی نہ حفظان صحت کا سامان ہوگا۔ اور نہ ہی دولت ہوگی"

## حکومت نے ہندوستانیوں کو جاہل کیوں رکھا ؟

جب کوئی قوم کسی ملک پر قبضہ کرتی ہے تو اس کا پہلا فرض اور سب سے اہم نصب العین ملک کی فلاح وترقی ہی ہوتا ہے، کہ یہی آئین حکومت ہے۔ اگر کسی حکومت نے ملک کی فلاح وبہبود سے غفلت برتی، تو پھر اس کا تغافل زوال کی شکل میں نمودار ہوتا ہے، ملک کی ترقی ہی میں سلطنت کی پائیداری اور حکومت کی استواری کا راز مضمر ہے، اس اصول حکمرانی کی حیثیت سے انگریزوں کا فرض تھا کہ وہ ہندوستان کو ترقی دیتے، یہاں تعلیم کا اعلیٰ ترین نظام قائم کرتے، اور پھر خصوصاً جبکہ ہندوستانیوں کو تعلیم سے انتہائی شغف تھا، ملک کی جہالت، باشندوں کی نگاہ میں خار کی طرح کھٹک رہی تھی، بچوں کی بے علمی

ہندوستانیوں کو آٹھ آٹھ آنسو رلا رہی تھی۔ تو ایسے ملک میں جہاں کی فضا تعلیم کے لئے نہایت موزوں ہو، دلوں میں علم کا شوق اور دماغوں میں تعلیم کا سودا سمایا ہوا ہو، جہاں کے باشندوں میں پڑھنے پڑھانے کی بہترین استعداد اور اعلیٰ ترین صلاحیتیں موجود ہوں وہاں کے لوگوں کو علم سے محروم رکھنا، کیا انسانیت پر سب سے بڑا ظلم نہیں ہے؟ لیکن آپ نے گزشتہ صفحات کے مطالعہ سے معلوم کیا کہ حکومت ہند نے ترقی کے بجائے ملک کو تنزل کی گہرائیوں میں رکھ کر ہندوستانیوں کو تعلیم یافتہ بنانے کی جگہ، جاہل ہی رکھنا پسند کیا۔

اب آپ یقیناً حیرت میں مبتلا ہوں گے کہ اگر حکومت نے ہندوستانیوں کی دلچسپی اور ان کی تمناؤں کا لحاظ نہ رکھا نہ سہی، لیکن کم سے کم اپنی حکومت ہی کے استحکام کی خاطر ملک میں تعلیم کو ترقی دیتی، یہاں کے باشندوں کے لئے تعلیم کا انتظام کرتی، لیکن اس کو کیا کیجئے کہ حکومت کا تخیل ہی ہندوستانیوں کے بارے میں کچھ اور ہے۔ انگریزوں کی پالیسی کی مثال تو ہندوستان کے لئے ایسی ہی ہے جس طرح ایک بھوکا شیر اپنے شکار کو بری طرح چیر پھاڑ کر کھا جائے اور اس کا خیال بھی نہ کرے کہ مجھے کل بھی بھوک لگنے والی ہے، اگر آج اسے قرینہ سے کھایا تو کل بھی کام آئے گا۔

خواہ دنیا یہ سمجھتی ہو کہ ملک و قوم کی ترقی ہی حکومت کے عروج کا باعث ہوا کرتی ہے، لیکن حکومت کا نظریہ تو یہ ہے کہ موجودہ حکومت کی بقا بھی اسی وقت تک ہے جب تک ہندوستان کی فضا جہالت سے تاریک ہے اور جس روز ہندوستان میں تعلیم پھیلی، اسی روز حکومت کا خاتمہ ہو جائے گا۔ کیونکہ پڑھ لکھ کر وہ آزادی اور غلامی کے مفہوم کو سمجھیں گے۔ انہیں اپنی

قوت کا احساس پیدا ہوگا۔ علم سے ان کے باہمی تفرقے دور ہو جائیں گے اور پھر "لڑاؤ اور حکومت کرو"، کی پالیسی کا نفاذ مشکل ہو جائے گا۔ جس پر گوروں کی حکومت کی بنیاد قائم ہے۔ یہ داستان غم اپنی طرف سے نہیں کہی جا رہی ہے بلکہ خود ایک انگریز ایکنس سمیڈرے نامی لکھتا ہے کہ

"جب کوئی قوم یا ملک غلام بنایا جاتا ہے تو فاتح سب سے پہلے یہ کام کرتا ہے کہ تعلیم کو تباہ کر دیتا ہے۔ یہ بہت بری طرح سے انتقام کرتا ہے، چونکہ علم اور غلامی ساتھ ساتھ نہیں رہ سکتیں"

اب خود ہی انصاف فرمائیے کہ اگر ہندوستان میں تعلیم جاری کی جاتی، تو یہاں کے باشندے، انگریزوں کی غلامی کس طرح کرتے، ڈیوک آف ڈیون سائر، اسی نظریہ کو ان الفاظ میں ظاہر کرتا ہے کہ

"یہ غیر دانشمندانہ فعل ہے کہ ہندوستانی زیور علم سے آراستہ کیے جائیں، جدید تہذیب جدید ترقی، جدید علم و ادب سے انہیں سیراب کیا جائے اور پھر ان سے یہ بھی کہا جائے کہ ملکی معاملات میں حصہ لینے کا بجز اس صورت کے، انہیں کبھی موقع نہیں ملیگا کہ وہ پہلے اپنے یورپین حکمرانوں سے چھٹکارا حاصل کریں"

سر ولیم ڈگبی، پراسپرس انڈیا میں، میجر جنرل سمتھ، کے، سی، بی، کی شہادت درج کرتے ہیں۔ جس سے ہندوستانیوں کی تعلیم کے متعلق۔ حکومت کا تخیل نمایاں ہو کر ہمارے سامنے آجاتا ہے کہ

سوال نمبر ۵۶۳۔ کیا آپ کسی طرح اس کی روک کر سکتے ہیں کہ دیسیوں کو، ان کی طاقت کا علم نہ ہو؟

جواب۔ میرے خیال میں انسانی تاریخ میں کوئی ایسی نظیر نہیں ملتی کہ محدودے چند غیر رعیت وڑا باری کے ملک پر حکمرانی کر سکیں، جیسے آج کل راٹے کی بادشاہت کرتے ہیں، اس لئے جو میں وہ تعلیم یافتہ ہو جائیں گے تو تعلیم کے اثر سے ان کے قومی اور مذہبی تفرقے دور ہو جائیں گے، جس کے ذریعہ سے ہم نے اب تک اس ملک کو اپنے قبضہ میں رکھا ہے۔ یعنی مسلمانوں کو ہندوؤں کے خلاف۔ اور علی ہذالقیاس تعلیم کا یہ اثر ضروری ہو گا کہ ان کے دل بڑھ جائیں گے، اور انہیں اپنی طاقت سے آگاہی ہو جائے گی۔

یہ ہے ہندوستانیوں کی تعلیم کے بارے میں، حکومت کا نظریہ۔ اور یہ ہے ہماری اور آپ کی جہالت کی مختصری کہانی!

---

# تاریخِ تعلیم

ایک عرصہ تک ہندوستان تعلیم کے مسئلہ میں کورا رہا لیکن کسی قوم کے جذبات کی پامالی اور تمناؤں کا خون آسان کام نہیں، گورنمنٹ نے کچھ خطرات محسوس کئے اور ہندوستانیوں کی تعلیمی دلچسپیوں نے یہ بتایا کہ اگر تعلیم کا انتظام نہ کیا گیا تو یقیناً کچھ

عرصہ کے بعد ایک زبردست انقلاب رونما ہوگا۔ جو انقلاب تعلیم کے نام سے مشہور ہوگا۔ اور اس کی حیثیت کبھی بھی تحریک عدم ادائے لگان اور ترک موالات سے کم نہ ہوگی۔

یہ وہ زمانہ تھا کہ جب ہندوستان کے دفتر کی زبان فارسی تھی۔ انگریزی کا چرچا بالکل نہ تھا۔ اس زمانہ میں مسلمانوں کے علاوہ ہندوؤں میں بھی وہی شخص تعلیم یافتہ سمجھا جاتا تھا جو فارسی بہترین جاننے والا ہو۔ فارسی کے علاوہ بہت سے ہندو عربی بھی پڑھتے تھے۔ ان وجوہات کی وجہ سے اور نظام سلطنت کی خاطر، گورنمنٹ مجبور ہوئی کہ فارسی کو جاری رکھے۔ اس کے علاوہ معاہدہ اور ہندوستانیوں کے مشترکہ جذبات نے ایک عرصہ تک انگریزوں کو اس پر مجبور رکھا کہ مسلمانوں کے مقدمات مولویوں کے سپرد ہوں اور ہندوؤں کے معاملات پنڈتوں کے حوالے کئے جائیں اس لئے انگریزوں کو، مولویوں کی ضرورت تھی، مگر ایسے جو ان کے اشاروں پر چل سکیں پنڈتوں کی حاجت تھی مگر ایسے جو انگریزوں کی زبان بن سکیں ان وقتی مصلحتوں اور انتظامی ضرورتوں کی بناء پر، ڈھاکہ، کلکتہ، آگرہ اور دہلی میں عربی اور فارسی تعلیم کے لئے، اور بنارس میں سنسکرت کی تعلیم کے لئے کالج قائم کئے گئے ان کالجوں کے اساتذہ کی تنخواہوں کا معیار تقریباً وہی تھا۔ جو اس زمانہ میں منصفوں، اور ڈپٹی کلکٹروں کا تھا تاکہ معمولی قابلیت اور کم تنخواہ کے اساتذہ کی وجہ سے کالج بدنام نہ ہوں۔

اس کے بعد انگلستان میں یہ موضوع زیر بحث آیا کہ ہندوستان میں گورنمنٹ کو، انگریزی تعلیم کی اشاعت پر روپیہ صرف کرنا چاہیئے، یا عربی، فارسی سنسکرت پر، ایک

جماعت کا خیال تھا کہ عربی فارسی تعلیم کا سلسلہ جاری رہے، لارڈ میکالے، اور ان کی جماعت کہتی تھی کہ ہندوستان میں انگریزی تعلیم جاری کی جائے گفت و شنید کے بعد فتح کا سہرا لارڈ میکالے کے سر بندھا، اور ہندوستان میں عربی اور فارسی کو فنا کرنے اور انگریزی تعلیم کی اشاعت کی تجویز منظور ہوگئی۔

چنانچہ ہندوستان کے مختلف مرکزی مقامات پر گورنمنٹ کے خرچ سے انگریزی تعلیم کے لئے چند کالج اور کچھ اسکول قائم کئے گئے۔

پھر ۱۸۱۶ء میں راجہ رام موہن رائے نے ایک انگریز گھڑی ساز کی معیت میں ہندو کالج کلکتہ کی بنیاد رکھی اور ۱۸۳۵ء میں مغربی سائنس سے ہندوستان کو متاثر کرنے کے لئے میڈیکل کالج کھولا گیا۔ لیکن ان تمام انتظامات کی حیثیت مسٹر الفنسٹن کے اس قول سے زائد نہ تھی کہ "یہاں کی تعلیم کو برباد کرنے کا واقعی الزام جو انگریزوں پر ہے اس کو رفع کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ ہونا چاہیئے"، اب تک جس نظارے پر نظام تعلیم قائم کیا گیا تھا وہ یقیناً "کچھ نہ کچھ" سے زائد نہ تھا۔

اس کے بعد مسیحی مشنریاں، انگریزی تعلیم کے رواج کے لئے، سر توڑ کوشش کرتی رہیں، جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ ۱۸۳۵ء میں پریس ایکٹ پاس ہوا اور ۱۸۳۷ء میں عدالتوں کی زبان فارسی کے بجائے، انگریزی قرار دی گئی، اور ۱۸۳۹ء میں یہ احکام صادر کئے گئے کہ سرکاری ملازمتوں میں انگریزی خواں امیدواروں کو ترجیح دی جائے گی۔

اس طریقے پر ہندوستان کی قدیم تعلیم کو فنا کے گھاٹ اتار دیا گیا، عربی، فارسی، سنسکرت

کو دفن کر دیا گیا اور یہاں کے قدیم تعلیم یافتہ بے کار محض بنا کر چھوڑ دیئے گئے، اب گورنمنٹ
کے سامنے صرف یہ چیز تھی کہ انگریزی تعلیم کو ہندوستان میں رائج کیا جائے اور اس کے
ذریعہ اپنے خیالات کی اشاعت ملک کے باشندوں میں کی جائے اس لئے عدالتی زبان
خلاف معاہدہ انگریزی کر دی گئی اور ملازمتوں میں انگریزی تعلیم یافتوں کو ترجیح دی گئی۔

ان حالات کے تحت گورنمنٹ کی پالیسی یہ ہوئی کہ ہندوستان میں کثرت سے انگریزی
سکول قائم کئے جائیں تاکہ سرکاری ملازمتوں کے لئے کم سے کم تنخواہ پر آسانی کے ساتھ
کثیر تعلیم یافتہ ہندوستانی دستیاب ہو سکیں۔

باوجودیکہ اس زمانہ میں لائق انگریزی پڑھنے والے کافی تعداد میں نہ مل سکتے تھے
لیکن پھر بھی کثرت سے مڈل اور ہائی اسکول قائم کئے گئے اور ان اسکولوں کے ہیڈ ماسٹر
ایسے مقرر کئے گئے جن کی تعلیم انٹرنس تک تھی، اور بہت سے ایسے بھی تھے جنہیں انٹرنس
پاس کرنے کا بھی اتفاق پیش نہ آیا تھا اور ان اسکولوں کے بقیہ ماسٹروں کی یہ کیفیت تھی
کہ انہوں نے انگریزی کی صرف ابتدائی دو ایک کتابیں پڑھی تھیں، جس کا نتیجہ یہ تھا کہ
رات کو ہیڈ ماسٹر سے پڑھ لیتے تھے اور صبح کو وہی سبق اپنی جماعت کو پڑھا دیا کرتے
تھے۔

اس زمانہ میں جو کتابیں نصاب تعلیم میں داخل تھیں، ان کی زبان بہت زیادہ سہل
ہوا کرتی تھی اور انگریزی گرامر کی جگہ ان کا ترجمہ پڑھایا جاتا تھا، انگریزی تعلیم کو اس طرح
ترقی دی گئی، کہ جب نارتھ ویسٹرن ریلوے، جس کا نام اس زمانہ میں، سندھ، پنجاب دہلی

ریلوے تھا، ابتداءً جاری ہوئی تو ہیڈ ماسٹروں کے پاس حکم آیا کہ ایسے طالب علم جو، انگریزی کے ہندسے، آدمیوں اور شہروں کے نام لکھ سکتے ہوں اور پندرہ بیس روپئے پر کلرکی کرنا چاہیں ان کو بھیجدیا جائے۔ اس حوصلہ افزائی نے مفلس ہندوستانیوں کا رخ انگریزی تعلیم کی طرف پھیر دیا۔

دوسری طرف فارسی اور اردو کی تعلیم کو بے وقعت بنانے کا طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ فارسی اور اردو پڑھانے والے مدرسین کی تنخواہ بیس روپے سے پچاس روپئے ماہوار تک مقرر کی گئی اور اسکولوں اور کالجوں میں نہایت ناقابل ماسٹروں کو سو اور سو سے زائد تنخواہیں دی گئیں جس کا اثر فارسی اور اردو کی بربادی کے ساتھ یہ ہوا کہ مولوی ہر انگریز اور انگریزی داں کے سامنے جھکنے لگا۔

ایک عرصہ تک کالجوں اور اسکولوں میں، اردو کے ذریعہ تعلیم ہوتی رہی، چنانچہ انجینرنگ کالج رڑکی اور آگرہ کے میڈیکل اسکولوں میں اردو ہی کے ذریعہ تعلیم شروع کی گئی، رڑکی کالج میں انگریزی کی صرف اس قدر ضرورت تھی کہ طالب علم ہندسے آدمیوں اور شہروں کے نام لکھ سکیں، اور انجینرنگ کی اصطلاحات انہیں انگریزی میں یاد ہوں، اسی طرح میڈیکل ہائی اسکول آگرہ میں انگریزی صرف اس قدر پڑھائی جاتی تھی کہ دواؤں کے انگریزی نام یاد ہو جائیں اور انگریزی میں نسخہ لکھنا اور پڑھنا آجائے، لیکن آہستہ آہستہ اس بچی کچی اردو کو بھی فنا کر دیا گیا اور ذریعہ تعلیم بھی انگریزی زبان قرار پا گئی۔

غرض اسی طرح مخصوص اغراض کے ماتحت پوری قوت کے ساتھ۔ انگریزی تعلیم کو ہندوستان

میں پھیلایا گیا، ور مختلف مقامات پر یونیورسٹیاں قائم کی گئیں اس کے بعد ۱۹۰۴ء میں انڈین یونیورسٹی ایکٹ پاس کیا گیا جس کا مقصد یونیورسٹیوں کو حکومت ہند کے ماتحت کرنا تھا۔ پھر ۱۹۱۰ء میں محکمہ تعلیم جاری کیا گیا۔ جس کا نمائندہ اگزکٹو کونسل میں اس کی ترجمانی کر سکتا ہے۔ محکمہ تعلیم کا پہلا وزیر مسٹر ہارکوٹ بٹلر تھا،

اس کے بعد ۱۹۲۳ء میں اخراجات کی کفایت کے خیال سے، زراعت، دھگان کی محکمہ جات محکمہ تعلیم میں مدغم کر دیئے گئے۔

یہ تھی اشاعت تعلیم کی اجمالی تاریخ۔ اب اگلے صفحات سے اس کی تفصیلات معلوم ہونگی اور یہ بتلایا جائے گا کہ ہندوستان کی آبادی اور یہاں کی تمدنی پر نظر ڈالتے ہوئے۔ دیہی تعلیمی ضروریات کو پیش نظر رکھتے ہوئے تعلیمی انتظامات کس حد تک کئے گئے۔ حکومت ہند کے قائم کردہ نظام تعلیم سے ہندوستانیوں کو کہاں تک فائدہ پہنچا؟ اور سارے انتظامات کے باوجود یہاں کے کتنے باشندے جاہل رہے؟

## تعلیمات سے حکومت کی عدم توجہی

اگر کسی ملک میں تعلیم ترقی پر ہو اور تعلیمی معیار ہر جگہ یکساں ہو تو آبادی ہی کی کمی وزیادتی کی بنا پر تعلیم یافتوں کا اوسط گھٹتا اور بڑھتا رہتا ہے۔ مثلاً اگر کسی صوبہ کی آبادی زیادہ ہے تو وہاں کے تعلیم یافتوں کی تعداد بھی زیادہ ہوگی اور فیصدی اوسط بھی زیادہ نکلیگا اور اگر کسی صوبہ یا ضلع کی آبادی کم ہے۔ تو وہاں کے تعلیم یافتوں کی تعداد بھی کم ہوگی، نیز

تعلیم کی ضرورت ہر انسان کو ہے، کسی انسان کو تعلیم سے محروم رکھنا، انسانیت کے گلے پر چھری پھیرنا ہے، تو یقیناً جب کوئی حکومت نظام تعلیم قائم کرے گی، تو اس کا پہلا فرض یہ ہوگا کہ اس ملک کی آبادی پر نظر ڈالتے ہوئے ایسا نظام جاری کرے جس سے اس ملک کے تمام افراد یکساں طریقہ پر سیراب ہو سکیں۔ مثلاً اگر کسی ضلع کی آبادی دس ہزار ہے اور کم سے کم دس مدرسے اس ضلع کی تعلیمی ضرورت کو پورا کر سکتے ہیں تو یقیناً جس ضلع کی آبادی بیس ہزار ہوگی، وہاں کم سے کم بیس مدرسے تعلیمی ضروریات کی کفالت کر سکیں گے، اسی لئے ایک بڑی آبادی کا ضلع، اپنی آبادی کی کثرت، اور نظام تعلیم کی وسعت کی بنا پر تعلیمی اوسط زیادہ پیش کرے گا۔ اس اصول کی بنا پر چاہیئے تو یہ تھا کہ اگر بڑی آبادی والے ضلع کے تعلیمی اوسط کو تھوڑی آبادی والے ضلع پر منطبق کیا جائے تو وہ اوسط قلیل آبادی پر منطبق نہ ہو، بلکہ زیادہ پڑے، لیکن آپ کو اگلے صفحات بتلائیں گے کہ اگر کسی کثیر آبادی کے ضلع کے تعلیمی اوسط کو کسی چھوٹے ضلع کی قلیل آبادی پر پھیلایا جائے، تو زیادہ پڑنا تو بڑی چیز ہے وہ اوسط اس قلیل آبادی کے لئے بھی ناکافی ہے۔

اسی مقصد کی وضاحت کے لئے، ذیل کے اعداد و شمار اس طریقے سے مرتب کئے گئے ہیں کہ ہندوستان کے ہر ایک صوبہ سے ایک ایسے ضلع سے انتخاب کیا گیا ہے جس کی آبادی اس صوبہ کے تمام ضلعوں سے کم ہے اور پھر اسی صوبہ سے ایک ایسا ضلع منتخب کیا گیا ہے جس کا تعلیمی اوسط، اس صوبہ کے تمام ضلعوں سے زیادہ ہے، پھر اس بڑے اوسط کو، اس تھوڑی آبادی پر پھیلا کر یہ بتلایا گیا ہے کہ صوبہ کے سب سے بڑے تعلیمی اوسط کو، مناسب

بڑے تعلیمی اوسط کو، سب سے کم آبادی کا تعلیمی اوسط فرض کرنے کے بعد بھی اس کم سے کم آبادی والے ضلع میں، اتنی تعداد جاہل رہتی ہے، جس سے یہ واضح ہوجاتا ہے کہ گورنمنٹ کی کوئی خاص توجہ تعلیم کی طرف نہیں ہے،

**صوبہ بنگال** صوبہ بنگال ضلع سکم کی آبادی، تمام ضلعوں سے کم ہے یعنی (۸۷۲۱) اور بنگال کے تمام ضلعوں میں، انگریزی خواندوں کا سب سے بڑھا ہوا اوسط فیصدی کلکتہ کا ہے یعنی (۲ء۱۲) اور سکم میں انگریزی خواندوں کا فیصدی اوسط (۳۳ء) ہے لیکن اگر کلکتہ کے اوسط کو سکم کا اوسط فرض کر لیا جائے جب بھی سکم میں (۶۱۵۵) افراد غیر تعلیم یافتہ باقی رہتے ہیں۔

**صوبہ متحدہ** صوبہ متحدہ میں دہرہ دون کی آبادی تمام ضلعوں سے کم ہے۔ یعنی (۲۱۲۲۴۳) اور اسی ضلع میں تعلیم یافتوں کا فی صدی اوسط تمام ضلعوں سے زیادہ ہے یعنی (۴ء۱۱) اور اسی طرح انگریزی تعلیم یافتوں کا فی صدی اوسط بھی، صوبہ متحدہ کے تمام ضلعوں میں دہرہ دون ہی کا بڑھا ہوا ہے یعنی (۳ء۳) اور باوجودیکہ دہرہ دون میں کیمبرج کی شاخ، اور محکمہ جنگلات بھی ہیں، جس کی بنا پر دہرہ دون کے تعلیم یافتوں میں ایک بڑی تعداد ایسے لوگوں کی شامل ہے جو وہاں کے باشندے نہیں ہیں۔ لیکن پھر بھی تعلیم یافتوں کے اوسط کا لحاظ رکھتے ہوئے دہرہ دون میں (۱۸۸۰۴۷) افراد جاہل باقی رہتے ہیں اور انگریزی تعلیم یافتوں کا اوسط سامنے رکھنے کے بعد ..... (۲۲۳۹۰۲) کی تعداد انگریزی نہ پڑھنے والوں کی باقی رہتی ہے۔

صوبہ متحدہ میں یہ اتفاقی امر پیش آیا کہ دہرہ دون کی آبادی بھی تمام ضلعوں سے کم
ہے، ور اسی کا تعلیمی اوسط سارے ضلعوں سے بڑھا ہوا ہے - اس لئے گر دہرہ دون
سے قطع نظر کرکے دیکھا جائے تو صوبہ متحدہ میں سب سے کم آبادی نینی تال کی ہے یعنی
(۲۷۶۸۷۵) اور سب سے بڑھا ہو، خواندوں کا، وسط ضلع کھیری کا ہے یعنی (۱ر۱۹)
ور انگریزی تعلیم یافتوں کا وسط فیصدی سب سے زیادہ بنارس کا ہے یعنی (۳۶ر۱)
لیکن اگر ضلع کھیری کے اوسط کو نینی تال کا تعلیمی اوسط فرض کرلیا جائے جب بھی نینی تال
میں (۲۵۱۷۸۱) جاہل باقی رہتے ہیں اور اگر بنارس کا فیصدی اوسط نینی تال پر منطبق
کیا جائے تو پھر بھی نینی تال میں (۲۷۳۱۱۰) انگریزی نہ پڑھنے والوں کی تعداد باقی رہتی
ہے۔

## صوبہ آسام

سب سے کم آبادی ضلع بپی پاڑہ کی ہے یعنی (۳۸۱۹۰) انگریزی تعلیم یافتوں کا فیصدی اوسط، سب سے زیادہ ضلع سب ساگر کا ہے یعنی (۳۶ر۱)،
لیکن سب ساگر کے اوسط کو، بپی پاڑہ کا اوسط قرار دیا جائے، جب بھی باپی پاڑہ میں انگریزی
نہ جاننے والوں کی تعداد (۳۵۵۹۰) باقی رہتی ہے

## صوبہ مدراس

مدراس میں سب سے کم آبادی ضلع اجنگو کی ہے یعنی (۵۹۱۸۰) اور خواندہ کا سب سے بڑھا ہوا اوسط فیصدی شہر مدراس کا ہے۔ یعنی
(۳۲ر۰۰) اس لحاظ سے، مدراس شہر کے تعلیم یافتہ کی تعداد، اجنگو کی آبادی سے بمقدار
(۴۹۷۷) زیادہ ہے۔ لیکن انگریزی تعلیم دجو مدراس کا خصوصی امتیاز ہے اکا فیصدی اوسط

بھی مدراس شہر کا سب سے زیادہ ہے یعنی (۱۰ر۱۱) لیکن اگر مدراس شہر کے اوسط کو اجنگو
کا اوسط فرض کرلیا جائے جب بھی اجنگو میں (۵۲۹۲) ناخواندہ باقی رہتے ہیں جن کی تعلیم
کا نظم حکومت نے نہیں کیا،

**صوبہ بہار**

بہار میں سب سے کم آبادی چھوٹا ناگپور کی ہے یعنی (۱۵۲۴۹۷) نا
خواندہ کا اوسط سب سے زیادہ ضلع پٹنہ کا ہے یعنی (۸ر۷) اور انگریزی
تعلیم یافتوں کا اوسط بھی پٹنہ ہی میں زیادہ ہے یعنی (۱ر۰۳) تو فیصدی اوسط خواندہ کا
لحاظ کرتے ہوئے چھوٹا ناگپور میں (۱۳۹۱۹۰) افراد جاہل باقی رہتے ہیں اور انگریزی داں
کا اوسط سامنے رکھنے کے بعد، چھوٹا ناگپور میں (۱۵۰۹۲۶) افراد انگریزی نہ جاننے والے
باقی رہتے ہیں۔

**صوبہ بمبئی**

صوبہ بمبئی میں سب سے کم آبادی ضلع بھڑوچ کی ہے یعنی (۱۳۰۴۲۰) صرف
خ واندہ سب سے زیادہ شہر بمبئی میں ہیں جن کا اوسط (۱ر۲۴) ہے۔ انگریزی
داں کا فیصدی اوسط بھی سب سے زیادہ شہر بمبئی ہی کا ہے یعنی ۴ر۹، لیکن صرف خواندہ
کے فیصدی اوسط کے لحاظ سے، ضلع بھڑوچ میں (۹۹۳۹۹) افراد بالکل جاہل ہیں۔ اور انگریزی
خواں کا اوسط فیصدی دیکھتے ہوئے (۱۱،۹۹) افراد ضلع بھڑوچ میں انگریزی نہ جاننے والے
باقی رہتے ہیں۔

**صوبہ پنجاب**

صوبہ پنجاب کے تمام ضلعوں میں شملہ کی آبادی کم ہے یعنی (۲۵۳۲۶)
اور انگریزی تعلیم یافتہ کا فیصدی اوسط بھی سب سے زیادہ شملہ ہی میں

ہے یعنی (۱۰ر۱۰) لیکن پھر بھی (۴۰۲۹۶) باشندگان شملہ جاہل ہیں۔ باوجودیکہ شملہ کو ہندوستان میں جو حیثیت حاصل ہے وہ کوئی معمولی چیز نہیں ہے۔

**صوبہ متوسط و برار** برار میں سب سے کم آبادی نرسنگھ پور کی ہے یعنی (۳۱۵۱۶۲) اور صرف خواندہ سب سے زیادہ جبل پور میں ہیں جن کا اوسط (۲ر۷) ہے اور انگریزی تعلیم یافتہ کا وسط سب سے زیادہ ناگپور میں ہے یعنی (۵۳ر۱) تو اگر جبل پور کے فیصدی وسط کو، نرسنگھ پور کا اوسط قرار دیا جائے جب بھی نرسنگھ پور میں (۲۹۱۲۱۸) آدمی جاہل مطلق باقی رہتے ہیں اور اگر ناگپور کا اوسط نرسنگھ پور میں فرض کیا جائے تو نرسنگھ پور کے (۳۱۰۳۴۱) باشندے انگریزی نہ جاننے والے ہیں۔

**صوبہ برہما** صوبہ برہما میں سب سے کم آبادی ضلع پوناوکی ہے یعنی (۳۷۶۷) اور صرف خواندہ کی سب سے بڑی تعداد شہر مانڈلے میں ہے جس کا اوسط فیصدی (۴۸ر۴۸) ہے اور انگریزی داں سب سے زیادہ رنگون میں ہیں جن کا اوسط فیصدی ... (۵۷ر۱۰) ہے، تو اگر منڈلے کا اوسط پوناؤ میں منتقل کردیا جائے۔ جب بھی جاہلوں کی تعداد پوناؤ میں (۲۹۱۹) رہتی ہے، اور اگر رنگون کا اوسط پوناؤ میں فرض کیا جائے تو پھر بھی (۳۵۵۹) افراد پوناؤ میں انگریزی نہ جاننے والے ہیں۔

**صوبہ سرحد** صوبہ سرحد میں سب سے کم آبادی سرحدی چوکیات کی ہے اور صرف خواندہ کی تعداد بھی یہیں تمام ضلعوں سے زیادہ ہے جن کا اوسط فیصدی (۲۳ر۵) ہے اور انگریزی داں کا فیصدی اوسط بھی یہیں سب سے زیادہ ہے یعنی (۳۴ر۱۲)

لیکن صرف خواندہ اوسط فیصدی کے لحاظ سے سرحدی چوکیات میں (۹۴۵۱۳) افراد بالکل جاہل ہیں اور انگریزی خواں کا فیصدی اوسط سامنے رکھنے کے بعد (۴۱۰۰۰) آدمی سرحدی چوکیات میں انگریزی نہ جاننے والے ہیں۔

## صوبہ بلوچستان

بلوچستان کے تمام ضلعوں میں سب سے کم آبادی بولان کی ہے اور صرف خواندہ ضلع لورالائی میں زیادہ ہیں جن کا فیصدی اوسط (۱٫۳۲۲) ہے اور انگریزی داں کی سب سے بڑی تعداد ضلع کوئٹہ میں ہے جن کا فیصدی اوسط (۲۴٫۵) ہے لیکن اگر ضلع لورالائی کا اوسط بھی ضلع بولان پر پھیلایا جائے تو بولان میں (۹،۷،۲) جاہلوں کی تعداد نکلتی ہے، اور اگر کوئٹہ کے اوسط کو بولان کا اوسط فرض کر لیا جائے تو کوئٹہ کے انگریزی تعلیم یافتوں کی تعداد، ضلع بولان کی آبادی سے (۱۹۵) کی تعداد میں بڑھ جاتی ہے لیکن اس کا بھی خیال رہے کہ کوئٹہ میں ہندوستان کی ایک بہت بڑی چھاؤنی ہے، اس لئے یہاں کے انگریزی تعلیم یافتوں میں بہت بڑی تعداد غیر باشندوں کی شامل ہے،

مذکورہ بالا اعداد و شمار میں کہیں "صرف خواندہ" کا اوسط دکھایا گیا ہے اور کہیں انگریزی تعلیم یافتہ کا، لیکن کہیں یہ نہ ذہن میں آئے کہ یہ سب کچھ حکومت کے قائم کردہ نظام تعلیم کا اثر ہے۔ "صرف خواندہ" کے فیصدی اوسط میں زیادہ دخل خانگی تعلیموں اور مجی درسگاہوں کو ہے جن کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں، ہاں انگریزی تعلیم یافتوں کے اوسط کا بڑا حصہ حکومت کے نظام تعلیم سے پیدا ہوتا ہے، لیکن اس میں بھی ان پرائیویٹ اسکولوں کو

دلیل ہے۔ جن کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں۔ ذیل کے اعداد و شمار سے معلوم ہوگا کہ صرف صوبہ پنجاب کے پرائیویٹ اسکولوں اور نجی درسگاہوں میں پڑھنے والے مسلمان، ہندو اور سکھ طلبہ کی کیا تعداد ہے جن کا حکومت کے نظام سے کوئی تعلق نہیں

## نقشہ مظہر تعداد پرائیویٹ و نجی درسگاہیں تعداد مسلم و ہندو و سکھ طلبہ صوبہ پنجاب

| تفصیل مدارس | تعداد مسلم طلبہ | تعداد ہندو و سکھ طلبہ | کمی بیشی کی تقریبی بلحاظ مقدار بیت |
|---|---|---|---|
| ابتدائی مدارس | ۱۲۳۹۷۶ | ۱۶۱۶۳۴ | مسلمان ۱/۲ زیادہ ہیں |
| ثانوی مدارس | ۱۰۰۳۵۶ | ۱۸۲۹۸۳ | مسلمان ۵/۸ کم ہیں |
| اعلیٰ درجات | ۳۴۲۶۳ | ۲۳۰۰۹ | مسلمان ۱/۲ گنا زیادہ ہیں |

اسی سے ہندوستان کے اور صوبوں کا اندازہ لگایا جا سکتا ہے، اس لئے جو اعداد و شمار پیش کئے گئے ہیں ان میں سے تعلیم یافتوں کا انتخاب کیا جائے، جنہوں نے حکومت کے نظام تعلیم سے فائدہ اٹھایا ہے اور نجی درسگاہوں اور پرائیویٹ اسکولوں سے انہیں کوئی واسطہ نہیں رہا تو خواندہ اور انگریزی داں، دونوں کی تعداد بہت ہی کم ہو جائیگی اور سرسری اندازہ سے تعلیمی وسطیت کم نکلے گا۔ اور کم آبادی والے ضلعوں میں جو تعداد بدوں کی نکالی گئی ہے۔ اس سے کہیں زیادہ ہو جائے گی۔

ان تفصیلات سے یقیناً معلوم ہو گیا کہ حکومت نے ایک بڑی سے بڑی آبادی کے لیے
جو اعلیٰ سے اعلیٰ نظامِ تعلیم قائم کیا ہے وہ چھوٹی سے چھوٹی آبادی کے لیے قطعاً ناکافی ہے

# تعلیمی حالت صوبہ وار

ذیل کے اعداد و شمار سے معلوم ہوگا کہ ہندوستان کے صوبوں میں ہندو مرد اور
عورتوں کا فی ہزار تعلیمی وسط کیا ہے؟ اور مسلمان مرد اور عورتوں کا فی ہزار تعلیمی وسط کیا
ہے؟

(مکمل نقشہ صفحہ ۳۱ پر ملاحظہ فرمائیے)

## نقشہ مظہر تعلیمی حالت صوبہ وار فی ہزار

| صوبہ | ہندو | | مسلمان | |
|---|---|---|---|---|
| | مرد | عورت | مرد | عورت |
| اجمیر مارواڑ | ۱۴۰ | ۱۵ | ۱۸۷ | ۱۸ |
| آسام | ۱۱۶ | ۱۸ | ۸۵ | ۵ |
| بنگال | ۲۶۸ | ۳۶ | ۱۰۹ | ۶ |
| بہار اور اڑیسہ | ۱۰۱ | ۶ | ۹۹ | ۸ |
| بمبئی | ۱۱۵ | ۲۱ | ۱۱۳ | ۱۵ |
| برما | ۲۸۸ | ۸۶ | ۳۰۳ | ۸۷ |
| صوبہ متوسط | ۸۰ | ۸ | ۲۲۵ | ۲۷ |
| دہلی | ۱۵۰ | ۲۶ | ۱۹۳ | ۳۱ |
| مدراس | ۱۷۰ | ۲۱ | ۲۰۱ | ۱۸ |
| صوبہ سرحد | ۲۴۶ | ۹۸ | ۳۳ | ۲ |
| پنجاب | ۱۱۳ | ۱۱ | ۳۷ | ۴ |
| یوپی | ۷۱ | ۶ | ۷۳ | ۸ |
| | | | | |

# مختلف صوبوں میں بالغوں کی تعلیم

ہندوستان میں کثرت سے ایسے افراد موجود ہیں جن کی عمر زیادہ آچکی، مگر زمانہ نے پڑھنے پڑھانے کا موقعہ نہیں دیا اور کثیر تعداد ایسی بھی ہے، جو محنت و مزدوری کرنے کی بنا پر، دن کو اسکولوں میں تعلیم حاصل نہیں کرسکتی اس قسم کے لوگوں کے لئے انتظامات کئے جارہے ہیں، لیکن اب تک کئی صوبوں نے غیر تعلیم یافتہ مُسن اشخاص کی تعلیم گاہوں اوران مدارس شبینہ میں جہاں ایسے لوگوں کو تعلیم دی جاتی ہے، جو دن میں تعلیم نہیں پاسکتے کوئی امتیاز نہیں رکھا، اس لئے تفصیلی اعداد وشمار کا درج کرنا مشکل ہے ذیل کے اعداد وشمار میں صوبجات، بمبئی، پنجاب، برما اور متوسط ایسے ہیں جہاں کے مدرس صرف بالغ اشخاص کے لئے مختص ہیں ودوسرے صوبجات کے مدارس ہیں بالغ اشخاص کے ساتھ، بچوں کو بھی شریک کرلیا جاتا ہے۔

نقشہ صفحہ ۳۳ پر ملاحظہ فرمائیے

# نقشہ مظہر تعداد مدارس شبینہ اور اُن کے متعلمین

| نام صوبہ | تعداد مدارس | تعداد متعلمین |
| --- | --- | --- |
| مدراس | ۵۲۸۶ | ۱۳۶۶۲۶ |
| بمبئی | ۱۹۱ | ۷۷۳۰ |
| بنگال | ۱۴۴۵ | ۲۷۷۷۳ |
| پنجاب | ۳۳۰۹ | ۸۵۴۲۲ |
| برما | ۰۵ | ۱۰۶۵ |
| بہار اڑیسہ | ۱۰۳۶ | ۲۳۷۰۱ |
| صوبجات متوسط | ۴۱ | ۱۰۶۷ |
| کل میزان | ۱۳۴۷ | ۲۷۲۳۸۴ |

یہ مدینہ ہیں جہاں کی آبادی دس کروڑ سے زیادہ ہے وہاں ان مدارس شبینہ میں، جو صرف بالغ شخصوں کے لئے ہیں جن کی تعداد دس لاکھ ہے بالغ متعلمین کی اس تعداد کا لحاظ رکھتے ہوئے ہندوستان میں بالغ متعلمین کی تعداد [illegible] ہے جو فی ہے بمقابلہ امریکہ کے لحاظ سے ہندوستان میں ۵۵۲۷۵ بالغ کی تعداد میں بالغ متعلمین کم ہیں باوجودیکہ ہندوستان کی آبادی امریکہ سے کئی گنی زیادہ ہے۔

## پست اقوام کی تعلیمی حالت

سب سے زیادہ تعلیم کی ضرورت پست اقوام کو ہے، کیونکہ ان سے زیادہ جہالت کسی

اور طبقہ میں نہیں، لیکن ان کی تعلیم کا اب تک کوئی معقول انتظام نہیں کیا گیا، جو حکومت کا پست اقوام پر سب سے بڑا ظلم ہے۔ ذیل کے اعداد و شمار کو دیکھ کر آپ کو حیرت ہو گی کہ بعض صوبوں میں اگر پست اقوام کے افراد کالج میں تعلیم پا رہے ہیں تو ان کی تعداد بہت کم ہے اور بعض صوبوں میں تو ایک فرد بھی کالج کی تعلیم پانے والا نہیں ہے:

مختلف صوبجات کے مختلف مقامی حالات کی بنا پر یہ ظاہر کرنا مشکل ہے کہ اس وقت پست اقوام کے کتنے افراد زیر تعلیم ہیں، باستثنائے صوبہ برما جہاں اچھوت کا کوئی طبقہ نہیں اور آسام جہاں اچھوت اور اعلیٰ طبقوں میں امتیاز مشکل ہے بقیہ سات صوبوں میں پست اقوام کے زیر تعلیم طلبہ کی تعداد تقریباً ۶۲،۰۰۰ ہے اور بہ لحاظ مجموعی آبادی پست اقوام کے طلبہ کی تعداد فیصدی ۳ء۳ ہے اور کل ہندوستان کی مجموعی آبادی کے لحاظ سے، پست اقوام کے طلبہ کی مجموعی تعداد فیصدی ۴ء۴ ہے، بنگال میں پست اقوام کی تعلیمی حالت بہت خراب ہے۔ ہاں مدراس میں ترقی پذیر ہے، اب مدراس میں (۲۳) بمبئی میں (۱۴) صوبجات متحدہ میں (۱۱) صوبجات متوسط میں (۸) افراد کالج کی تعلیم پا رہے ہیں، اب اسی سے اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ مدراس جہاں پست اقوام کی تعلیمی حالت تمام صوبوں سے بہتر ہے، وہاں بھی پورے صوبے میں، کالج کی تعلیم پانے والے صرف (۲۳) افراد ہیں۔ صوبجات پنجاب، بہار اور اڑیسہ میں پست اقوام کا ایک فرد بھی ایسا نہیں جو کالج میں تعلیم پا رہا ہو۔

ریورینڈ، جے سی چٹرجی سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن نے صوبہ دہلی کی تعلیم کے متعلق ایک رپورٹ شائع کی ہے جس سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۳۰ء سے سنہ ۱۹۳۲ء تک تمام صوبہ دہلی میں صرف ایک اچھوت لڑکا کالج میں تھا، یہ ہے پست اقوام کے متعلق، صوبہ دہلی کے محکمہ تعلیم کی دو سالہ رپورٹ!

# ہندوستان کی تعلیمی حالت عمومی

ہندوستان میں تعلیم کی عمومی حالت بہت زیادہ افسوسناک ہے۔ اور تعلیمی ترقی کی جو رفتار ہے۔ اس کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے کہ سنہ ۱۹۰۱ء کی گذشتہ مردم شماری کی رو سے ہندوستان میں کل ۵ر۳ فیصدی خواندہ تھے اور سنہ ۱۹۳۱ء کی مردم شماری کی رو سے پانچ برس تک کے بچوں کی تعداد خارج کردی جائے تو ۸ فیصدی سے قدرے زائد ہیں، اب پچھلی حالت پر نظر کی جائے تو معلوم ہوگا کہ سنہ ۱۸۷۱ء میں ہندوستان میں خواندوں کی تعداد ۳ر۲ تھی جو سنہ ۱۹۲۱ء تک پچاس سال میں ۷ر۳ فیصدی تک پہونچی گویا ۱۲½ سال میں ایک فیصدی کی رفتار سے بڑھی اگر ترقی یافتہ ملک کے خواندوں کی تعداد ۹۰ فیصدی سمجھی جائے تو موجودہ رفتار سے ہندوستان اس معیار تک ایک ہزار سال میں پہونچے گا۔ غرض جو کچھ ترقی ہورہی ہے اس کی رفتار نہایت سست اور قطعی مایوس کن ہے جس کا مزید اندازہ آپ کو ذیل کے صفحات سے ہوگا۔

## نقشہ مظہر تعداد خواندہ و ناخواندہ بابت سنہ ۱۹۰۱ء

| مرد یا عورت | تعداد خواندہ | تعداد ناخواندہ |
|---|---|---|
| مرد | ۱۴۶۹۰۰۸۰ | ۱۳۴۷۵۲۰۲۶ |
| عورت | ۹۹۶۳۴۱ | ۱۴۲۹۷۶۴۵۹ |
| میزان | ۱۵۶۸۶۴۲۱ | ۲۷۷۷۲۸۴۸۵ |

۲۰ سال میں ہندوستان نے جو کچھ تعلیمی ترقی کی ہے وہ بھی ملاحظہ فرمائیے

سنہ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان کی کل آبادی ۳۱۶۰۵۵۲۳۱، ۳۲ کروڑ کے قریب ہے اس پوری آبادی میں صرف خواندہ تقریباً ۲ ½ کروڑ ہیں جن کا اوسط فیصدی ۷.۲ ہوتا ہے یعنی ہندوستان میں ایسے لوگوں کی تعداد جو لکھنے پڑھنے سے بالکل ناآشنا ہیں ۲۹۳۰۰۰۰۰ ہے ترقی کے بعد بھی جاہلوں کی اتنی بڑی تعداد دنیا کے متمدن ممالک تو کیا افریقہ کے وحشی ہی پیش کر سکتے ہیں، ہندوستان کے متعلق مسٹر کوٹ مین کی مرتبہ رپورٹ وہ رپورٹ جو سالانہ پارلیمنٹ میں پیش ہوتی ہے، بابت ۱۹۲۰-۲۱ء کے تعلیمی حصہ میں سے تین نقشے درج ذیل کئے جاتے ہیں، جس سے ہندوستان کی علمی بے مائیگی کا اندازہ لگانے میں اور سہولت ہوگی

## برطانوی ہند میں خواندہ اور ناخواندہ لوگوں کا تناسب

خواندہ
(ایک کروڑ ۸۶ لاکھ)

ناخواندہ
(۲۲ کروڑ ۹۰ لاکھ)

از
(جامعہ)

آبادی عورتوں کی | آبادی مردوں کی | خواندہ مرد | خواندہ عورتیں

ہر مردم شماری پر نیز ۳۰ مارچ ۱۹۲۱ء و ۳۱ مارچ ۱۹۲۶ء کی تخمینی آبادی میں مرد اور عورتوں کا تناسب اور خواندہ و ناخواندہ مرد اور عورتوں کی تعداد

| سنہ ۱۸۷۲ء | سنہ ۱۸۸۱ء |
|---|---|
| کل آبادی (۲۰۷۰۰۰۰۰) کروڑ | کل آبادی (۲۵۴۰۰۰۰۰۰) |
| مرد (۱۰۷۰۰۰۰۰) کروڑ | مرد (۱۳۰۰۰۰۰۰۰) |
| عورتیں (۱۰۰۰۰۰۰۰) کروڑ | عورتیں (۱۲۴۰۰۰۰۰۰) |
| کل خواندہ (۹۲۰۰۰۰) لاکھ | کل خواندہ (۱۰۹۰۰۰۰) |

| عورت خواندہ (۲۰۰۰۰) | مرد خواندہ (۱۰۵۰۰۰۰) |
|---|---|
| مرد خواندہ (۹۰۰۰۰۰) | عورت خواندہ (۴۰۰۰۰) |

| سنہ ۱۸۹۱ء | سنہ ۱۹۰۱ء |
|---|---|
| کل آبادی (۲۸۷۰۰۰۰۰۰) | کل آبادی (۲۹۳۰۰۰۰۰۰) |
| مرد (۱۴۷۰۰۰۰۰۰) | مرد (۱۴۹۰۰۰۰۰۰) |
| عورتیں (۱۴۰۰۰۰۰۰۰) | عورتیں (۱۴۴۰۰۰۰۰۰) |
| کل خواندہ (۱۲۰۰۰۰۰۰) | کل خواندہ (۱۵۷۰۰۰۰۰) |

مرد خواندہ (۱۴۷۰۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۱۰۰۰۰۰۰)

مرد خواندہ (۱۱۵۰۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۵۰۰۰۰۰)

(از جامعہ)

| سنہ ۱۹۱۱ء | سنہ ۱۹۲۱ء |
|---|---|
| کل آبادی (۳۱۵۰۰۰۰۰) | کل آبادی (۳۱۹۰۰۰۰۰) |
| مرد (۱۶۱۰۰۰۰۰) | مرد (۱۶۴۰۰۰۰۰) |
| عورتیں (۱۵۴۰۰۰۰۰) | عورتیں (۱۵۵۰۰۰۰۰) |
| کل خواندہ (۱۸۵۰۰۰۰) | کل خواندہ (۲۲۶۰۰۰۰) |

مرد خواندہ (۱۶۵۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۱۶۰۰۰۰)

مرد خواندہ (۱۹۸۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۲۸۰۰۰۰)

۳۱ر مارچ سنہ ۲۶-۱۹۲۵ء

کل آبادی (۳۲۲۰۰۰۰۰۰)

مرد (۱۶۸۰۰۰۰۰۰)

عورت (۱۵۸۰۰۰۰۰۰)

کل خواندہ (۲۵۳۰۰۰۰۰)

۳۱ر مارچ سنہ ۲۷-۱۹۲۶ء

کل آبادی (۳۲۸۰۰۰۰۰۰)

مرد (۱۶۹۰۰۰۰۰۰)

عورت (۱۵۹۰۰۰۰۰۰)

کل خواندہ (۲۶۲۰۰۰۰۰)

مرد خواندہ (۲۲۳۰۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۳۳۰۰۰۰۰)

مرد خواندہ (۲۲۶۰۰۰۰۰)

عورت خواندہ (۳۵۰۰۰۰۰) ۳۵ لاکھ

شاید آپ کو ان دو نقشوں کے سمجھنے میں کچھ دقت پیش آئے جو مسٹر کوٹ مین کی رپورٹ کے تعلیمی حصے سے اخذ کئے گئے ہیں اس لئے ان کو ذیل کے نقشہ میں حل کر دیا گیا ہے۔ جس میں اس رپورٹ کے نقشوں کو سامنے رکھتے ہوئے ۱۸۶۳ء سے لیکر ۱۹۲۳ء تک، ہندوستان کے کل خواندہ اور تعلیم یافتہ مرد و عورت کی تعداد دکھائی گئی ہے اور پھر اس میں جو سال بسال اضافہ ہوتا رہا ہے، وہ بھی درج کر دیا گیا ہے

نقشہ صفحہ ۴۲ پر ملاحظہ فرمائیے

| سال | کل آبادی | مرد | عورت | کل خواندہ | مرد خواندہ | عورت خواندہ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| سنہ ۱۸۷۲ء | ۳۰۶۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۷۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰۰۰ | ۹۳۰۰۰۰۰ | ۹۰۰۰۰۰۰ | ۲۰۰۰۰۰ |
| سنہ ۱۸۸۱ء | ۳۵۴۰۰۰۰۰۰ | ۱۳۰۰۰۰۰۰۰ | ۱۲۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۹۰۰۰۰۰ | ۱۰۵۰۰۰۰۰ | ۴۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۴۸۰۰۰۰۰۰ | ۲۳۰۰۰۰۰۰ | ۲۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۶۰۰۰۰۰ | ۱۵۰۰۰۰۰ | ۲۰۰۰۰۰ |
| سنہ ۱۸۹۱ء | ۲۸۷۰۰۰۰۰۰ | ۱۴۷۰۰۰۰۰۰ | ۱۴۰۰۰۰۰۰۰ | ۱۲۰۰۰۰۰۰ | ۱۱۵۰۰۰۰۰ | ۵۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۳۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۷۰۰۰۰۰۰ | ۱۶۰۰۰۰۰۰ | ۱۲۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰ |
| سنہ ۱۹۰۱ء | ۲۹۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۴۹۰۰۰۰۰۰ | ۱۴۴۰۰۰۰۰۰ | ۵۷۰۰۰۰۰ | ۱۴۷۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۶۰۰۰۰۰۰ | ۲۰۰۰۰۰۰ | ۴۰۰۰۰۰۰ | ۳۷۰۰۰۰۰ | ۳۲۰۰۰۰۰ | ۵۰۰۰۰۰ |
| سنہ ۱۹۱۱ء | ۳۱۵۰۰۰۰۰۰ | ۱۶۱۰۰۰۰۰۰ | ۱۵۴۰۰۰۰۰۰ | ۱۸۵۰۰۰۰۰ | ۱۶۹۰۰۰۰۰ | ۱۶۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۲۲۰۰۰۰۰۰ | ۱۲۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰۰ | ۳۸۰۰۰۰۰ | ۲۲۰۰۰۰۰ | ۶۰۰۰۰۰ |
| سنہ ۱۹۲۱ء | ۳۱۹۰۰۰۰۰۰ | ۱۶۴۰۰۰۰۰۰ | ۱۵۵۰۰۰۰۰۰ | ۲۲۶۰۰۰۰۰ | ۱۹۸۰۰۰۰۰ | ۲۸۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۴۰۰۰۰۰۰ | ۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰ | ۴۱۰۰۰۰۰ | ۲۹۰۰۰۰۰ | ۱۲۰۰۰۰۰ |
| ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۳۲ء | تخمینی ۳۳۶۰۰۰۰۰۰ | ۱۷۸۰۰۰۰۰۰ | ۱۵۸۰۰۰۰۰۰ | ۲۵۳۰۰۰۰۰ | ۲۲۰۰۰۰۰۰ | ۳۳۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۶۰۰۰۰۰۰ | ۴۰۰۰۰۰۰ | ۳۰۰۰۰۰۰ | ۲۷۰۰۰۰۰ | ۲۳۰۰۰۰۰ | ۵۰۰۰۰۰ |
| ۳۱ مارچ سنہ ۱۹۳۶ء | ۳۴۸۰۰۰۰۰۰ | ۱۷۹۰۰۰۰۰۰ | ۱۵۹۰۰۰۰۰۰ | ۲۶۲۰۰۰۰۰ | ۲۲۷۰۰۰۰۰ | ۳۵۰۰۰۰۰ |
| اضافہ | ۲۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰۰۰۰۰ | ۹۰۰۰۰۰ | ۷۰۰۰۰۰ | ۲۰۰۰۰۰ |

ذیل میں صرف صوبہ متحدہ کے عدد وشمار پیش کئے جاتے ہیں، جس سے معلوم ہوگا کہ یقیناً
حکومت کا نظام اسی کا مقتضی ہے کہ ہندوستان میں جاہلوں کی اتنی بڑی تعداد پائی جائے
صوبہ متحدہ میں ایسے لڑکے جو مدرسے جانے کے قابل ہیں ان کی تعداد ۲۸ لاکھ
۲۰ ہزار ہے اور اسی صوبہ میں، حکومت کی طرف سے جتنے طلبہ کی تعلیم کا اب تک انتظام
کیا گیا ہے ان کی تعداد (۹ لاکھ ۵۷ ہزار) ہے یعنی صوبہ متحدہ میں ۱۸ لاکھ ۲۴ ہزار
افراد ایسے ہیں جو تعلیم حاصل کر سکتے ہیں، لیکن حکومت ان کا کوئی نظم نہیں کرتی۔ جب
صوبہ متحدہ کی کیفیت یہ ہے تو ہندوستان کے بقیہ اکثر صوبے، جن میں بعض وہ صوبے
بھی ہیں جو تعلیمی حیثیت سے، صوبہ متحدہ سے بہت گرے ہوئے ہیں ان کا کیا حال
ہوگا۔ اس لئے اگر پورے ہندوستان کے جاہلوں کی تعداد کچھ اور بڑھ جائے تو کیا
تعجب ہے، اگر ہندوستان کے تمام خواندوں کی تعداد، پورے ہندوستان کی آبادی
پر حساب فی ہزار تقسیم کر دی جائے تو ذیل کا اوسط فی ہزار خواندہ نکلتا ہے جو بصورت
نقشہ درج ذیل کیا جاتا ہے، جس میں اور دوسرے ممالک کا بھی اوسط فی ہزار
دکھلایا گیا ہے۔

نقشہ متعلق صفحہ ۴۴ پر ملاحظہ فرمائیے

## نقشہ مظہر تعلیمی حالت فی ہزار، ہندوستان و دیگر ممالک کا مقابلہ

| نام ملک | تعلیم یافتہ مرد فی ہزار | تعلیم یافتہ عورتیں فی ہزار |
|---|---|---|
| برطانیہ | ۹۳۲ | ۹۱۲ |
| امریکہ | ۹۵۵ | ۹۳۰ |
| فرانس | ۹۶۵ | ۹۴۰ |
| جرمنی | ۹۹۰ | ۹۸۰ |
| ڈنمارک | ۹۵۵ | ۹۵۵ |
| جاپان | ۹۸۵ | ۹۶۶ |
| ہندوستان | ۵۰ | ۱۳ |

اگر ہندوستان کے تعلیمی اوسط کا، دوسرے ممالک کے تناسب خواندگی کے ساتھ مقابلہ کیا جائے تو آپ کو معلوم ہوگا کہ ہندوستان تعلیم میں تمام ممالک سے پیچھے ہے اور جہالت میں سب سے آگے.

ذیل میں ایک نقشہ درج کیا جاتا ہے. جس میں ہندوستان کے خواندہ اور ناخواندہ کا ممالک غیر کے خواندہ وناخواندہ، سے مقابلہ کیا گیا ہے.

# ہندوستان کا مقابلہ ممالک غیر سے

| ملک | آبادی | اوسط خواندہ | | اوسط ناخواندہ | |
|---|---|---|---|---|---|
| | | مرد | عورت | مرد | عورت |
| ڈنمارک | ۰ | ۱۰۰ | ۱۰۰ | × | × |
| جرمنی | ۶۳۰۰۰۰۰۰ | ۱۰۰ | ۱۰۰ | × | × |
| جمہوریہ امریکہ | ۱۰۷۰۰۰۰۰۰ | ۹۵٫۵ | ۲۹ | ۴٫۵ | ۷۱ |
| جاپان | ۸۲۵۰۰۰۰۰ | ۹۸ | ۹۷ | ۲ | × |
| انگلستان | ۴۱۰۰۰۰۰۰ | ۹۳٫۷۶ | ۹۱٫۵ | ۶٫۲۴ | ۸٫۵ |
| روس | ۴۰۰۰۰۰۰۰ | ۹۰ | ۰ | ۱۰ | ۰ |
| نیپ ٹن | ۰ | ۷۰٫۵ | ۶۱ | ۲۹٫۵ | ۳۹ |
| فرانس | ۳۰۰۰۰۰۰۰ | ۹۵٫۵ | ۹۴ | ۴٫۵ | ۶ |
| اٹلی | ۳۲۰۰۰۰۰۰ | ۷۳ | ۰ | ۲۷ | ۰ |
| ہسپانیہ | ۳۱۸۰۰۰۰۰ | ۵۷ | ۰ | ۴۳ | ۰ |
| پرتگال | ۰ | ۳۵ | ۰ | ۶۵ | ۰ |
| ہندوستان سنہ ۱۹۲۱ء | ۳۱۷۰۵۵۲۳۱ | ۷٫۳ | ۱٫۷ | ۹۲٫۷ | ۹۸٫۳ |
| ہندوستان سنہ ۱۹۲۸ء | ۰ | ۹٫۵ | ۲ | ۰ | ۰ |

# روس سے مقابلہ

اس نقشہ میں جتنے ممالک ہیں ان میں ہندوستان کے بعد سب سے زیادہ آبادی روس کی ہے یعنی ۱۴۰۰۰۰۰ر لیکن ہندوستان کی آبادی روس سے دوگنی سے بھی زیادہ ہے آبادی کے اس عظیم الشان تفاوت کے بعد بھی سب سے زیادہ جاہلوں کی تعداد ہندوستان ہی میں بستی ہے۔ بلیٹین نمبر ۴ سنہ ۱۹۲۹ء مجریہ سررشتہ تعلیم ممالک متحدہ امریکہ میں تمام دنیا کے ممالک کو جو تعداد میں ۶۰ ہیں دس قسموں میں تقسیم کیا ہے۔ سب سے پہلی قسمت وہ ہے جس میں خواندوں کی تعداد ۹۰ اور سو فیصدی کے درمیان ہے اس میں جاپان اور انگلستان بھی شامل ہیں۔ مگر ہندوستان بدقسمتی سے سب سے آخری قسمت میں ہے۔ یعنی جس میں خواندوں کی تعداد دس فیصدی سے بھی کم ہے۔

جنگ عظیم کے بعد سے، روس کی تعلیمی حالت میں عظیم الشان ترقی ہو رہی ہے سنہ ۱۹۲۰ء کی مردم شماری کے مطابق اس ملک کے پڑھے لکھے مرد اور عورتوں کی تعداد کا اوسط فی ہزار ۴۲۵ر تھا لیکن اشتراکی جمہوریت کے قیام کے بعد سے جو اصلاح وہاں کے نظام تعلیم میں کی گئی ہے۔ اس کا نتیجہ یہ نکلا کہ پڑھے لکھوں کی تعداد میں تقریباً ۴ فیصدی کا اضافہ ہو گیا، صرف چند سالوں میں اتنی ترقی یقیناً حیرت انگیز ہے اور ایک ہمارا ملک ہے جو ۱۸۸۱ء سے ۱۹۲۱ء تک یعنی ۴۰ سال میں بمقدار (۴ر۱۱) فیصدی ترقی کر سکا۔

# جاپان سے مقابلہ

جاپان کے مرکزی جزائر میں خواندوں کی تعداد مردم شماری کے اعتبار سے ۹۶ء۲ فیصدی ہے۔ اب دیکھنا یہ ہے کہ ہندوستان میں تعلیمی ترقی کی رفتار کیا ہے؟

مردم شماری کی رپورٹوں سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں سنہ ۱۹۱۱ء میں خواندوں کی تعداد (۵ء۳) فیصدی تھی۔ اور سنہ ۱۹۲۱ء میں (۳ء۷) فیصدی ہوگئی۔ اس لیے اگر ترقی کی رفتار یہی رہی تو ہندوستان، جاپان کے درجہ تک (۹۲۷) سال میں پہونچیگا۔

خصوصاً بعض صوبوں میں تو تعلیمی رفتار بہت ہی سست ہے، مثلاً صوبہ متحدہ جہاں سنہ ۱۹۱۱ء میں تعلیم یافتوں کا اوسط (۳) فیصدی تھا اور سنہ ۱۹۲۱ء میں (۳ء۷) فیصدی ہوا یعنی ۱۰ سال میں بقدر ۷ء۰ کے بڑھا۔ اس حساب سے اس صوبہ کی کل آبادی ۵½ ہزار سال میں خواندہ بن سکتی ہے۔

یہی حال بعض اور صوبوں کا بھی ہے مثلاً آسام کی تعلیمی رپورٹ بابت سنہ ۱۹۲۸-۱۹۲۹ء میں مسٹر گوسوامی کے الفاظ ہیں کہ "تعلیمی ترقی کے اعتبار سے جہاں ہم پندرہ سال قبل تھے، وہیں آن پہونچے"۔

ذیل میں ایک مفصل نقشہ درج کیا جاتا ہے۔ جس سے پورے ہندوستان اور اس کے تمام صوبوں کے ہر قسم کے تعلیم یافتوں کی تعداد اور آبادی کے اعتبار سے ان کا فیصدی اوسط، معلوم ہو سکے گا، یہ نقشہ سنہ ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کی رپورٹ کو سامنے رکھ کر بنایا گیا ہے

# تعلیمی حالت قوم وار

اگر حکومت کا مقصد یہ ہوتا کہ ہندوستان میں تعلیم جاری ہو اور یہاں کی اکثریت تعلیم یافتوں میں منتقل ہو جائے، تو یقیناً ایسا نظام جاری کیا جاتا، جس سے یکساں طریقہ پر ہندوستان کی ہر قوم فائدہ اٹھا سکتی۔ لیکن ذیل کے نقشہ سے معلوم ہوگا کہ ہندوستان میں تعلیمی ترقی کا مدار ذاتی سرمایہ پر ہے۔ جس قوم کی مالی حالت بہتر ہوگی۔ اسی قدر اس میں تعلیم یافتہ زیادہ پائے جائیں گے۔ اور جس طریقہ سے مختلف اقوام میں سرمایہ داری کی حیثیت سے تفاوت ہوتا رہے گا اسی طرح ان کی تعلیمی حالت بھی گرتی جائے گی۔

| اقوام | تعلیمی تناسب فی ہزار | | | فی ہزار جاہل | |
|---|---|---|---|---|---|
| | مرد | عورت | | مرد | عورت |
| پارسی | ۷۸۹ | ۶۷۲ | ۲ر۷۳ | ۲۱۱ | ۳۲۸ |
| بدھ | ۴۸۴ | ۹۶ | ۲ر۲۸ | ۵۱۶ | ۹۰۴ |
| عیسائی | ۳۵۰ | ۱۸۰ | ۲ر۲۴ | ۶۹۱ | ۸۲۰ |
| جینی | ۵۱۴ | ۷۶ | ۳ر۳ | ۴۸۶ | ۹۲۴ |
| ہندو | ۱۱۵ | ۱۴ | ۶۳ر۶ | ۸۸۵ | ۹۸۶ |
| سکھ | ۹۴ | ۱۴ | ۸ر۵ | ۹۰۶ | ۹۸۶ |
| مسلمان | ۸۱ | ۷ | ۵ر۴ | ۹۱۹ | ۹۹۳ |

آپ نے دیکھا کہ سب سے زیادہ تعلیم یافتہ پارسیوں میں ہیں اور سب سے کم تعلیمی اوسط

مسلمانوں کا ہے، باوجودیکہ مسلمان ہندوستان میں بلحاظ آبادی دوسرے مرتبہ پر ہیں اور پارسیوں کی آبادی مسلمانوں کے مقابلہ میں بہت ہی کم ہے۔ ان تمام چیزوں کے باوجود، آخر یہ فرق اور اتنا بڑا فرق کیوں پیدا ہوا؟ صرف اس لئے کہ ہندوستان میں سب سے زیادہ سرمایہ دار قوم پارسیوں کی ہے۔ وہ اپنی ذاتی دولت کی بنا پر اپنے بچوں کو عام طریقہ پر عملی طور سے تعلیم دلا سکتے ہیں۔ یہی سبب ہے کہ ان کا تعلیمی اوسط بہت بڑھا ہوا ہے اور ہندوستان میں سب سے زیادہ افلاس زدہ اور فقر و فاقہ میں زندگی بسر کرنے والی قوم مسلمانوں کی ہے۔ ان کے پاس اتنی رقم نہیں کہ اپنے بچوں کا تعلیمی خرچ برداشت کرسکے، اسی لئے اس کا تعلیمی اوسط تمام قوم ہند سے کم ہے۔ سرمایہ داری اور افلاس کا یہی فرق ذیل کے نقشہ سے بھی معلوم ہوگا۔ جو ہاڈرن رپورٹ نے صوبہ بنگال کے ۲۰ سال سے زائد عمر کے مختلف قوم کے تعلیم یافتہ مردوں اور عورتوں کی تعداد کے متعلق پیش کیا ہے۔

نقشہ متعلقہ نمبر دیکھئے

| اقوام | خواندہ مرد | انگریزی داں مرد | کیفیت |
|---|---|---|---|
| ہندو | ۱۸۵۶۰۰۰ | ۳۷۹۰۰ | عورت |
| برہمو | ۸۴۴ | ۶۸۶ | |
| آریہ | ۲۸ | ۲۲ | کل تعلیم یافتہ ۳۷۰۰۰ |
| سکھ | ۷۲۱ | ۱۲۹ | |
| جینی | ۲۰۲۵ | ۶۳۵ | غیر مسلم تعلیم یافتہ ۳۵۲۰۰ |
| بودھ | ۱۶۰۰۰ | ۱۴۰۰ | |
| عیسائی | ۲۶۰۰۰ | ۲۰۰۰۰ | مسلم تعلیم یافتہ ۱۸۰۰ |
| مسلمان | ۹۱۸۰۰۰ | ۸۲۰۰۰ | |

باوجودیکہ صوبہ بنگال میں مسلمانوں کی آبادی ہندوؤں سے کہیں زیادہ ہے، لیکن پھر بھی مسلمان تعلیم میں ہندوؤں سے نصف سے بھی کم ہیں، موجودہ حکومت میں یہ سارا کھیل دولت کا ہے۔ ہندوؤں کے پاس دولت ہے اس لئے وہ ہر چیز میں مسلمانوں سے آگے ہیں، مسلمان غریب ہیں اس لئے ہر چیز میں پیچھے ہیں۔

اب کوئی حکومت سے دریافت کرے کہ تعلیم صرف سرمایہ داروں کے لئے ہے یا اس میں غریبوں کا بھی کچھ حصہ ہے؟

## ہندوستان کی تعلیم گاہیں اور متعلمین

مدارس، اور تعلیم گاہیں، جن پر تعلیم کا مدار ہے اور جن کی قلت وکثرت سے تعلیم کی کمی د

زیادتی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے، اس کے متعلق ذیل میں ایک نقشہ پیش کیا جاتا ہے جس سے معلوم ہوگا کہ سنہ ۱۸۹۹ء سے سنہ ۱۹۰۹ء تک مدارس میں سال بہ سال کیا اضافہ ہوا ہے. ذیل کے نقشہ میں ایسے مدارس بھی شامل ہیں جن سے حکومت کا کوئی تعلق نہ تھا بلکہ وہ پرائیویٹ درسگاہیں تھیں جو قوم ہی کے سرمایہ اور اسی کے نظم سے جاری رہیں. (ملاحظہ ہو نقشہ مظہر تعداد مدارس و طلباء از سنہ ۱۸۹۹ء تا سنہ ۱۹۰۹ء)

برٹش مقبوضات ہند کی ۳۱½ کروڑ کی آبادی میں لڑکوں کے لیے صرف (۱۶۲) کالج تھے لیکن امریکہ جس کی آبادی اس وقت تقریباً ۹ کروڑ تھی (۴۹۳) کالج تھے.

سنہ ۱۹۰۹ء تک ہر قسم کے طلبہ کی مجموعی تعداد (۵۳۳۵۸۶۵) تھی سنہ ۱۹۱۰ء میں بڑھ کر (۵۹۸۱۳۲) ہو گئی اور سنہ ۱۹۰۹-۱۰ء میں ہر قسم کے مدارس کی مجموعی تعداد (۱۲۴۴۴۳) تھی اور سنہ ۱۹۱۰-۱۱ء میں ترقی کرکے (۱۶۸۳۳۸) ہو گئی.

لیکن یہ بھی ملحوظ رہے کہ ان میں بہت بڑی تعداد ایسے مدارس کی بھی شامل ہے، جن کا حکومت سے کوئی تعلق نہیں. ان کے تمام اخراجات ملک کے باشندے برداشت کرتے تھے. اور بہت سے مدارس ایسے بھی تھے جن کو حکومت سے روپیہ کی ایک مخصوص مقدار بطور امداد کے ملتی تھی اور اس کے بقیہ اخراجات رعایا کے ذمہ تھے.

سنہ ۱۹۱۰ء میں یہاں لڑکیوں کے کل سات کالج تھے. لیکن امریکہ میں ایکسوتیرہ (۱۱۳) ہندوستان میں (۳۲۰) عورتیں کالج میں پڑھتی تھیں اور (۸۰۲۴۳۴۴) لاکھ عورتیں اسکولوں میں مدرسی کے فرائض انجام دیتی تھیں. یہ تو سنہ ۱۹۱۰ء تک کے مدارس اور طلباء کی تعداد تھی لیکن سنہ ۱۹۱۳ء تک تعلیم میں کچھ ترقی ہوئی جس کی تفصیل ذیل میں معلوم ہوگی.

یہ اعداد وشمار سرکاری رپورٹ ۱۳-۱۹۱۲ء سے ماخوذ ہیں۔
پرائمری اسکول (۱۰۰۰۰۰) اور ان میں پڑھنے والے طلبا ء کی تعداد (۴۵۰۰۰۰۰)
لاکھ تھی، جن میں عورتیں بھی ہیں۔
ثانوی مدارس (۶۹۰۰) ہزار تھے اور طلبا ء (۹۰۰۰۰۰) لاکھ
ہائی سکول اور مڈل اسکولوں کی تعداد (۲۸۵۲) ہزار تھی لیکن ان میں سرکاری
سکول صرف (۲۸۶) تھے اور بقیہ غیر سرکاری جن کے اخراجات رعیت خود برداشت
کرتی تھی۔
صنعت وحرفت کے مدارس (۲۱۸) اور ان میں طلباء کی تعداد (۱۰۵۳۲) ہزار تھی
آرٹ اسکول صرف (۴) تھے اور ان میں پڑھنے والے (۱۳۰۰) تھے
اگریکلچر زراعتی (۹) اور طلباء کی تعداد (۱۵) تھی اور میڈیکل کالج صرف (۵) تھے
وہ مدارس جہاں جانوروں کے علاج کی تعلیم دی جاتی تھی (۴) تھے۔ لاکالج (۲۷)
اور ان میں پڑھنے والے طلباء کی تعداد (۲۸۰۰) تھی۔
تجارتی مدارس (۲۷) تھے لیکن ان میں سرکاری مدارس کی تعداد صرف (۳) تھی
بقیہ پرائیویٹ تھے۔
یونیورسٹیوں کی تعداد صرف (۵) اور اسی سال غیر ممالک میں جو آبادی کے لحاظ
سے ہندوستان سے بہت گرے ہوئے ہیں یونیورسٹیوں کی تعداد اس سے کہیں
زائد تھی۔ جس کی تفصیل مندرجہ ذیل نقشہ سے معلوم ہوگی

| نام ملک | آبادی | تعداد یونیورسٹی |
|---|---|---|
| انگلینڈ | ۴۱۰۰۰۰۰۰ | ۱۸ |
| امریکہ | ۸۵۸۰۰۰۰۰۰ | ۱۳۴ |
| فرانس | ۳۹۰۰۰۰۰۰ | ۱۵ |
| جرمنی | ۶۲۵۰۰۰۰۰ | ۳۲ |
| اٹلی | ۳۲۰۰۰۰۰۰ | ۱۱ |
| میزان کل | ۲۶۲۳۰۰۰۰۰ | ۲۱۰ |

آپ نے دیکھا کہ اگر ان پانچ ملکوں کو ملایا جائے۔ جب بھی ان کی مجموعی آبادی ہندوستان سے کروڑوں کی تعداد میں کم ہے۔ لیکن ان ممالک میں (۲۱۰) یونیورسٹیاں تھیں، اور ہندوستان میں صرف پانچ

پنڈت مدن موہن مالویہ نے اپنی ایک تقریر میں کہا تھا کہ ہندوستان کی تمام یونیورسٹیوں میں (۲۸۰۰۰) ہزار طلبہ پڑھتے ہیں اور امریکہ میں (۲۴۰۰۰) ہزار صرف پروفیسر ہیں۔

ہندوستان کی آبادی کو سامنے رکھنے کے بعد معلوم ہوتا ہے کہ ایک لاکھ آدمیوں میں سے صرف ایک آدمی اعلیٰ تعلیم پا رہا ہے، اور اس لاکھ میں سے ایک سائنس کی تعلیم حاصل کر رہا ہے۔

اس کے بعد ہندوستان نے تعلیم میں جو کچھ ترقی کی، مدارس، و طلبہ میں جو اضافہ ہوا ہے اس کی تعداد ذیل میں پیش کی جاتی ہے جو سنہ ۲۶ء کی رپورٹ سے ماخوذ ہے، اور ذیل کے نقشہ میں ایسے مدارس بھی شامل ہیں جو اب تک حکومت کے نزدیک قابل

اعتبار نہیں، اور حکومت سے کسی قسم کا تعلق قائم کئے بغیر اپنے کام میں مشغول ہیں۔

## سنہ ۱۹۲۶ء میں ہندوستان کی مختلف تعلیم گاہیں اور متعلمین

| قسم تعلیم گاہیں | تعداد | تعداد متعلمین |
|---|---|---|
| یونیورسٹیاں اور جامعات | ۱۳ | ۶۶۲۲۳ |
| آرٹس کالج | ۲۱۵ | ۶۳۵۸۸ |
| فنی کالج | ۵۷۵ | ۱۷۳۷۸ |
| مدارس وسطانیہ | ۸۴۳ | ۹۵۴۵۱۰ |
| مدارس ابتدائی | ۱۸۳۱۶۴ | ۷۷۵۹۰۷۶ |
| مدارس خصوصی | ۸۸۰۶ | ۲۸۹۸۹۱ |
| مدارس فوقانیہ | ۲۶۳۴ | ۷۶۱۶۳۷ |
| لا کالج | ۱۲ | ۰ |
| میڈیکل | ۱۰ | ۰ |
| اگریکلچر | ۴ | ۰ |
| غیر مسلمہ تعلیم گاہیں | ۳۴۷۲۶ | ۶۲۱۶۱۸ |
| کل میزان | ۲۳۰۹۸۲ | ۱۰۵۱۴۳۲۱ |

اگر غیر مسلمہ تعلیم گاہوں کی تعداد نکال دی جائے تو صرف حکومت کے منظور مدارس کی تعداد (۱۹۶۲۵۶) رہ جاتی ہے۔ اور اگر اسی طرح مذکورہ بالا اعداد و شمار سے ان

طلبہ کی تعداد علیحدہ کر دی جائے جو غیر مسلمہ تعلیم گاہوں میں پڑھ رہے ہیں تو ہندوستان کے متعلمین کی تعداد ۹۸۹۲۷۰۳ باقی رہ جاتی ہے۔
یہ تو یہاں کے مدارس اور طلبہ کی تعداد تھی، جسے آپ شاید کافی سمجھیں، لیکن اگر ہندوستان کے مقابلہ میں دوسرے ممالک کے مدارس ور طلبہ کی تعداد دیکھی جائے تو حیرت ہوتی ہے۔

# ہندوستان کا مقابلہ جرمنی سے

جرمنی کی کل آبادی ۷ کروڑ تیس لاکھ ہے۔ یعنی جرمنی کا پورا ملک ہندوستان کا پانچواں حصہ ہے۔ بلکہ اس سے بھی کچھ کم، لیکن وہاں ۲۳ یونیورسٹیاں ہیں جو جرمنی کے مشہور ترین شہروں، برلن، بون، برسلاو، ارلانگن، افرنکفورٹ، گیسن، گوٹنگن گرائف، والڈ، ہالے، ہمبرگ، ہائیڈل برگ، جمنیا کیل، کولن، کونگس برگ، نابزگ، ماربرگ، میونک، بسٹر، ٹوبنگ گن میں ہیں۔
یہ وہ یونیورسٹیاں ہیں جہاں طلبہ کی کثیر تعداد، علمی تحقیقات اور فنی تفتیش میں مشغول رہتی ہے ان سب یونیورسٹیوں میں مختلف علوم وفنون کی تعلیم دی جاتی ہے اور ہر یک اپنی اپنی جگہ پر مکمل ہے
ہندوستان میں ٹیکنیکل کی تعلیم کہیں نہیں ہوتی۔ لیکن جرمنی میں، ان یونیورسٹیوں کے علاوہ ٹیکنیکل کالج بھی، اخن برسڈ، ولرم شٹٹ، داسٹان ہانورڈ، کارس رو وغیرہ میں موجود ہیں۔ میونک اور سٹٹ گارڈ کے کالج بھی بہت زیادہ مشہور ہیں۔
اسی طرح تجارت جو ہر ایک ملک کی جان ہے۔ اس کی تعلیم کے لئے ہندوستان

میں ایک کالج بھی ایسا موجود نہیں جہاں کاروبار کی تعلیم دی جاتی ہو، لیکن جرمنی میں اس کے انتظامات بھی مکمل ہیں۔ اور برلن، کونگس برگ، لائپزگ، مین ہائم، داہنز میں تجارت کی تعلیم کے لئے مستقل کالج موجود ہیں جہاں صرف تجارت کی تعلیم دی جاتی ہے

# ہندوستان کا مقابلہ روس سے

روس میں ابتدائی تعلیم کی مدت چار سال رکھی گئی ہے اور نوکی کی پانچ اس کے بعد یونیورسٹیوں کی تعلیم شروع ہو جاتی ہے۔ جو لوگ عمر کی زیادتی یا کاروباری زندگی کی مشغولیت یا غربت کی وجہ سے، مدارس میں باقاعدہ تعلیم نہیں پا سکتے ان کے لئے مدارس شبینہ، صنعتی مدارس، مدرسہ بالغین نہایت اعلیٰ پیمانہ پر قائم کئے گئے ہیں۔

روس میں سب سے زیادہ قابل تعریف وہ مکاتب ہیں، جہاں ۳ برس سے ۷ برس تک کی عمر کے بچوں کی تعلیم و تربیت کنڈرگارٹن کے اصول پر کی جاتی ہے۔ حکومت نے غریب عورت اور یتیم بچوں کے لئے جگہ جگہ دارالاقامتہ قائم کئے ہیں اور ان کی تعلیم و تربیت کا معقول انتظام کیا جاتا ہے۔ طلبا کے اخلاق کی نگرانی کے لئے انسپکٹر مقرر ہیں جو بازاروں میں، ریلوے اسٹیشن پر اور دیگر مقامات پر نوجوانوں کی دیکھ بھال کرتے ہیں ۱۹۲۵ء میں ابتدائی مدارس کی تعداد ۱۱۴۵۰۴ تھی اور طلبہ کی تعداد ۱۰۰۰۰۰ تھی۔

روس کے تعلیمی نظام کی خصوصیت، سیاسی مدارس ہیں ان مدارس کا مقصد ایسے اشخاص پیدا کرنا ہے جو بالشویک اصول کی تبلیغ و اشاعت کا کام بہترین طریقہ سے دے سکیں۔ ۱۹۲۳ء میں اس قسم کے مدارس کی تعداد ۲۳۲ تھی ان کے علاوہ کمیونسٹ جماعت کی

یونیورسٹیاں ہیں جن کی تعداد ۱۹۲۶ء میں کل پندرہ تھی۔

روس میں دو قسم کی یونیورسٹیاں ہیں، ایک کا مقصد جدید امریکن طریقہ پر کسانوں اور مزدوروں کی تعلیم ہے۔ ٹریڈ یونین اپنی آمدنی کا دسواں حصہ، ان یونیورسٹیوں کی مد میں صرف کرتی ہے۔ ان یونیورسٹیوں کی طرف سے شام کے وقت، مختلف علمی و ادبی۔ و فنی مضامین پر قابل اساتذہ، تقریر کے ذریعہ درس دیتے ہیں اس طریقہ سے صرف ماسکو میں ہر وقت تقریباً دس ہزار طلبہ ۱۶ مختلف مضامین کے درس میں شریک ہوتے ہیں۔

دوسری قسم کی یونیورسٹیاں جو باقاعدہ مختلف علوم و فنون اور مشرقی زبانوں کی تعلیم دیتی ہیں ان کی تعداد ایک سو پچیس ہے۔ ان یونیورسٹیوں کے علاوہ تعلیم اور تحقیقی کاموں کے لئے معمل گاہیں قائم کی گئی ہیں جن کی تعداد (۱۵۳) ہے۔

علاوہ یونیورسٹیوں اور معمل گاہوں اور انجمنوں کے ذریعہ جو تعلیم ہوتی ہے، اس کے علاوہ کتب خانے بھی تعلیم کے لئے مفید ثابت ہوئے ہیں، چنانچہ اس وقت تک جمہوریت روس میں ۲۰ ہزار مستقل کتب خانے، دس ہزار سفری کتب خانے ہیں جو روس کے ڈیڑھ لاکھ دیہاتوں میں وقتاً فوقتاً دورہ کرتے رہتے ہیں (ترجمہ)

روس کی آبادی زیادہ سے زیادہ ۱۲ کروڑ بتلائی جاتی ہے، لیکن آپ نے دیکھ لیا وہاں مختلف علوم و فنون کی ۱۲۵ یونیورسٹیاں ہیں اور ایک بدقسمت ہندوستان ہے کہ یہاں یونیورسٹیوں کی تعداد صرف ۱۳ ہے۔

## ترکی ادارے

جرمنی اور روس کو چھوڑیئے، ترکی ہی کو لیجئے، جو آبادی اور مدنیت دونوں میں ہندوستان سے کہیں گرا ہوا ہے، جب

کی آمدنی ہندوستان سے تیسرے اور آبادی ۳۰ دیں حصتے سے بھی کم ہے، وہاں تھوڑی آبادی، اور تھوڑی آمدنی کے با وجود مختلف علوم و فنون کے کالج کثرت سے قائم ہیں، جن کی تفصیل ذیل میں درج کی جاتی ہے؛

## ترکی میں مختلف فنون کے ادارے

| ادارے | تعداد | کیفیت |
|---|---|---|
| حقوق ادارے (لاکالج) | ۱۷۸۱ | ہندوستان میں کل ۲ ہیں |
| ڈاکٹری ادارے | ۴۳۵ | " " ۱۰ ہیں |
| ادارہ ہائے کانکنی | ۲۳۰ | ہندوستان میں ایک بھی نہیں |
| فوجی مکاتب | ۰ | تعداد معلوم نہ ہوسکی |
| فنی ادارے | ۱۴۲ | |
| انجنیری | ۱۵۰ | |
| ادبیات | ۱۵۲ | |
| تجارتی | ۴۸ | |

## ابتدائی تعلیم

موجودہ زمانہ میں تعلیم کی ضرورت انسان اپنی زندگی کے ہر شعبہ میں محسوس کر رہا ہے اس ضرورت کا احساس اس واقعہ سے کیا جا سکتا ہے کہ انگلستان میں جنگ عظیم

کے دوران میں اس امر کی ضرورت محسوس ہوئی کہ ثانوی تعلیم کو جبریہ کر دیا جائے، وہ وقت ایسا سخت تھا کہ سلطنت کو فوجی اخراجات کے لئے لاکھوں روپے روزانہ کی ضرورت ہوتی تھی۔ مگر عین جنگ کے زمانہ یعنی ۱۹۱۸ء میں ایک قانون پاس کیا گیا جس کی رو سے انگلستان کے ہر بچے کے لئے ہائی سکول تک کی تعلیم جبریہ اور مفت کر دی گئی اور جس طرح بن پڑا اس کام کے لئے روپیہ فراہم کیا گیا، غرض تعلیم کی ضرورت سے کسی طرح آنکھیں بند نہیں کی جا سکتیں کیونکہ اس زمانہ میں انسان کی زندگی کا جو گوشہ بھی لیا جائے، اس میں کامیابی و ترقی کا مدار تعلیم پر ہے، اسی لحاظ سے اب تعلیم کے دو حصے ہو گئے ہیں، ایک ابتدائی دوسرا اعلیٰ۔ اعلیٰ تعلیم کا مقصد بلند عہدے، در علمی ملازمتوں کے علاوہ یہ ہے کہ مختلف علوم و فنون، مثلاً صنعت و حرفت، تجارت و زراعت، وغیرہ میں کمال پیدا ہو سکے، ہندوستان میں اعلیٰ تعلیم کا معیار بھی، اپنے اصلی پیمانے سے نہیں گرا ہوا ہے اور اخراجات کی زیادتی کی وجہ سے عام طریقہ پر لوگ اعلیٰ تعلیم حاصل کر بھی نہیں سکتے، اسی لئے اس کا اثر ملک کی خواندہ و ناخواندہ آبادی کی زیادتی و کمی پر زیادہ نہیں پڑتا۔ ابتدائی تعلیم یعنی معمولی پڑھے لکھے لوگ جن کی تعداد کا ملک کی تجارت صنعت و حرفت اور تمام دوسرے ذرائع آمدنی کی ترقی اور باہمی حقوق وسیع پیمانہ پر شناخت کا باعث ہوتا ہے اور جس کی قلت و کثرت ملک کی خواندہ و ناخواندہ آبادی کی زیادتی و کمی پر منحصر ہوتی ہے، اس کا نظم بھی ہندوستان میں نہایت ہی ناقص ہے، اور جاہلوں کی سب سے بڑی تعداد ہندوستان میں بستی ہے۔

۱۹۲۱ء سے ابتدائی تعلیم میں ترقی معدوم ہو رہی ہے۔ لیکن ہر اقدام کے لئے

اچھی انتہا ضروری ہے۔ اگر ہمارے بچوں کی ابتدائی تعلیم، اعلیٰ تعلیم کے لیے، درمیانی کڑی بن سکتی تو اس ترقی کی قدر کی جاتی۔ اور ہم یہ کہہ سکتے کہ حکومت ہندوستان کی تعلیم کی طرف توجہ کر رہی ہے۔ لیکن واقعہ ایسا نہیں۔

ہارٹوگ کمیٹی نے، ب ت چار سال پہلے اس مسئلہ کو پیش کرتے ہوئے یہ تصریح کی تھی کہ "ابتدائی مدارس غیر موثر اور بیکار ثابت ہو رہے ہیں، اور ان سے آبادی کے تعلیم یافتہ طبقہ میں کوئی اضافہ نہیں ہوا۔"

ہندوستان ایک غریب ملک ہے۔ یہاں کے باشندوں کی آمدنی تمام ممالک سے کم ہے وہ اعلیٰ تعلیم کے حد سے بڑھے ہوئے اخراجات کو برداشت نہیں کر سکتے۔ اسی لئے ہندوستانی بچے ابتدائی تعلیم حاصل کر کے پڑھنا چھوڑ دیتے ہیں، اور جاہل رہ جاتے ہیں جب تک ابتدائی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم میں رابطہ پیدا نہ ہو جائے، اس وقت تک ابتدائی تعلیم کو ہرگز مفید نہیں کہا جا سکتا، خواہ اس میں ہزاروں ترقیاں ہوتی رہیں۔

اسی بناء پر انگلستان میں ثانوی تعلیم لازمی اور مفت کر دی گئی ہے، تاکہ تعلیم میں قدم رکھنے والا انسان اپنی تعلیم کو آگے بڑھانے پر مجبور ہو اور ابتدائی تعلیم اور اعلیٰ تعلیم میں ربط پیدا ہو کر، مفید نتیجہ برآمد ہو، اور ملک کی تعلیم یافتہ آبادی میں ہر سال اضافہ ہوتا رہے۔ اس کے بعد ہمیں ابتدائی تعلیم کی ترقی اور ابتدائی مدارس کے اضافہ کو دیکھنا ہے کہ آیا ہندوستان کی آبادی کے لحاظ سے وہ اضافہ قابل اعتنا بھی ہے یا نہیں،

**امریکہ** پرائمری سکولوں کی تعداد ہندوستان میں (۲۰۶۰۰۰) لاکھ ہے اسی کے مقابل امریکہ میں، ۱۰ کروڑ ۶۰ لاکھ کی آبادی کے اندر پرائمری اسکولوں کی تعداد (۳۱۷۰۰۰) لاکھ ہے، اس لئے ہندوستان میں، یہاں کی

کو سامنے رکھتے ہوئے (۰۴۸۱۵۴۹) لاکھ پرائمری اسکول ہونے چاہئیں لہذا امریکہ کے لحاظ سے، ہندوستان میں (۴۰۸۵۴۲۹) لاکھ پرائمری اسکول کم ہیں۔

## انگلستان

انگلستان کی آبادی ۴ کروڑ ۱۰ لاکھ ہے اور پرائمری سکولوں کی تعداد ۲۰۸ ہزار ہے۔ اس لحاظ سے ہندوستان میں، یہاں کی آبادی کو سامنے رکھتے ہوئے (۹۴۹۴۱۶) لاکھ تقریباً پرائمری اسکول ہونے چاہئیں، لہذا انگلستان کے مقابلہ میں، ہندوستان میں (۹۴۹۴۸۳) لاکھ پرائمری اسکول کم ہیں۔

جب کہ ہندوستان میں ممالک غیر کے اعتبار سے پرائمری اسکولوں کی تعداد اس قدر کم ہے تو اسی سے ابتدائی تعلیم کا اندازہ کیا جاسکتا ہے کہ اس کا نظام ہندوستان میں کتنے معمولی پیمانہ پر کیا گیا ہے، پھر اگر ہندوستان تعلیم میں تمام ممالک سے پیچھے ہو تو کیا تعجب ہے؟ اب تک صرف ہندوستان کے مدارس سے بحث کی گئی تھی، اور ممالک غیر سے مقابلہ کرکے بتایا گیا تھا کہ مدارس کی تعداد، ہندوستان کی آبادی کے لحاظ سے قطعی ناکافی ہے۔ اب ہندوستان کے ان معلمین کو لیجئے جن کا تعلق گورنمنٹ کے اسکولوں اور کالجوں سے ہے، اور پھر اس کا دوسرے ممالک سے مقابلہ کرکے دیکھئے تو یہ تعداد بھی ہندوستان کی آبادی کے لحاظ سے بہت ہی کم معلوم ہوتی ہے۔

# ہندوستان کا مقابلہ امریکہ سے

ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے سرکاری اسکولوں میں ساڑھے سات لاکھ مدرس کام کرتے ہیں (کالجوں اور یونیورسٹیوں کے مدرسین کی تعداد اس کے علاوہ ہے) ان میں سے نصف مدرسین، صرف زراعت پیشہ اقوام کے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لئے مخصوص

ہیں اور صرف فن زراعت (اگریکلچر) کی تعلیم حاصل کرنے والے طلبہ کی تعداد، امریکہ میں ۸۱ لاکھ ہے۔ صرف اس تعداد کو سامنے رکھتے ہوئے، ہندوستان میں ہر قسم کے طلبہ کی مجموعی تعداد (۲۴۱۵۱۳۹۱) کروڑ ہونی چاہیے، کیونکہ امریکہ کی آبادی دس کروڑ اور ہندوستان کی آبادی ۱۹۲۱ء کی مردم شماری کی رو سے (۳۱۶۰۵۵۲۲) ہے لہذا اس حساب سے ہندوستان میں (۱۴۲۵۸۶۸۸) کروڑ متعلمین کم ہیں ۱۹۲۰ء میں ڈیڑھ کروڑ طلبہ، امریکہ کے صرف ہائی اسکولوں میں زیر تعلیم تھے، ۱۹۲۸ء میں ان کی تعداد ڈھائی کروڑ ہو گئی۔ یعنی ہائی اسکولوں میں اس قلیل عرصے کے اندر ۷۷ فیصدی کا اضافہ ہوا (۱۱) اس لحاظ سے امریکہ اور ہندوستان کی آبادی کو ملحوظ رکھتے ہوئے۔ ہندوستان میں (۴۴۶۰۷۵۵۷) کروڑ طلبہ ہونے چاہئیں۔ اس حساب سے امریکہ کے مقابلہ میں (۶۵۰۲۸۶۳۶) کروڑ طلبہ ہندوستان میں کم ہیں۔

## ہندوستان کا مقابلہ روس سے

اگر ہندوستان کا مقابلہ روس سے کیا جائے تو اور بھی حیرت ہوتی ہے۔ زار روس کے عہد میں صرف ۳۰ فیصدی روسی لکھ پڑھ سکتے تھے، مگر سوویٹ روس کی پنج سالہ اسکیم کے ماتحت صرف ۴½ برس کے اندر ۲ کروڑ ۹۰ لاکھ روسی شہریوں کو نوشت و خواند کی لیاقت پیدا ہو گئی۔ جس سے اب روس میں، خواندہ اشخاص کی تعداد ۹۰ فیصدی ہو گئی ہے۔

روس میں ۱۹۲۳ء میں ابتدائی مدارس کے طلبہ کی تعداد (۱۰۰۰۰۰۰۰) تھی، اور ۱۹۲۳ء میں سیاسی مدارس کے طلبہ کی تعداد (۱۲۰۰۰) تھی۔ ۱۹۳۶ء میں کمیونسٹ

یونیورسٹی میں پڑھنے والے، چھ ہزار سے زائد تھے، اور مختلف علوم وفنون کی باضابطہ یونیورسٹیوں میں ڈیڑھ لاکھ سے زائد طلبہ زیرتعلیم تھے۔ (رجامعہ)

اس وقت روس کے اسکولوں میں ایک کروڑ ۸۰ لاکھ طلبہ موجود ہیں۔ اور پانچ لاکھ بچے کنڈرگارٹن اسکولوں میں پڑھ رہے ہیں۔ اس لئے روس میں زیرتعلیم طلبہ کی مجموعی تعداد (۱۹۳۰۰۰۰۰) ہوتی ہے اور روس کی آبادی زائد سے زائد ۱۴ کروڑ ہے۔ اس لحاظ سے ہندوستان میں (۴۳۲۹۹۵۷۷) طلبہ زیرتعلیم ہونے چاہئیں۔ اس حساب سے روس کے مقابلہ میں (۳۳۴۰۶۸۶۴) طلبہ ہندوستان میں کم ہیں۔

## ہندوستان کا مقابلہ بلجیم سے

گر ہندوستان کا مقابلہ بلجیم سے کیا جائے، تو حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔ بلجیم کی مجموعی آبادی (۷۶۰۰۰۰۰) لاکھ ہے۔ یعنی ہندوستان کی آبادی کا چالیسواں حصہ لیکن بلجیم کی اس قلیل آبادی میں۔ طلبہ کی تعداد (۱۹۸۷۳۲) ہے اس لئے بلجیم کے اعتبار سے ہندوستان میں۔ یہاں کی آبادی کو پیش نظر رکھتے ہوئے (۸۲۶۱۶۸۳۵) طلبہ ہونے چاہئیں۔ اس حساب سے ہندوستان میں (۷۲۷۲۴،۳۲) طلبہ کی کمی ہوئی۔

شاید آپ کہیں کہ یہ ممالک اور بالخصوص امریکہ تو دنیا میں سب سے زیادہ متمدن ملک ہے۔ بھلا وہاں کی ترقیوں کا مقابلہ، ہندوستان کس طرح کر سکتا ہے اگرچہ ہندوستان کی آبادی کو دیکھتے ہوئے یہ تخیل طفلانہ کہلائے گا۔

خیر امریکہ کو جانے دیجئے، دنیا کے سب سے زیادہ مصیبت زدہ ملک ترکی کو لیجئے، جو اپنے بہادر شہسواروں کی جانیں، اور اپنے صبا رفتار گھوڑوں کی گردنیں، اپنی رعایا کی محنت سے کمائی ہوئی دولت، اور اپنے ملک کا اکثر و بیشتر حصہ، تہذیب تمدن کے دعوی کرنے والوں اور اپنے کو انسانیت کا واحد حصہ دار سمجھنے والوں کی نذر کر چکا ہے۔

ان ساری چیزوں کے باوجود ترکی، ہندوستان سے تعلیم میں کہیں بڑھا ہوا ہے۔

# ہندوستان کا مقابلہ ترکی سے

آخری مردم شماری کے مطابق ترکی کی آبادی ۱۳ ملین یعنی ایک کروڑ تیس لاکھ ہے ترکی میں پانچ قسم کے مدارس ہیں، جن میں سے ۴ قسم کے مدرسے، اور یونیورسٹی جس میں صرف قانون، صنعت و حرفت، سائنس، ادبیات، دندان سازی، دوا سازی کے شعبے داخل ہیں، کے طلبہ کی تعداد ذیل میں درج کی جاتی ہے۔ مختلف علوم و فنون مثلاً طب، انجنیری وغیرہ کے کالج اور ان میں زیر تعلیم طلبہ کی تعداد اس کے علاوہ ہے

| قسم مدارس | تعداد طلبہ |
| --- | --- |
| دیہاتی مدارس | ۲۸۴۰۶۸ |
| ابتدائی مدارس | ۱۶۹۹۲۵ |
| مڈل اسکول | ۲۰۴۶۳ |
| ہائی اسکول | ۶۸۶۸ |
| یونیورسٹی ؀ | ۳۴۶۳۹ |
| کل تعداد | ۵۱۰۲۶۳ |

؀ یونیورسٹی کے طلبہ میں قانون داخل کرنیوالے (۱۴۳۹) ہیں۔ فن حاصل کرنیوالے ۴۰۰ ہیں سائنس کے شعبہ میں ۶۹۰ ہیں ادبیات سے شغف رکھنے والے (۳۱۱) ہیں دندان سازی، اور دوا سازی کے درجوں میں (۳۸۲) ہیں

۲ منہ

ترکی کے صرف ان مدارس میں، زیر تعلیم طلبہ کی تعداد کے لحاظ سے، ہندوستان میں یہاں کی آبادی کے اعتبار سے (۱۲۳۱۲۱۵۴۲) کروڑ طلبہ ہونے چاہئیں۔ اس حساب سے ترکی کے مقابلہ میں (۲۴۲۳۴۵۱) لاکھ طلبہ ہندوستان میں کم ہیں۔

# آبادی کے اعتبار سے اوسط متعلمین فیصدی

اگر مختلف ممالک کے طلبہ کی تعداد کو ان کی آبادی پر پھیلا کر اوسط متعلمین نکالا جائے تو ذیل کا نقشہ تیار ہوتا ہے؛

| نام ملک | اوسط متعلمین فیصدی | نام ملک | اوسط متعلمین فیصدی |
| --- | --- | --- | --- |
| جرمنی | ۳۹٫۵ | انگلستان | ۳۶٫۲ |
| امریکہ | ۳۷٫۵ | فرانس | ۲۸٫۴ |
| ڈنمارک | ۳۵٫۴ | ترکی | ۳٫۶ |
| جاپان | ۳۸٫۵ | بلجیم | ۲۶٫۱۴ |
| روس | ۱۳٫۷ | ہندوستان | ۳٫۲ |

آپ نے دیکھا کہ ہندوستان کا اوسط متعلمین تمام ممالک سے کم ہے۔ باوجودیکہ ہندوستان کی آبادی سب سے زیادہ ہے، یہ سارے اعداد و شمار ۱۹۲۱ء کی مردم شماری اور تعداد متعلمین کے اعتبار سے مرتب کئے گئے ہیں۔ ۱۹۲۵ء میں ہندوستان نے تعلیم میں کچھ ترقی کی ہے جسے بہت ہی فخر کے ساتھ بیان کیا جاتا ہے، لیکن تعلیم کے متعلق جو اعداد و شمار شائع ہوئے ہیں اس سے ترقی کا اندازہ کیا جا سکتا ہے۔ ۱۹۲۵ء میں (۹۱۱۳) مدارس کا اضافہ

ہوا اور اسی سال (۲۸۲۰۷۰) طلبہ زائد ہوئے، لیکن جب ہم یہ دیکھتے ہیں کہ ......
(۲۸۲۰۶۰) طلبہ میں (۴۰۰۰۰) طلبہ وہ ہیں جو ابتدائی مدارس میں داخل ہوئے تو
معلوم ہوتا ہے کہ ترقی کی رفتار ہمت افزا نہیں،

| سال | کالج | سکنڈری سکول | پرائمری اسکول |
|---|---|---|---|
| سنہ ۱۹۱۵ء | ۱۷ | ۶۱۴ | ۵۶۷۹ |
| سنہ ۱۹۲۰ء | ۳۷ | ۱۰۷۵ | ۶۳۸۶ |
| سنہ ۱۹۲۴ء | ۳۱ | ۱۷۵۸ | ۶۶۰۱ |
| سنہ ۱۹۲۷ء | ۳۸ | ۲۷۴۷ | ۷۱۴۴ |

آپ نے دیکھا کہ سنہ ۲۴ء میں کالجوں کا اضافہ ہوا، لیکن سنہ ۱۹۲۷ء میں پھر تین کالج کم کر دیئے گئے، شاید حکومت کے نزدیک کالجوں کی یہ تعداد ضرورت سے زیادہ ہو گئی ہو ور کالج طلبہ سے خالی پڑے رہتے ہوں۔

اور اس اضافہ کے بعد بھی، سرکاری مدارس کے طلبہ کی کل تعداد، ہندوستان میں (۱۰۱۷۴۷۶۳) ہوتی ہے جو پھر بھی امریکہ اور ترکی کے متعلمین کو سامنے رکھتے ہوئے بہت ہی کم ہے اور خصوصاً روس کی ۴ ½ سالہ ترقی کے مقابلہ میں تو اس کی کوئی حیثیت ہی باقی نہیں رہتی، روس ہی کی طرح جاپان کی ساری ترقیاں بالکل نئی اور تھوڑے سے ہی عرصے کی ہیں۔

جاپان کی تعلیمی ترقی کا اس سے اندازہ کیا جا سکتا ہے، کہ جاپان میں وہ تمام بچے جو پڑھنے کے قابل تھے۔ سنہ ۱۹ء میں ۸۰ فیصدی مدارس میں پڑھتے تھے۔

سنہ ۱۹۱۰ء میں ، ۵۰ فیصدی مدارس میں پڑھتے تھے ،

سنہ ۱۹۲۲ء میں ۹۹ " " " "

اور اسی کے مقابل ایک بدقسمت ملک ہندوستان ہے جہاں سنہ ۱۹۲۶ء تک بھی (۲۲.۰۳) فیصدی سے زیادہ بچے مدارس میں نہ جا سکے .

## متعلمین ابتدائی کا فیصدی اوسط

ابتدائی تعلیم کی اہمیت پہلے بیان کی جا چکی ہے اور یہ بھی تبلایا جا چکا ہے کہ ہندوستان میں ابتدائی اسکولوں کی تعداد ، یہاں کی آبادی کا لحاظ کرتے ہوئے بہت ہی کم ہے . اب ذیل میں ایک نقشہ سنہ ۱۹۱۱ء کی مردم شماری سے مرتب کیا گیا ہے جس سے معلوم ہوگا کہ مختلف ممالک کے متعلمین ابتدائی کو وہاں کی آبادی پر پھیلا کر اوسط نکالا جائے تو ہندوستان ہی کے متعلمین ابتدائی کا اوسط تمام ممالک سے کم یعنی فیصدی ایک عشاریہ نکلتا ہے ۔

نقشہ متعلقہ صفحہ ٦٨ پر ملاحظہ کیجئے

# نقشہ منظہر تعداد متعلمین ابتدائی فیصدی

| نام ملک | تعداد متعلمین فی صدی | نام ملک | تعداد متعلمین فیصدی ابتدائی |
|---|---|---|---|
| امریکہ | ۳۱ | نذرلینڈ | ۱۵ سے ۱۷ تک |
| انگلستان | ۱۷ سے ۲۰ تک | سویڈن | ۱۴ |
| جاپان | ۱۱ | بلجیم | ۱۲ |
| سوئزرلینڈ | ۱۷ سے ۲۰ تک | ناروے | ۱۵ سے ۱۷ تک |
| آسٹریلیا | ۱۷ سے ۲۰ تک | فرانس | ۱۴ سے کچھ زائد |
| کناڈا | ۱۷ سے ۲۰ تک | آسٹریا | ۱۵ سے ۱۷ تک |
| جرمنی | ۱۵ سے ۱۷ تک | ہسپانیہ | ۸ سے ۹ تک |
| روس | ۴ سے ۵ تک | ڈنمارک | ۱۳ |
| اٹلی | ۸ سے ۹ تک | فلپائن | ۶ |
| پرتگال | ۴ سے ۵ تک | یونان | ۸ سے ۹ تک |
| | ہندوستان | ۱۰۹ | |

## تعلیم پر خرچ اور اس کی تفصیلات

ہندوستانیوں کی تعیم کے متعلق حکومت کے خیالات یہاں کے باشندوں کو جاہل رکھنے کے منصوبے۔ پھر تعیم کا بعض مخصوص اغراض کے ماتحت جاری کیا جانا اور ہندوستان

کی موجودہ تعلیمی حالت اور اس کا ممالک غیر سے مقابلہ یہ سب کچھ آپ کی نگاہ سے گذرا یقیناً آپ نے اندازہ کر لیا ہوگا کہ جس حکومت نے اپنے ملک میں صرف اس لئے تعلیم جاری کی ہو کہ نظام سلطنت کو باقی رکھنے کے لئے کچھ سستے کلارک ملازم ہاتھ آجائیں، اور جس حکومت نے نظام تعلیم، تعلیم اور رفاہ عام کے لئے قائم ہی نہ کیا ہو۔ بلکہ اس کا مقصد کسی نہ کسی طرح جاہل رکھنے کے الزام کو صرف ایک درجہ تک دفع کرنا ہو۔ یا جس کو یہ خوف ہر وقت دامنگیر رہتا ہو کہ اگر یہ قوم تعلیم یافتہ ہو گئی تو ہماری حکومت باقی نہ رہے گی بھلا وہ کس طرح اپنا یا ملک کا سرمایہ تعلیم میں لگا سکتی ہے اور اگر لگائے بھی تو اس کی مقدار کیا ہوگی؟ لیکن قیاس محض کو رہنما کیوں بنائیے۔ اس سفر کی آخری منزلیں بھی، واقعات ہی کے سائے میں طے کر لیجیے۔

یہ ایک واقعہ ہے کہ اگر ہندوستان کی تعلیمات کے متعلق، ہر قسم کی بحث سے علیحدہ ہو کر، صرف اس خرچ کو دیکھا جائے، جو گورنمنٹ تعلیم کے سلسلہ میں صرف کر رہی ہے تو یقیناً ہر شخص کو یہی فیصلہ کرنا پڑے گا کہ ہندوستان کا نظام تعلیم، حد سے زیادہ مایوس کن ہے

یہ صرف ہمارا خیال نہیں بلکہ سائمن کمیشن، جسے نہ معلوم کن کن توقعات پر مرتب کیا گیا تھا اور اس نے امیدیں پوری کیں۔ لیکن تعلیمات کے مسئلہ پر وہ بھی پردہ نہ ڈال سکا۔ چنانچہ سائمن رپورٹ میں تعلیم کے متعلق لکھا ہے کہ

> سوشل خدمات مثلاً تعلیم، حفظان صحت، صفائی وغیرہ کا صرفہ (مہذب ممالک) کے معیار سے بدرجہا گرا ہوا ہے اور بعض شعبوں میں بالکل صفر ہے۔

اب اس کو کیا کیا جائے کہ جرم کا اقرار خود مجرم اپنی زبان سے کر رہا ہے

اگر ہندوستان کے تعلیمی اخراجات کو دیکھا جائے تو سائمن کمیشن کی تحقیقات کی تصدیق ہوتی ہے:

۱۹۲۲ء تک تو حکومت تعلیم پر تقریباً دس کروڑ روپیہ سالانہ صرف کیا کرتی تھی، لیکن ۲۶-۱۹۲۵ء میں اس خرچ پر (۱۹۰۰۹۰۳۱۰) کروڑ روپیہ کا اضافہ ہوا ہے جس کی صوبہ وار تفصیل حسب ذیل ہے

| نام صوبہ | رقم جس کا اضافہ ہوا | نام صوبہ | رقم جس کا اضافہ ہوا |
|---|---|---|---|
| بمبئی | ۳۷½ لاکھ | مدرس | ۲۶ لاکھ |
| پنجاب | ۲۹ لاکھ | بنگال | ۲۱ لاکھ |
| برما | ۲۷ لاکھ | • | • |

ممالک متحدہ آگرہ و اودھ میں کل اخراجات تعلیمی کا بقدر ۷۵ فیصدی گورنمنٹ صرف کرتی ہے، بخلاف اس کے بنگال گورنمنٹ کا خرچ تعلیمی مد میں صرف ۱ر ۳۱ ہے صوبہ جات متوسط کا ۲ر ۱۱ فیصدی فیس سے وصول ہوتا ہے اور بنگال میں (۲ر ۴۱) فیصدی اخراجات تعلیمی میں فیس سے وصول کیا جاتا ہے، ۱۹۲۸ء میں (۹۷۹۷۳۴۴) لاکھ طلبہ پر مرکزی حکومت ہند نے (۹۵۸۰۹۰۳۰) کروڑ روپیہ صرف کیا یعنی حکومت، اپنی آمدنی سے ۵ فیصدی تعلیم پر خرچ کرتی ہے، جس کا اوسط ایک طالب علم پر عشہ سالانہ ہوتا ہے اس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہندوستان میں تعلیم پر جو مجموعی رقم خرچ ہو رہی ہے اس کا ⅘ حصہ تو فیس وغیرہ سے وصول ہوتا ہے جو اس غریب ملک کے باشندے ادا کرتے ہیں اور صرف ⅕ گورنمنٹ صرف کرتی ہے۔

تازہ اعداد و شمار سے معلوم ہوتا ہے کہ مرکزی اور صوبجاتی حکومتوں کا مجموعی خرچ تعلیمات پر تقریباً ۱۳ کروڑ روپیہ ہے۔ اس لحاظ سے گورنمنٹ ایک طالب علم پر سالانہ ۲ روپے ۳ پائی ۲ پیسہ خرچ کر رہی ہے۔

شاید آپ کو یہ خرچ کافی معلوم ہوتا ہو۔ لیکن اگر ممالک غیر سے مقابلہ کیا جائے تو ہندوستان کا تعلیمی خرچ یہاں کی آمدنی سے بہت ہی کم ہے۔

# امریکہ کے تعلیمی اخراجات سے مقابلہ

امریکہ کی تعلیمی ترقیاں روز افزوں ہیں، رپورٹوں سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ میں سرکاری ہائی اسکولوں کا خرچ (۶۲۵۰۰۰۰۰) کروڑ روپیہ سالانہ ہے، ۱۹۲۰ء میں کالجوں اور یونیورسٹیوں کا سالانہ تعلیمی بجٹ (۹۳۷۵۰۰۰۰) کروڑ روپیہ کا تھا اور ۱۹۲۸ء میں ان پر (۳۷۵۰۰۰۰۰۰) ارب روپیہ صرف کیا گیا۔ اور صرف بالغ اشخاص کی تعلیم پر (۱۸۷۵۰۰۰۰) کروڑ روپیہ صرف کیا جاتا ہے اس کے علاوہ متفرقات تعلیم پر بھی، امریکہ گرانقدر رقم خرچ کر رہا ہے، چنانچہ وہاں سرکاری اسکولوں کے ساز و سامان پر (۹۳۷۵۰۰۰۰) کروڑ روپیہ خرچ کیا گیا ہے اور اگر ان کی عمارتوں کا خرچ بھی اس میں شامل کر دیا جائے تو اس کی تعداد (۲۱۸۷۵۰۰۰۰) ارب روپیہ ہو جاتی ہے اور ۱۹۳۶ء میں سرکاری اسکولوں کی عمارتوں پر (۲۰۰۰۰۰۰۰۰) ارب روپیہ خرچ ہوا۔

حساب لگایا گیا ہے کہ امریکہ کے سرکاری اسکولوں میں، صرف کاغذ، پنسل، سیاہی پر ۳ کروڑ ۲۰ لاکھ ڈالر (۱۰ کروڑ روپیہ) صرف ہوتے ہیں۔

امریکہ کے محکمہ تجارت کا اعلان مظہر ہے کہ ریاست ہائے متحدہ امریکہ کے ایسے ۲۵۰ شہروں میں جن کی آبادی (۳۰۰۰۰) سے زیادہ ہے تعلیمی خرچ ر (۱۸۹۶۰۶۲۰۳۷) ارب روپیہ / ہے۔ جو آمدنی کے لحاظ سے ۳۰ فیصدی ہے اور ایسے شہروں میں جن کی آبادی ۳۰ ہزار سے کم ہے، ہر شخص پر (۱۹۶۸) روپیہ ۱۲/ سالانہ صرف کیا جاتا ہے۔

یقیناً امریکہ کی یہ تعلیمی ترقیاں حیرت افزا ہیں، ظاہر ہے کہ گورنمنٹ امریکہ کی سالانہ آمدنی اتنے بڑے اخراجات کی متحمل نہیں ہو سکتی، لیکن امریکہ قرض لے لے کر تعلیم کو ترقی دے رہا ہے، چنانچہ صرف سنہ ۱۹۲۶ء میں اسکولوں کے لئے جو رقم امریکہ نے قرض لی ہے اس کی تعداد (۳۰۶۸۷۵۰۰۰۰) ارب روپیہ ہے۔

اخراجات کے ان اعداد و شمار اور ترقی کی اس رفتار کا تو ہندوستان خواب بھی نہیں دیکھ سکتا ان حالات کو تو جانے دیجئے، امریکہ کے زمانہ سابق کے تعلیمی خرچ کو لیجئے اس اعتبار سے بھی ہندوستان بہت پیچھے نظر آئے گا۔

ہندوستان کی مرکزی حکومت کی آمدنی ایک ارب ۳۸ کروڑ ہے اور مرکزی حکومت کا خرچ تعلیم پر زائد سے زائد ۱۰ کروڑ ۵۳ لکھ بتلایا جاتا ہے۔ اسی کے مقابلہ میں امریکہ زمانہ سابق میں اپنی ۱۲ ارب آمدنی میں ۲ ارب ۴۳ کروڑ روپیہ تعلیم پر صرف کرتا تھا۔ اس لئے ہندوستان کو بھی آمدنی میں سے ۲۶ کروڑ ۱۹ لاکھ روپیہ تعلیم پر خرچ کرنا چاہیئے لہٰذا ہندوستان (۱۶ کروڑ ۲۶ لاکھ) روپیہ کم خرچ کر رہا ہے۔

## تعلیمی خرچ میں بلجیم سے مقابلہ

بلجیم کی آمدنی (۸۲۵۰۰۰۰۰۰) کروڑ روپیہ ہے اور تعلیمی خرچ (۲۰۲۸۷۷۹۶)

کروڑ روپیہ ہے۔ اس حساب سے مرکزی حکومت ہند کو اپنی آمدنی میں سے (۲۳۹۳۵۹۲۲۶) کروڑ روپیہ تعلیم پر خرچ کرنا چاہیئے لہذا ہندوستان میں بلجیم کے لحاظ سے تعلیم پر (۲۳۶۰۵۹۳۲) کروڑ روپیہ کم خرچ ہو رہا ہے مسٹر میجر فریمین، ممبر پارلیمنٹ و صدر کامن ویلتھ آف انڈیا لیگ) کے تخمینہ کے مطابق حکومت ہند اپنی آمدنی کا چار فیصدی تعلیم پر خرچ کرتی ہے اور بعض لوگوں نے ۵ فیصدی کا اندازہ کیا ہے، زیادہ سے زیادہ (۶ر۷) فیصدی بتایا گیا ہے۔ لیکن اس کے مقابلہ میں امریکہ اپنی آمدنی کا (۵ر۱۹) فیصدی تعلیم پر خرچ کرتا ہے اور بلجیم کا تعلیمی خرچ اس کی آمدنی کے اعتبار سے (۶ر۲۴) فیصدی ہے، ہندوستان کا تعلیمی خرچ فی کس بھی تمام ممالک سے کم ہے جو ذیل کے نقشہ سے معلوم ہوگا۔

نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ ہو

# مختلف ممالک میں تعلیمی خرچ فی کس

| نام ملک | تعلیمی خرچ فی کس | کیفیت |
| --- | --- | --- |
| بلجیم | [illegible] | طبی معائنہ اور قابل علاج بچوں کا خرچ اس میں شامل نہیں |
| پرنس ایڈورڈ ایلینڈ | ماعہ ۲/ | |
| نواسکوشیا | مار | |
| نیو برانس | ماسے ۴/ | |
| کولمبیا | ماعہ ۹/ | |
| مغربی اسٹریلیا | ماعہ ۹/ ۲ پائی | |
| جنوبی اسٹریلیا | ماعہ ۹/ ۹ پائی | |
| وکٹوریہ | ماعہ | |
| نیو ساؤتھ ویلز | ماعہ ۲/ | |
| تسمانیہ | ماعہ ۲/۱۱ پائی | |
| نیوزی لینڈ | ماعہ ۱۲/ | |
| ہندوستان | عہ | |
| انگلستان | | |
| امریکہ | | |

ہندوستان میں، ابتدائی تعلیم پر حکومت جو خرچ کر رہی ہے۔ اس کا بھی یہی حال ہے۔ ذیل کے نقشہ میں ہندوستان کے صرفہ تعلیم ابتدائی فی کس کا۔ ممالک غیر سے مقابلہ کیا گیا ہے۔ جس سے معلوم ہوگا کہ تعلیم ابتدائی پر حکومت ہند تمام ممالک سے کم خرچ کرتی ہے۔ جس کا مفہوم یہ ہے کہ حکومت یہ کبھی نہیں چاہتی کہ ہندوستان میں خواندہ لوگوں کا وسط بڑھے۔ جس سے انہیں سیاسی حقوق کے نہ دیے جانے کا بہانہ ہاتھ سے جاتا رہے۔

# صرف تعلیم ابتدائی فی کس ۱۹۱۱ء

| نام ملک | صرفہ تعلیم ابتدائی فی کس | نام ملک | صرفہ تعلیم ابتدائی فی کس |
|---|---|---|---|
| امریکہ | عہ ۵ | سوئیڈن | للعہ ۳ ر |
| انگستان | ہعہ ۸ ر | بلجیم | للعہ ر |
| سوئزرلینڈ | عہ ۹ ر | ناروے | سے ۱۳ ر |
| آسٹریلیا | سے | فرانس | سے ر |
| کناڈا | ہعہ ۴ ر | آسٹریا | ۶ ۵ ر |
| اسکاٹلینڈ | ہعہ ۳ ر | ہسپانیہ | ۱۳ ر |
| جرمنی | ہعہ ۲ ر | روس | ۶ ر |
| آئرلینڈ | للعہ ۱۳ ر | ہندوستان | ۱ ر |
| نذرلینڈ | للعہ ۱۲ ر | ۔ | ۔ |

شاید اب بھی آپ خیال کرتے ہوں۔ ہندوستان کی آمدنی اتنے ہی خرچ کی متحمل ہے

... اور حکومت مجبوریوں میں کچھ اس طرح گھری ہوئی ہے کہ تعلیم پر اس سے زیادہ صرف نہیں کر سکتی لیکن اس کو کیا کیا جائے کہ واقعات اس کے خلاف ہیں اور خود انگریزوں کے اقوال ہمیں بتلا رہے ہیں کہ حکومت روپیہ کی فراوانی کے باوجود قصداً تعلیم پر کم خرچ کر رہی ہے۔ چنانچہ ڈاکٹر جے ٹی سوئز رلینڈ کہتا ہے کہ

> کہ انگریزوں کو غیر ضروری پنشن دینے اور اس سے بدتر سلطنت کی خاطر غیر ضروری فوجی اور دیگر مدات پر کثیر رقوم صرف کرنے کی بجائے اگر یہ روپیہ ہندوستان کے مفاد پر خرچ کیا جائے تو ہندوستان میں عام تعلیم کے اجرا کے لئے روپیہ وافر ہے۔"

واقعہ یہ ہے کہ اگر حکومت کا مقصد ہندوستانیوں کو فائدہ پہنچانا ہوتا اور وہ گراں قدر رقمیں جو دوسری مدوں پر صرف کی جا رہی ہیں مفاد عامہ پر خرچ کی جاتیں۔ تو آج ہندوستان کی تعلیمات کا نظام اعلیٰ ترین پیمانہ پر ہوتا۔ لیکن حکومت تو صرف یہ چاہتی ہے کہ ہمارے پیر ہندوستان سے نہ اکھڑنے پائیں، اور جب تک ہندوستان ایک بے جان نعش بن کر نہ رہ جائے اس وقت تک ہماری ہی حکومت اس ملک پر باقی رہے۔ اسی لئے مرکزی حکومت ہند کا خرچ سب سے زیادہ فوج پر ہے یعنی ر ۵۸۵۰۰۰۰۰ کروڑ روپیہ اور اگر پولیس کا خرچ بھی اس میں شامل کر لیا جائے تو اس کی تعداد ر ۷۰۰۰۰۰۰۰ کروڑ روپیہ ہو جاتی ہے یعنی حکومت ہند، ۳ فیصدی، فوج اور پولیس خرچ کرتی ہے باوجودیکہ ہندوستان ایک ایسا ملک ہے، جسے قدرت نے، بڑے بڑے بلند پہاڑوں کے ذریعہ، دشمنوں کی زد سے اس طرح محفوظ کر رکھا ہے، جس کے بعد فوج کے عظیم الشان نظام اور اس پر غریب ہندوستان کی آمدنی کا سب سے زیادہ

خصہ خرچ کرنے کی کوئی ضرورت باقی نہیں رہتی. لیکن حکومت کا منشہ تو یہ ہے کہ فوج
اور پولیس کے ذریعہ ہندوستانیوں کے قلوب کو مرعوب رکھا جائے تاکہ ان میں کبھی صحیح
احتجاج اور حق کی آواز بلند کرنے کی بھی ہمت پیدا نہ ہو۔

آج کل ہندوستان کے لئے لارڈ رپن کے زمانہ سے زائد خطرات نہیں ہیں لیکن
اس زمانہ میں ۲۰ کروڑ روپیہ فوج پر خرچ ہوتا تھا۔ اگر اس امن و امان کے زمانہ میں
بھی ۵۰ کروڑ پچاس لاکھ کے بجائے ۲۱ کروڑ ہی روپیہ فوج پر خرچ کیا جائے تو بقیہ
۲۹ کروڑ پچاس لاکھ روپے میں عہ سالانہ کے حساب سے جو گورنمنٹ ایک طالب علم
پر خرچ کرتی ہے۔ ۴ ۱/۲ کروڑ طلبہ زائد تعلیم پا سکتے ہیں۔

لارڈ رپن کے زمانہ کو بھی چھوڑیئے اور ۱۹۱۴ء کے زمانہ کو لیجئے جبکہ ترکی اور جرمنی قوتیں پورے کمال پر تھیں۔ اس سے
زیادہ خطرہ کا زمانہ ہندوستان پر کبھی نہیں گذرا۔ لیکن اس زمانہ میں بھی ہندوستان میں فوج کا خرچ ۲۹ کروڑ روپیہ سالانہ تھا
اگر اس اطمینان و سکون کے زمانہ میں بھی فوجی نظام ۱۹۱۴ء کے مطابق رکھا جائے، جو ہندوستان کی حفاظت کیلئے یقیناً کافی ہے
تو موجودہ اخراجات کے لحاظ سے ۲۱ ۱/۲ کروڑ روپیہ سالانہ فوج پر زائد اور بلا ضرورت خرچ کیا جاتا ہے اگر یہ روپیہ تعلیم پر خرچ کیا
جائے، تو عہ سالانہ فی طالب علم کے حساب سے جو حکومت ہندوستان میں خرچ کر رہی ہے ۲۱ ۱/۲ کروڑ روپیہ میں ۲ کروڑ
۵۰ لاکھ زائد طلبہ تعلیم حاصل کر سکتے ہیں۔ ان تمام چیزوں سے علیحدہ ہو کر اگر فوج کا موجودہ نظام اور تعداد باقی رکھی جائے
لیکن فوج سے پچاس ہزار گوروں کو نکال دیا جائے اور ان کی جگہ ہندوستانی سپاہی رکھے جائیں تو موجودہ فوجی اخراجات میں
۸ کروڑ پچاس لاکھ کی کمی ہو جاتی ہے اگر صرف اس رقم کو تعلیم میں لگا دیا جائے تو عہ کے حساب سے جو گورنمنٹ ایک
طالب علم پر سالانہ صرف کر رہی ہے، ۸ ۱/۲ کروڑ روپیہ میں ۵۰ لاکھ سے زائد طلبہ کی تعلیم کا نظم ہو سکتا ہے غرض اگر
حکومت کچھ بھی توجہ سے کام لے تو صرف فوجی اخراجات میں بے فکری کر کے تعلیم کے نظام کو بہتر بنایا جا سکتا ہے لیکن حکومت
فوج پر اندازہ سے زائد خرچ کر سکتی ہے تاکہ تخفیف اور ہندوستانیوں کی سخت گیری کی پالیسی باقی رہے اور تعلیم پر

اس خوف سے کم سے کم خرچ بھی نہیں کرنا چاہتی کہ اس سے کہیں ہندوستانیوں میں بیداری کی لہر پیدا نہ ہو اور وہ غلامی و آزادی میں امتیاز نہ کرنے لگیں۔

# کالے گورے کا تعلیمی امتیاز

تعلیمی اخراجات کی یہ ساری تفصیل ہندوستانیوں کے ساتھ مخصوص ہے۔ لیکن آپ کو حیرت ہو گی کہ اسی ہندوستان میں اگر ایک گورے رنگ کا انسان اپنی جیب یا اپنے ملک کے روپیہ سے نہیں بلکہ اسی ہندوستان کے روپئے سے کسی دوسرے ملک میں نہیں اسی ہندوستان میں تعلیم حاصل کرتا ہے تو اس پر حکومت ہند اور دوسرے ممالک کے لگ بھگ خرچ کرتی ہے اور جب ایک انگریز اسی فضا میں تعلیمی میدان کے اندر قدم رکھتا ہے تو ہندوستان جو اپنے باشندوں کے حق میں ایک غریب ملک ہے، اس انگریز کے لئے دولتمند ہو جاتا ہے اور حکومت ہند کی آمدنی میں اتنی گنجائش نکل آتی ہے کہ وہ اس کو اعلیٰ پیمانہ پر تعلیم دلا سکے، یہ تعلیمی امتیاز ہندوستان کے ہر گوشہ میں ہے۔ صرف صوبہ بنگال کا نقشہ ذیل میں درج کیا جاتا ہے۔

## صوبہ بنگال میں کالے گورے میں تعلیمی امتیاز

| انگریزوں کیلئے سرکاری خزانہ سے | رقم | ہندوستانیوں کیلئے سرکاری خرچ سے | رقم |
|---|---|---|---|
| ابتدائی مدارس میں فی طالب علم | ۸ر۴۸ روپیہ | ابتدائی مدارس میں فی طالب علم | ۳ر۱ روپیہ |
| ثانوی مدارس میں فی طالب علم | ۳ر۹۶ " | ثانوی مدارس میں فی طالب علم | ۹ر۴ " |

انگریزوں پر ہندوستان میں تعلیمی خرچ کی تفصیل ہمیں بتلا رہی ہے کہ ہندوستان

کی آمدنی میں یقیناً اتنی گنجائش موجود ہے کہ ہندوستانیوں کی تعلیم کا نظم بھی اسی معیار پر کیا جا سکے۔ لیکن صرف اس لئے نہیں ہو سکتا کہ ہندوستان کا مالیہ غیروں کے ہاتھ میں ہے، اور جس کے ہاتھ میں ہے، اس کو ہندوستانیوں کی تعلیم کی طرف کوئی توجہ نہیں

مسٹر کوٹ مین کی مرتبہ رپورٹ بابتہ ۱۹۲۸ء، ۱۹۲۷ء جس سے پہلے بھی دو نقشہ پیش کئے جا چکے ہیں سی سے ذیل میں تعلیمی خراجات کی تفصیل، بصورت نقشہ پیش کرنے کے بعد اس عنوان کو ختم کیا جاتا ہے

اس نقشہ میں ۱۸۸۶ء سے ۱۹۲۷ء تک، ہر پانچ سال کی مجموعی رقم جو پورے ہندوستان میں تعلیم پر خرچ ہوئی درج ہے۔ اس میں تمام وہ اخراجات داخل ہیں جو گورنمنٹ یہ ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپلٹیوں نے تعلیم پر کئے یا طلبہ سے فیس وغیرہ کی شکل میں وصول ہوئے۔

اس نقشہ میں پانچ خطوط ہیں۔ سب سے بڑا خرچ تو کل تعلیمی خرچ کا ہے اور بقیہ چار خطوط کا مقصد صرف یہ ہے کہ میونسپلٹیوں، ڈسٹرکٹ بورڈوں، طلبہ کی فیس اور گورنمنٹ سے جو روپیہ تعلیم میں ملتا ہے ان میں باہم تناسب دکھایا جائے۔ اسی لئے یہ خطوط چھوٹے بڑے رکھے گئے ہیں۔

(نقشہ اگلے صفحے پر ملاحظہ ہو)

رقوم ملین میں، ایک ملین = دس لاکھ

# تعلیم پر کل ہندوستان کا خرچ اور اسکی تقسیم

سنہ ۱۹۱۷-۱۸ء تک ہر پانچویں سال کی رقم اور
اس کے بعد سے سالانہ

کل خرچ

سرکاری روپیہ سے خرچ

فیسوں سے

ڈسٹرکٹ اور لوکل بورڈوں سے

میونسپلیٹیوں سے

۱۸۷۷-۷۸
۱۸۸۲-۸۳
۱۸۸۷-۸۸
۱۸۹۲-۹۳
۱۸۹۷-۹۸
۱۹۰۲-۰۳
۱۹۰۷-۰۸
۱۹۱۲-۱۳
۱۹۱۷-۱۸
۱۹۱۸-۱۹
۱۹۱۹-۲۰
۱۹۲۰-۲۱
۱۹۲ -۲۲
۱۹۲۳-۲۴
۱۹۲۴-۲۵
۱۹۲۵-۲۶
۱۹۲۶-۲۷

۲۴۰۰
۲۲۰۰
۲۰۰۰
۱۸۰۰
۱۶۰۰
۱۴۰۰
۱۲۰۰
۱۰۰۰
۸۰۰
۶۰۰
۴۰۰
۲۰۰

# تعلیم یافتوں کی بیکاری

انگریزی ہندوستانیوں کی مادری زبان نہیں بلکہ ایک اجنبی زبان ہے اس لیے
انگریزی دو ہی مقصد سے پڑھی جا سکتی ہے۔ ایک تو یہ کہ علمی ذوق رکھنے والے۔ اس کے
ذریعہ علوم و فنون حاصل کریں دوسرے یہ کہ چونکہ انگریزی حکومت کی زبان ہے، اس لیے
اس کے ذریعہ روٹی کا سوال حل کیا جا سکے۔ لیکن ہندوستان میں انگریزی تعلیم کا نظام
نہ اتنا اعلیٰ ہے اور نہ معیار تعلیم اس درجہ بلند کہ انسان صرف علم و فن حاصل کرنے کیلئے
تعلیمی سلسلہ شروع کرے اس لئے ہندوستان کی تعلیم ذریعہ معاش بن کر رہ گئی ہے
اور صرف ملازمت وغیرہ کے خیال سے انگریزی تعلیم میں قدم رکھا جاتا ہے۔ خصوصاً
یہاں کے ثانوی مدارس میں صرف زبان کی تعلیم ہوتی ہے۔ جس کے بعد انسان منشی گری
کے علاوہ اور کچھ نہیں کر سکتا۔ لیکن ملازمتوں کا یہ حال ہے کہ ہندوستان کے گریجویٹ
کی قیمت آج کل صعہ یا سعہ سے زیادہ نہیں اگرچہ وہ تعلیم کے زمانہ میں کسی
طرح للعہ، صہ ماہوار سے کم خرچ نہیں کیا کرتے تھے۔

ملازمتوں کی تعداد بہرحال محدود ہے۔ اور تعلیم یافتہ طبقہ ہر سال بڑھتا جا رہا
ہے۔ اس لئے محدود ملازمتوں میں ہر سال ایک بڑی تعداد کا سمانا کس طرح ممکن ہے
اور اس پر ستم یہ ہے کہ اب تک محکموں میں تخفیف کا سلسلہ برابر جاری ہے

یوپی کونسل کے اجلاس ۱۹۳۳ء میں پنڈت شری سدیا تن پانڈے نے تقریر
کرتے ہوئے کہا کہ۔

بیکاری کا یہ عالم ہے کہ ایک جگہ ۲ آسامیاں خالی ہوئی تھیں ان کیلئے

جب درخواستیں طلب کی گئیں تو ۵۰ اسو امیدواروں کی عرضیاں موصول ہوئیں
یہ تو یوپی کا حال تھا۔ اسی طرح صوبہ مدراس کے متعلق اخبار "ایڈوکیٹ" اپنی
۱۱ ستمبر ۱۹۳۲ء کی اشاعت میں رقم طراز ہے کہ

مدراس کے متوسط طبقہ کی بے روزگاری کا اندازہ اس خبر سے کیا جاسکتا ہے کہ
مدراس یونیورسٹی کی ایک آسامی کے لیے جس کا مشاہرہ صرف ۲۳ روپیہ ماہوار ہے
(۵،۹) درخواستیں موصول ہوئیں ان درخواستوں میں (۲) آنرز گریجویٹ (۲۰۰)
بی اے اور (۲) بی اے ایل ایل بی کی درخواستیں بھی شامل تھیں۔ علاوہ ازیں انٹرنیڈیٹ
پاس لوگوں کی درخواستیں بہت زیادہ تھیں۔ ملازمت کے شرائط پڑھنے کے بعد آپ کو
اور بھی تعجب ہوگا کہ کس قدر سخت اور مایوس کن شرائط کی موجودگی میں یونیورسٹی کو
درخواستوں سے پاٹ دیا گیا، شرائط یہ ہیں۔ ابتدائی تین سال تک کوئی ترقی نہیں
دی جائے گی۔ بعد ازاں ایک روپیہ سالانہ ترقی کے ساتھ ۳۰ روپیہ تک ترقی ہوگی
یعنی ۳۵ روپے سے زائد تنخواہ اس آسامی کی نہیں ہوسکتی۔"

یہ تو صرف مثال کے طریقہ پر دو صوبوں کی حالت پیش کی گئی ہے، لیکن واقعہ یہ ہے
کہ اس قسم کے واقعات سے، ہندوستان کا کوئی ضلع خالی نہیں، بلکہ ہر جگہ اس قسم کے
واقعات پیش آچکے ہیں آپ کو ہندوستان میں کثرت سے ایسے گھرانے ملیں گے جنہوں
نے ملازمت کی امید پر، جائیدادوں پر قرض لیکر اپنے بچوں کو تعلیم دلائی۔ لیکن گریجویٹ
ہونے کے بعد بھی انہیں ملازمت نہ مل سکی۔ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ رہی سہی جائیداد بھی
نیلام ہوگئی، اور فاقہ کشی کی نوبت آپہونچی۔ ملازمت نہ ملنے کی وجہ سے ہندوستان
کے گریجویٹ عام طور پر وکالت کا پیشہ اختیار کرتے ہیں۔ لیکن اب ہندوستان کے اکثر

ضلعوں میں وکلاء کی اتنی کثرت ہو گئی ہے کہ شاید تھوڑے دنوں میں، ان کی تعداد موکلوں سے بھی بڑھ جائے۔ چنانچہ سر سی پی رائے نے حال میں ہندو کالج دہلی میں تقریر کرتے ہوئے فرمایا کہ

> کلکتہ کے قریب علی پور ایک چھوٹا سا ضلع ہے، اس ضلع میں ایک ہزار سے زائد وکلاء اور بیرسٹر موجود ہیں اور ہر سال ان میں دس پندرہ کا اضافہ ہوتا رہتا ہے ان لوگوں کی اوسط آمدنی فی کس ۲۰ روپے ماہوار سے زائد نہیں لیکن حالت یہ ہے کہ طالب علمی کے ایام میں ان کا خرچ ۵۰ ماہوار سے کم نہ تھا؛

اسی لئے وکلاء کی اکثریت ہر جگہ ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھی رہتی ہے، ان وجوہ سے اب لوگوں کے قلوب وکالت کی طرف سے بھی پھر رہے ہیں، کیونکہ اب اس سے بھی روٹی کا سوال حل نہیں ہوتا۔

ان وجوہ کی بنا پر تعلیم یافتوں میں خصوصاً بے کاروں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے۔ تعلیم گاہیں ہر سال اپنی برادری دوگنی کرتی جا رہی ہیں لیکن ذرائع معاش کم ہوتے جا رہے ہیں، یہاں تک کہ بیکاری کی بدولت بعض مقامات پر خودکشی کے واقعات پیش آ رہے ہیں۔

سر تیج بہادر نے الہ آباد میں تقریر کرتے ہوئے کہا کہ

> عام طور پر بیکاری میں اضافہ ہے اور بالخصوص تعلیم یافتہ طبقہ میں بیکاری روز افزوں ہے۔ اگر ابھی سے اس طرف توجہ نہ کی گئی تو عنقریب خطرناک صورت پیدا ہو جائے گی۔ ہر سال پانچ ہزار سے لیکر سات ہزار تک نوجوان یونیورسٹیوں سے اسناد لیکر نکلتے ہیں۔ لیکن ان میں سے ۱۰ فیصدی کو بمشکل جگہ ملتی ہے؛

بے کاری کی دبا صرف ہندوستان ہی میں نہیں، دوسرے ممالک میں بھی موجود ہے لیکن وہاں اس کا نظم کیا جاتا ہے۔ اور حکومت بیکاروں کے پیٹ کا سوال حل کرتی ہے دوسرے ممالک میں ابتدا سے تعلیم کے ساتھ کسی نہ کسی پیشہ کی تعلیم دی جاتی ہے امریکہ کے سرکاری اسکولوں میں ۶۰٪ مختلف پیشوں کی تعلیم کا نظم ہے۔ اس لئے وہاں کے اسکولوں اور کالجوں سے نکلنے کے بعد، انسان اپنے اندر ایک ایسا ہنر پاتا ہے۔ جس کے ذریعہ وہ اپنا اور گھر والوں کا پیٹ پال سکتا ہے اس کے بعد بھی اگر بیکاروں کی تعداد باقی رہتی ہے تو پھر حکومتیں ان کا کوئی اور نظم کرتی ہیں

امریکہ میں نیشنل اسٹوڈنٹ فیڈریشن (طلبائے قومی کی جمعیت) قائم ہے جس کی سفارشات پر حکومت عمل کرتی ہے یہ جمعیت طلباء کے لئے آسانیاں بہم پہونچاتی ہے، وران کے لئے کام تلاش کرتی ہے، اس کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ امریکہ میں گذشتہ ۳ سالوں کے اندر ہزاروں گریجویٹ بے روزگاری سے نجات پا چکے ہیں، ورسنہ ۱۹۳۰ء و سنہ ۱۹۳۱ء و سنہ ۱۹۳۲ء کے کامیاب گریجویٹوں میں سے ۹۳ فیصدی برسرروزگار ہیں اور بقیہ کے متعلق حکومت سے مطالبہ ہو رہا ہے۔ جن میں سے ۵ ہزار بیکاروں کو حکومت کام دے چکی ہے۔

اسی انجمن کی تحقیقات مظہر ہے کہ امریکہ کے داروں میں ۸۶ فیصدی دائرے ایسے ہیں جن کا کام صرف بیکاروں کو کام پر لگانا اور بے روزگاروں کو برسرروزگار کرنا ہے۔ ان میں ۸ ایسے بھی ہیں جو گریجویٹوں اور گریجویٹوں سے کم استعداد والوں کی مدد اور رہنمائی کرتے ہیں۔ امریکہ میں مقامی مالکوں سے درخواست کی گئی ہے کہ وہ بوقت ضرورت انڈر گریجویٹوں کو ملازم رکھیں۔ غرض ایسے مختلف طریقے

اختیار کئے گئے ہیں۔ جن سے بیکاروں کی پریشانیاں رفع ہوں۔

اسی طرح جرمنی میں بیکاروں کا دن بدن خاتمہ ہوتا جا رہا ہے چنانچہ ۳۱ر جولائی سنہ ۱۹۳۳ء تک جرمنی میں بیکاروں کی تعداد (۴۴۸۰۰۰۰) تھی لیکن تھوڑے ہی عرصہ میں اس تعداد میں (۲۵۰۰۰۰) لاکھ کی کمی واقع ہو چکی ہے۔

غرض ہر قوم اپنے بے روزگاروں کی تعداد گھٹا کر اپنا معیار بلند کر رہی ہے اور برطانوی حکومت بھی جہاں تک انگلستان کا تعلق ہے کسی ملک سے پیچھے نہیں۔ لیکن اسی برطانوی حکومت کا سب سے زیادہ نفع رساں اور اہم ملک بدقسمت ہندوستان ہے۔ جس سے نہ معلوم کیوں حکومت کی نگاہیں پھری رہتی ہیں

ہندوستان میں پیشوں کی تعلیم بمنزلہ صفر ہے۔ اس لئے یہاں کے تعلیم یافتہ ملازمت وغیرہ کے علاوہ بطور خود اپنے لئے کوئی کام نہیں نکال سکتے۔ اور شدید احتیاجات کے بعد بھی۔ حکومت نے اب تک بیکاروں کا کوئی نظم نہیں کیا۔ جس کی وجہ سے عام طریقہ پر انگریزی تعلیم سے لوگ بد دل ہوتے جا رہے ہیں کہ آخر یہ ہے کس مرض کی دوا؟

اس لئے اگر ہندوستان تعلیم میں ترقی بھی کر جائے۔ لیکن اسکولوں اور کالجوں میں صنعت و حرفت تجارت و زراعت وغیرہ کی تعلیم نہ دی جائے اور حکومت تعلیم یافتہ بیکاروں کا نظم نہ کرے تو اس وقت تعلیم کو ہرگز کامیاب نہیں کہا جا سکتا۔ بلکہ ایسی تعلیم سے جہالت بدرجہا بہتر ہے۔

## اخبارات و رسائل

تعلیم ہی کی ترقی کا نتیجہ۔ اخبارات و رسائل کی شکل میں ظاہر ہوا کرتا ہے جس ملک

کی علیم ترقی پزیر ہوتی ہے، جس ملک میں تعلیم یافتوں کی تعداد اور زیادہ ہوتی ہے،
اور ان میں صحیح علمی ذوق ہوتا ہے۔ وہاں اخبارات و رسائل کی کثرت ہوتی ہے
ہندوستان اخبارات و رسائل کی حیثیت سے بھی تمام ممالک سے کم ہے۔
اور جو کچھ اخبارات نکلتے ہیں ان کی اشاعت بھی بہت تھوڑی ہے۔

سنہ ۱۹۱۰ء میں ہر قسم کے اخبارات کی مجموعی تعداد ہندوستان میں (۱۶۳۳) تھی
اور اسی سال امریکہ میں صرف روزانہ اخبارات کی تعداد (۲۳۴۹) ہفتہ وار (۱۵۹۰۳)
تھی، سہ روزہ (۵۵۴) اور (۲۲۶۳۰) ماہوار اخبارات و رسائل نکلتے تھے۔ اگر آبادی
کا تناسب ملحوظ رکھا جائے تو امریکہ کے لحاظ سے ہندوستان سے ایک لاکھ اخبارات و
رسائل نکلنے چاہئیں۔

## سالنامہ اسٹیٹسمین سنہ ۱۹۳۲ء سے معلوم ہوتا ہے کہ سنہ ۱۹۲۹ء تک حسب ذیل اخبارات و جرائد ہندوستان میں شائع ہوئے

| نام صوبہ | تعداد جرائد | نام صوبہ | تعداد جرائد | نام صوبہ | تعداد جرائد | نام صوبہ | تعداد جرائد | کل میزان |
|---|---|---|---|---|---|---|---|---|
| مدراس | ۲۰۹ | پنجاب | ۴۲۵ | صوبہ متوسط | ۰ | شمالی | ۰ | |
| بمبئی | ۳۱۴ | برما | ۱۶۱ | و برار | ۵۵ | سرحدی | ۰ | |
| بنگال | ۶۶۳ | بہار اڑیسہ | ۱۳۶ | آسام | ۴۳ | صوبے | ۱۳ | ۲۲۶۶ |
| یو۔ پی | ۲۲۶ | ۰ | ۰ | دہلی | ۸۸ | ۰ | ۰ | |

صوبہ متحدہ کی ایڈمنسٹریشن رپورٹ سنہ ۱۹۳۰ و ۳۱ء سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ متحدہ

کے اخبارات ورسائل کی تعداد (۶۲۰) سے (۶۲۶) ہو گئی ان میں سے (۳۶) روزانہ (۹) ہفتہ میں دو بار (۲۰۲) ہفتہ وار اور (۲۶۳) ماہانہ شائع ہوئے۔

ذیل میں ان مقامات کے نام درج کئے جاتے ہیں جہاں سے اخبارات ورسائل زیادہ تعداد میں شائع ہوئے شہروں کے ناموں کے ساتھ اخباروں کی تعداد بھی درج کی جاتی ہے

الہ آباد (۹۱) لکھنؤ (۸۴) کانپور (۵۴) بنارس (۵۳) آگرہ (۴۸) میرٹھ (۳۸) علی گڑھ (۲۶) اٹاوہ (۲۴) گورکھپور (۱۷) مرادآباد (۱۵) سہارنپور (۱۵) متھرا (۱۴) بجنور (۱۱) مظفرنگر (۱۱)

(۱۸۴) اخبارات انگریزی زبان میں شائع ہوئے (۲۲۵) اردو زبان میں اور (۲۵۳) ہندی زبان میں

(۳۷) اخبارات کی تعداد اشاعت ۲ ہزار یا ۲ ہزار سے زائد رہی

(۴) انگریزی اور (۲۹) اردو (۴۲) ہندی اخبارات ورسائل نئے جاری ہوئے اور ۶۰ اخبارات بند ہو گئے۔

صوبہ پنجاب میں ۱۹۲۱ء سے لیکر ۱۹۲۶ء تک اخباروں کی تعداد (۱۹۲) سے بڑھ کر (۲۷۰) ہو گئی۔ بہت سے اخبارات اور رسالوں کی زندگی بہت کم ہوتی ہے۔ مثال کے طور پر مندرجہ بالا وقت میں (۶۰۰) کے قریب رسالجات جاری کئے گئے جن میں سے (۵۰۰) کے قریب جلد ہی بند ہو گئے۔

ہندوستان کا مقابلہ سلطنت برطانیہ کی کسی اور مملکت سے کیا جائے تو معلوم ہوگا کہ ہندوستان اخبارات وجرائد کی اشاعت میں کس قدر پیچھے ہے۔

کنیڈا جس کی آبادی صرف دس کروڑ ہے وہ ۱۹۲۳ء میں ۱۲۰۹ جرائد شائع کرتا ہے جس کی تفصیل یہ ہے

اخبار روزانہ (۱۲۰)، ہفتہ میں تین بار (۵) ہفتہ وار (۹۹۲) ہفتہ میں دو بار (۲۹) ماہانہ (۳۸۸) پندرہ روزہ (۶۶) متفرق (۵۷)

ممالک متحدہ امریکہ۔ جو دس کروڑ ۶۰ لاکھ کی آبادی میں ۱۹۲۳ء میں بتفصیل ذیل اخبارات ورسائل شائع کرتا ہے

روزانہ اخبار (۲۲۹۹) ہفتہ میں تین بار (۶۵) ہفتہ وار (۱۲۸۲۵) ہفتہ میں دو بار (۴۵) ماہانہ (۳۸۰۴) پندرہ روزہ (۳۸۵) متفرق (۲۵۹) جن کی مجموعی تعداد (۲۰۷۲۴) ہوتی ہے۔

۱۹۱۲ء میں روس سے (۸۵۹) اخبارات نکلتے تھے اور ان کی اشاعت ۲۵ لاکھ تھی۔ ۱۹۲۱ء میں ان کی تعداد (۵۶۰۰) ہو گئی جن کی اشاعت (۳۸۰۰۰۰۰) کروڑ تھی اخبارات ۴۸ زبانوں میں شائع ہوتے تھے اب نہ معلوم ان کی تعداد کہاں سے کہاں پہونچی ہو گی ان اخبارات میں (۱۷۰۰) اخبارات خاص خاص اضلاع کے آرگن ہیں جو ہفتہ میں دو بار شائع ہوتے ہیں۔

(۱۵۷۰) اخبارات ایسے ہیں جو صرف کارخانوں سے متعلق ہیں اور جن کی اشاعت کے لئے کوئی تاریخ مقرر نہیں ہے۔ غیر روسی زبانوں میں جو اخبارات شائع ہوتے ہیں، ان کے پڑھنے والوں کی تعداد ایک کروڑ سے بھی زائد ہے۔ خاص ماسکو میں بھی اخبارات اسی پیمانہ پر شائع ہوتے ہیں۔ جس پیمانہ اور انداز پر روٹیاں فروخت ہوتی ہیں۔

اخبارات کی جدید خریداری مشکل سے منظور ہوتی ہے اور ضروری نہیں کہ ہر درخواست کنندہ

کو خریدار بنا یا جائے۔ اکثر اخبارات اور خصوصیت سے "ازویسٹیا" اور "پراودا" کو چار صفحات سے زائد کا اخبار شائع کرنا ممنوع ہے۔ ہر اخبار کثیر الاشاعت ہے، مذکورہ بالا اخباروں میں سے ہر اخبار کے پڑھنے والوں کی تعداد ۱۶۰۰۰۰۰ لاکھ ہے۔ اخبار "کرسٹین سکایا" کاشتکاروں کا آرگن، کے خریدار ۲۰ لاکھ سے زائد ہیں ۴ اخبارات ایسے ہیں جن کے ایک لاکھ پڑھنے والے ہیں۔

روسی اخبارات میں یہ خاص بات ہے کہ وہ آپس میں مقابلہ نہیں کرتے بلکہ کثیر اخبار تو جدید خریداری سے گھبراتے ہیں۔ روسی اخبارات میں خانگی معاملات پر کوئی اشارہ نہیں ہوتا۔ فیشن اور سوسائٹی پر بھی کوئی نوٹ نہیں ہوتا۔ اور نہ اسٹاک مارکیٹ کی خبریں ہوتی ہیں۔ خبروں کا انبار اکثر صنعت و حرفت، کاشتکاری، ملک کی پیداوار اور کھپت کے متعلق ہوتا ہے۔

اخبارات کی قلت کے ساتھ ساتھ تعداد اشاعت بھی ہندوستان میں بہت ہی کم ہے۔

صوبہ پنجاب جہاں کے اخبارات عام طریقہ پر مقبول ہیں وہاں ۱۹۲۲ء میں سب اخباروں کی مل ملا کر ۴ لاکھ ۰ ہزار اشاعت تھی۔ اس کے مقابلہ میں برطانیہ کے بعض مشہور اخبارات کی تعداد اشاعت ملاحظہ فرمائیے

نقشہ متعلق تعداد اشاعت اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے

# اسماء اخبارات معہ تعداد اشاعت

## صبح کے اخبارات

| نام اخبار | تعداد اشاعت | نام اخبارات | تعداد اشاعت |
|---|---|---|---|
| ڈیلی میل | ۱۷۳۵۶۵۲ | نیوز کرانیکل | ۱۳۰۵۹۱۰ |
| ڈیلی ہیرلڈ | ۱۷۱۰۰۰۰ | ڈیلی ٹیلی گراف | ۳۱۳۹۶۱ |
| ڈیلی ایکسپریس | ۱۶۶۹۷۰۳ | ٹائمز | ۱۷۸۵۳۴ |
| • | • | مارننگ پوسٹ | ۱۳۲۷۷۴ |
| | شام کے اخبارات | | |
| ایوننگ نیوز | ۶۸۲۳۱ | سٹار | ۴۹۲۴۱۴ |

یہ تعداد تو روزناموں کی تھی، ہفتہ وار اخبارات کی اشاعت بھی ان سے کم نہیں،

## ہفتہ وار اخبارات کی اشاعت

| نام اخبار | تعداد اشاعت | نام اخبار | تعداد اشاعت |
|---|---|---|---|
| نیوز آف دی ورلڈ | ۳۳۵۰۰۰۰ | سنڈے ڈسپیچ | ۱۰۱۷۸۱۰ |
| پیپل | ۳۰۰۰۰۰۰ | سنڈے ٹائمز | ۲۱۵۰۵۸ |
| ایمپائر نیوز | ۱۵۳۵۰۰۰ | اوبزرور | ۲۰۱۰۹۶ |
| سنڈے ایکسپریس | ۱۰۲۵۹۱۰ | سنڈے ریفریش | ۱۰۰۰۰۰ |

اخباروں کی قلت اشاعت کی کمی تو اپنی جگہ پر رہی حکومت ہند آرڈیننسوں کے ذریعہ ہندوستان کے اخبارات پر جو مظالم کر رہی ہے اس کی نظیر کوئی دوسرا ملک پیش نہیں کر سکتا

# مسلمانوں کی تعلیمی پستی

کسی زمانہ میں ہندوستان اسلامی حکومت کے زیرنگیں تھا، مسلمان ہر قسم کی ترقیوں اور ہر طرح کی کامیابیوں سے ہمکنار تھے۔ جس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں، لیکن حکومت جانے کے بعد، غلامی کی حالت میں بھی ہر حیثیت سے سربلند رہے جس طرف گئے اچھے کہلائے جس کام کو ہاتھ میں لیا سب سے بہتر انجام دیا۔ جس میدان میں قدم رکھا سب سے آگے رہے ہندوستان کی تمام بسنے والی قومیں مسلمانوں کو اپنا استاد سمجھتی تھیں اور مسلمان بھی ان کے ساتھ استادوں ہی کی طرح شفقت کا برتاؤ کرتے تھے۔ دماغ ان کا بہتر، قلب ان کا وسیع، عزم ان کا پختہ، ارادے ان کے مستحکم، قوت عمل ان میں زیادہ، اس لئے کامیابی و کامرانی بھی انہیں کا حصہ تھی، اور یہ سب کچھ کیوں نہ ہوتا؟ یہی دماغ نظام حکومت چلاتے تھے، اور یہی ہاتھ سلطنت کی باگ لئے ہوئے تھے۔

حکومت اگرچہ جاچکی تھی اس کے آثار تو باقی تھے، سلطنت اگرچہ برباد ہوگئی تھی، صلاحیتیں تو فنا نہیں ہوئی تھیں، تو پھر علم و تعلیم جس کی سرپرستی مسلمانوں کا خصوصی امتیاز ہے۔ اس میں مسلمان کس طرح پیچھے رہتے، غلامی کی حالت میں بھی مسلمان تعلیم میں سب سے آگے تھے اسکولوں میں مسلمان طلبہ کی تعداد سب سے زیادہ رہا کرتی تھی، مدارس اور اسکولوں کی مدرسی تو گویا مسلمانوں ہی کیلئے مخصوص تھی۔ اور پھر جب یہ قوموں کو، مسلمانوں کی درسی قابلیت اور تعلیمی لیاقت پر اس درجہ اعتماد تھا کہ ہندو اپنے بچوں کو مسلمانوں کے پاس تعلیم

کے لئے بھیجتے تھے، اور مسلمان بھی انہیں اپنے ہی بچوں کی طرح پڑھاتے تھے، ۱۸۵۷ء کی تحریک آزادی تک مسلمانوں کی تعلیمی ترقیوں کا یہی حال رہا اور باہمی اعتماد کی کیفیت بھی یہی باقی رہی، جس کا اعتراف ہنری بیرنگٹن طامس اپنی کتاب "بغاوت ہند اور ہماری آئندہ پالیسی" میں ذیل کے الفاظ میں کرتا ہے کہ

عزم، تعلیم، اور ذہنی صلاحیت کے اعتبار سے مسلمان ہندوؤں سے کہیں زیادہ فائق ہیں نسبت ہندوان کے سامنے محض مکتب معلوم ہوتے ہیں، علاوہ اس کے مسلمانوں میں کارگذاری کی اہلیت زیادہ ہوتی ہے جس کی وجہ سے سرکاری ملازمتیں زیادہ، تر انہیں کو ملتی ہیں اس طرح ان کو سرکاری کاموں اور ملکی مصالح سے واقفیت کا موقع ملا، اور ان کی رائے کو وقعت حاصل ہو گئی۔

مقام رگبی کے مشہور طامس ارنلڈ جس نے ۱۸۵۶ء میں صوبہ پنجاب کی سب سے پہلی تعلیمی رپورٹ مرتب کی تھی۔ اپنی اس رپورٹ میں مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کا ان الفاظ میں اعتراف کرتا ہے کہ

بحیثیت معلمی کے، میدان مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے، نقشہ جات سے مکتوں میں مسلمان بچوں کی بہت زیادہ بیشی ظاہر ہوتی ہے ہر امر سے بلاشبہ واضح ہے کہ معلمی کے پیشوں پر مسلمانوں کا قبضہ ہے۔

۱۸۵۷ء ہی تک نہیں بلکہ ۱۸۶۰-۶۱ء تک مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کا یہی حال رہا، چنانچہ ۱۸۶۰-۶۱ء کی رپورٹ میں کپتان فلر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم نے لکھا کہ

مسلمان استادوں کی بیشی جو ان درسگاہوں میں ٹریننگ حاصل کر رہے ہیں، بالکل عیاں ہے ۴۳ مسلمان استاد، ۱۱ ہندو اور ۲ دوسری قوموں کے ہیں۔

غرض ایک عرصہ تک یہی حال رہا اور مسلمانوں کی قابلیت و صلاحیت کی بنا پر ۱۸۵۷ء کے بعد تک ہندوستان کا نظام تعلیم گویا مسلمانوں ہی کے ہاتھ میں رہا، اور مسلمان درس و تدریس کی ذمہ داریوں کو پوری دیانتداری کے ساتھ انجام دیتے رہے، اور دوسری قوموں کو کبھی بھی شکایت اور بے اعتمادی کا موقع نہیں دیا۔

لیکن یہ حالات حکومت کی نگاہوں میں خار کی طرح کھٹک رہے تھے، انگریز سمجھتے تھے کہ ہندوستان میں مسلمان ہی ایک ایسی قوم ہے جو ہندوستان کو ہمارے مضبوط پنجوں سے نکال سکتی ہے اور دوبارہ اپنی حکومت قائم کرسکتی ہے۔ اگر مسلمان اسطرح ہر شعبہ میں ترقی کرتے رہے تو ان کا اقتدار ہندوستان میں اور بھی بڑھ جائے گا۔ جو ہمارے لئے سب سے بڑا خطرہ ہے غرض انگریزوں کی نظر میں مسلمان سب سے بڑا دشمن تھا۔ چنانچہ لارڈ ایلنبرا اس حقیقت کا ان الفاظ میں اعتراف کرتا ہے کہ

> میرے پاس اس خیال کی ہر وجہ موجود ہے کہ مندر سومناتھ کے پھاٹک ہندوستان میں واپس آنے سے تمام ہندو ہم سے مطمئن اور خوش ہو گئے ہیں، میرے خیال میں اس کی وجہ سے مسلمان بھی ناراض نہیں ہوئے لیکن میں اس حقیقت سے آنکھیں بند نہیں کرسکتا کہ یہ قوم مسلمان بنیادی طور پر ہماری دشمن ہے۔ بنا بریں ہمارے لئے بہترین پالیسی یہ ہوگی کہ ہندوؤں کو خوش رکھیں؛

ان وجوہ کی بنا پر حکومت نے پالیسی بدلی اور پھر ہر وہ طریقہ اختیار کیا گیا جس سے مسلمانوں کی حالت بد سے بدتر ہو جائے۔ نیز ذمہ دار انگریزوں نے حکومت کو اس طرف توجہ دلائی کہ مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کو روکا جائے، اور ہندو مسلمانوں کے باہمی اعتماد کو جس طرح ممکن ہو ختم کر دیا جائے چنانچہ طامس ازبند صوبہ پنجاب کی رپورٹ بابت

سنہ ۱۸۵۶ء میں مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کو دکھلاتے ہوئے لکھتا ہے کہ

"ایک خاص قابل لحاظ امر یہ ہے کہ مسلمانوں کے اسکولوں میں فارسی پڑھنے کے لئے اتنے بہت سے ہندو لڑکے، ان پر اعتماد کر کے پڑھنے آتے ہیں، میں یہ بھی سمجھنے پر مجبور ہوں کہ مسلمان طلبہ کی تعداد جو پنجاب میں مسلسل بڑھ رہی ہے، وہ اسی اعتماد کا نتیجہ ہے اور اگر اس کو اپنی حالت پر چھوڑ دیا جائے، تو اس سے گورنمنٹ کا تمام زور مسلمانوں کی طرف بڑھ جائے گا، اور یہ ایک میلان ہے کہ جسے بہت زیادہ روکنے کی ضرورت ہے"

آپ نے دیکھا کہ مسلمان استادوں اور لڑکوں کی زیادتی اور مسلمانوں پر ہندوؤں کا اعتماد مسٹر آرنلڈ پر کس قدر شاق گذر رہا ہے اور اس کو فنا کرنے کی تلقین کی جا رہی ہے۔

کپتان فلر ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم، مسلمان استادوں کی کثرت دکھاتے ہوئے لکھتا ہے کہ

بجز انبالہ کے حلقہ کے دیسی زبان کی تعلیم ہر جگہ مسلمانوں کے ہاتھوں میں ہے اور جب تک وہ ہر دلعزیز ہیں ہم ان کی جگہ دوسری قوم کے استاد مقرر نہیں کر سکتے البتہ افسران ضلع رفتہ رفتہ صاف کر کے تبدیلی پیدا کرنے کی یہ صورت نکال سکتے ہیں کہ زیادہ ہندوؤں کو ٹریننگ میں جانے کی ترغیب دیں اور انہیں ایسے اسکولوں میں مقرر کریں جہاں شدت کے ساتھ مسلمان استادوں کے لئے اصرار نہ ہو"

اس اقتباس سے آپ کو معلوم ہو گیا کہ صیغہ تعلیم میں مسلمانوں کی کثرت انگریزوں کو کس قدر گراں گذر رہی تھی اور اس کو فنا کرنے کی کیا کیا ترکیبیں نکالی جا رہی تھیں، چنانچہ حکومت نے مسٹر آرنلڈ اور کپتان فلر کی اسکیم پر عمل شروع کیا اور آہستہ آہستہ

مسلمانوں کا عنصر تعلیم سے خارج ہوتا رہا۔

سر ولیم ہنٹر نے مسلمانوں کی تعلیمی پستی کا سارا الزام ہندوؤں کے سر تھوپنا چاہا ہے چنانچہ لکھتا ہے کہ

> چالاک ہندوؤں نے تمام ملک کو ایسے اسکولوں سے پاٹ دیا جو خود ان کی ضروریات کے مطابق ہیں۔ اور قطعاً مسلمانوں کے حسب حال نہیں، گورنمنٹ کے اسکولوں کی زبان ہندی ہے، ور ستاد بھی ہندو؛

> اسی طرح مدراس گورنمنٹ نے ایک ریزولیوشن میں اس امر کا اظہار کیا کہ موجودہ طرز تعلیم کا ڈھانچہ، ہندوؤں کی ضروریات کے مطابق بنایا گیا ہے اور مسلمانوں کو اس بارہ میں اس قدر زیدہ گھاٹے میں رکھا گیا کہ اسکولوں میں مسلمان بچوں کا کم تعداد میں ہونا حیرت انگیز نہیں ہے، بلکہ محض وہاں ان کا وہاں موجود ہونا حیرت انگیز امر ہے؛

لیکن آپ کے سامنے مسٹر ارنلڈ اور کپتان نلر کی تحریروں کے اقتباسات پیش کئے جا چکے جو محکمہ تعلیم کے ذمہ دار لوگوں میں سے ہیں، جن سے معلوم ہو چکا ہے کہ خود انگریزوں کی پالیسی نے صیغۂ تعلیم سے مسلمانوں کو خارج کیا اور مسلمانوں پر ہندوؤں کے اعتماد کو فنا کر دیا اس کے علاوہ اس وقت تمام تر نظام تعلیم انگریزوں کے ہاتھوں میں تھا تو پھر ہندوؤں کی چالاکی کے کیا معنی؟ اگر قومی مدارس سے ہندوؤں نے مسلمانوں کو نکالا تھا تو گورنمنٹ اسکولوں کے متعلق تو تمام اختیارات حکومت ہی کو حاصل تھے، وہاں سے مسلمانوں کا عنصر کیوں فنا کیا گیا؛ جس کے متعلق خود مسٹر ولیم ہنٹر فرماتے ہیں کہ گورنمنٹ کے اسکولوں کی زبان ہندی ہے، اور استاد بھی ہندو؛

غرض کہ اس کی ذمہ داری ہندوؤں پر کسی طرح نہیں ڈالی جا سکتی، بلکہ اس کا سارا الزام حکومت پر ہے۔ جو کسی طرح نہیں اٹھ سکتا!

بہرحال گورنمنٹ کی پالیسی کے ماتحت مسلمانوں کی تعلیمی پستی شروع ہو گئی، اور طریقہ یہ اختیار کیا گیا کہ ایک طرف تو مسلم استادوں کی تعداد تعلیم عامہ کے محکمہ میں گھٹائی گئی۔ دوسری طرف جو انگریزی اسکول ضلعوں کے صدر مقامات پر قائم کئے گئے، وہ بالکل غیر مسلموں کے ہاتھوں میں دیدیئے گئے۔ چنانچہ پنجاب کے ضلع اسکولوں کے ہیڈ ماسٹروں کی فہرستوں سے معلوم ہوا کہ ۲۳ ہیڈ ماسٹروں میں سے صرف ۳ مسلمان تھے۔

یہ پالیسی اس قدر کامیاب ہوئی کہ پچیس سال کے عرصہ میں حالت بالکل بدل گئی اور تعلیم سے مسلمانوں کا عنصر بالکل خارج ہو گیا۔ چنانچہ ۱۸۶۰ء سے ۱۸۹۰ء تک کے نقشوں سے واضح ہے کہ معائنہ کنندگان اور استاد سب کے سب ایک مذہب کے لوگ یعنی ہندو ہو گئے، کبھی کبھی مسلمان کا نام جو شاذو نادر نظر آتا تو وہ محض اس وجہ سے کہ اس وقت صوبہ سرحد بھی پنجاب میں داخل تھا، اور وہاں ہندو استاد جانا پسند نہ کرتے تھے اس لئے مسلمان وہاں بھیجے جاتے تھے۔ اس سے حکومت کی عملی پالیسی تو یہ تھی، دوسری طرف گورنمنٹ محض مسلمانوں کی اشک شوئی کی خاطر تعلیمی ترقی کے لئے کمیشن اور کمیٹیاں مقرر کرتی، اور احکامات جاری کرتی رہی لیکن مسلمانوں کی تعلیمی حالت بد سے بدتر ہوتی گئی اور حالات میں کوئی تبدیلی نہیں پیدا ہوئی تو کیا کوئی یہ کہہ سکتا ہے کہ گورنمنٹ اتنی کمزور تھی کہ ماتحتوں سے اپنے احکام کی تعمیل نہ کرا سکی بلکہ اس قسم کی کمیٹیوں اور احکامات محض نمائشی رکھے جاتے تھے، گورنمنٹ چاہتی تھی کہ مسلمان ہندوستان میں رہیں مگر ذلیل ہو کر، جیسا کہ مندرجہ ذیل واقعات آپ کو بتائیں گے کہ گورنمنٹ نے احکامات جاری کئے لیکن

اس پر عملدرآمد نہیں ہوا۔

چنانچہ ۱۸۸۲ء کے تعلیمی کمیشن نے مسلمانوں کی تعلیمی ترقی کے لیے ۱۳ سفارشات کی تھیں جن کا خلاصہ یہ تھا کہ مسلمانوں کی خاص تعلیم کا بار لوکل اور میونسپل صوبجات کے مالیہ پر ڈالا جائے، دیسی مکاتب کی خود امداد کی جائے۔ ہندوستانی زبان یعنی (اردو) کے ذریعہ تعلیم دی جائے، وظائف دیئے جائیں، فیس معاف کی جائے، نارمل سکول قائم کئے جائیں، معائنہ کے لیے افسر مقرر کئے جائیں، اور ملازمتوں میں مسلمانوں کے واجبی حصہ کی طرف صوبجاتی حکومتوں کو خاص طور پر توجہ دلائی جائے۔

یہ سفارشات حکومت نے منظور کیں اور ان پر عملدرآمد کرانے کیلئے احکامات جاری کئے، لیکن ان پر کوئی عملدرآمد نہیں ہوا کیونکہ ۱۹۰۳ء کے امداد و شمار مظہر ہیں کہ صوبہ بنگال میں جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے (۴۶) ڈپٹی انسپکٹروں میں کل (۲) مسلمان تھے۔ اور (۹۰) سب ڈپٹی انسپکٹروں میں (۹) مسلمان اور (۲۹۰) اساتذہ میں صرف (۱) مسلمان تھے اور ۱۹۰۱ء میں (۳۹۴) استادوں میں صرف (۲۶) مسلمان تھے۔ آپ نے دیکھا کہ ۱۸۶۱ء میں ۱۱ ہندو استادوں کے مقابلہ میں (۳۴) یعنی ۳ گنے استاد مسلمان تھے، لیکن سنہ ۱۹۰۱ء میں آکر (۳۹۲) ہندو استادوں کے مقابلہ میں صرف (۲۶) مسلمان استاد باقی رہ گئے۔

غرض جب سے اب تک مختلف کمیشن مقرر ہوئے، کمیٹیاں بنائی گئیں، لیکن ان کی سفارشات پر حکومت نے عملاً کوئی توجہ نہ کی تعلیمی کانفرنسوں نے ہر سال نہیں سفارشات کی طرف گورنمنٹ کو توجہ دلائی مسلمانوں کے وفود نے دروازہ کھٹکھٹایا، لیکن گورنمنٹ کے کانوں پر جوں تک نہ رینگی اور مسلمان تعلیم میں گرتے ہی چلے گئے۔"

سنہ ۱۹۱۳ء تک ابتدائی اسکولوں میں مسلمان بچوں کی تعداد (۲۳۰۲) فیصدی سے کم ہوکر (۱۸۰۵) فیصدی ہوگئی۔ اور سنہ ۱۹۲۰ء کی مردم شماری کے لحاظ سے تمام ہندوستان میں جملہ خواندہ مسلمانوں کی تعداد گر کر (۴۰۶) فیصدی رہ گئی، اور ہندوؤں کی تعداد (۷۰۹) فیصدی تک پہونچ گئی۔ پورے ہندوستان کو یا جن صوبوں میں ہندوؤں کی اکثریت ہے ان کو تو جانے دیجیے، وہ صوبہ جہاں مسلمانوں کی اکثریت ہے، وہاں بھی مسلمان تعلیم یافتوں کی تعداد کم ہے، چنانچہ صوبہ پنجاب میں مسلمان خواندہ (۲۰۰) فیصدی ہیں اور اسی کے مقابلہ میں ہندو خواندہ کی تعداد (۹۰۵) فیصدی ہے۔

صوبہ جات سرحد و پنجاب کی تعلیمی حالت فی ہزار کا اندازہ ذیل کے نقشہ سے ملاحظہ فرمائیے۔

## صوبہ پنجاب و سرحد کی تعلیمی حالت فی ہزار

| صوبہ | ہندو | | مسلمان | |
|---|---|---|---|---|
| | مرد | عورت | مرد | عورت |
| سرحدی | ۲۴۶ | ۹۲ | ۳۳ | ۲ |
| پنجاب | ۱۱۳ | ۱۱ | ۳۷ | ۴ |

اسی طرح صوبہ بنگال میں مسلمان تعلیم یافتوں کی تعداد (۵۰۱) اور ہندو (۱۴۰۰) فیصدی خواندہ ہیں۔

صوبہ سندھ کی بھی یہی کیفیت ہے، جہاں مسلمانوں کی آبادی (۲۴۰۶۰۰۰) رکھتی ہے، جو غیر مسلموں سے سہ گنی زائد ہے، لیکن اس پوری آبادی میں کل خواندوں کی تعداد (۴۴۶۰۰) ہزار ہے جن کا فیصدی اوسط (۱.۸) ہوتا ہے یعنی تعلیم یافتہ سو میں دو سے بھی کم۔ اور انگریزی جاننے والوں کی تعداد (۴۲۰۰) ہزار ہے۔ یعنی یک ہزار میں دو نفر۔

اسی طرح امدادی مدارس کے سلسلہ میں حکومت مسلمانوں کے ساتھ ناروا سلوک کر رہی ہے، چاہئے تو یہ تھا کہ مسلمانوں کی تعلیمی پستی کو مدنظر رکھتے ہوئے اسلامیہ اسکولوں کو زائد سے زائد امداد دی جاتی۔ لیکن آج مسلمانوں کو رہی سہی امداد سے بھی محروم کیا جا رہا ہے ذیل میں چند نقشے درج کئے جاتے ہیں جس سے معلوم ہوگا کہ صوبہ پنجاب میں اسلامیہ مدارس کتنے ہیں اور انہیں گورنمنٹ کتنی امداد دے رہی ہے۔ اور اسی کے مقابل پنجاب میں غیر مسلم درسگاہوں کی کیا تعداد ہے اور انہیں گورنمنٹ سے کتنی امداد مل رہی ہے

نقشہ صفحہ ۱۰۰ پر ملاحظہ فرمائیے

# صوبہ پنجاب میں گرانٹ پانیوالے ہندو و مسلم مدارس معہ گرانٹ بابتہ سنہ ۱۹۲۳و۲۴ء

| نام قسمت | مسلم | | ہندو | |
|---|---|---|---|---|
| | تعداد مدارس | گرانٹ | تعداد مدارس | گرانٹ |
| انبالہ | ۹ | ۲۶۱۸۴ | ۲۱ | ۱۰۹۵۶۰ |
| جالندھر | ۶ | ۱۷۹۱۶ | ۳۷ | ۱۱۳۶۶۴ |
| لاہور | ۱۳ | ۶۶۱۳۶ | ۴۷ | ۳۴۱۵۸۰ |
| راولپنڈی | ۶ | ۳۸۷۳۶ | ۳۰ | ۱۷۷۵۵۲ |
| ملتان | ۹ | ۴۰۳۲۲ | ۲۳ | ۷۲۸۳۴ |
| کل میزان | ۴۲ | ۱۸۹۲۹۴ | ۱۴۸ | ۷۱۵۱۹۰ |

(نقشہ متعلقہ صفحہ ۱۰۱ پر ملاحظہ کیجئے)

# صوبہ پنجاب میں گرانٹ پانیوالے ہندو و مسلم مدارس معہ گرانٹ بابتہ سنہ ۲۶و۲۷ ۱۹ء

| قسمت | مسلم | | ہندو | |
|---|---|---|---|---|
| | تعداد مدارس | رقم گرانٹ | تعداد مدارس | رقم گرانٹ |
| انبالہ | ۱۱ | ۳۲۰۲۴ | ۲۸ | ۱۴۵۴۵۸ |
| جالندھر | ۶ | ۱۹۶۴۴ | ۴۰ | ۱۵۷۰۴۲ |
| لاہور | ۱۶ | ۶۸۶۴۰ | ۵۶ | ۲۶۹۳۳۸ |
| راولپنڈی | ۸ | ۴۰۲۴۳ | ۳۴ | ۱۵۰۲۰۰ |
| ملتان | ۱۰ | ۴۲۷۸۰ | ۲۶ | ۵۹۳۸۶ |
| کل میزان | ۵۱ | ۲۰۳۲۳۱ | ۱۸۴ | ۱۰۰۸۰۲۴ |

مندرجہ بالا نقشوں سے ظاہر ہے کہ گذشتہ پانچ سالوں میں مسلمہ امدادی مدارس کی تعداد میں صرف پانچ کا اضافہ ہوا اور چار صرف بورڈنگ ہاؤس ہیں، تو غیر مسلم امدادی مدارس میں ۳۰ کی زیادتی ہوئی۔ اور اگر مسلمانوں کا حصہ امدادی میں ۲۰۳۲۳۱ روپیہ ہے تو غیر مسلم مدارس کی رقم ۱۰۰۸۷۷۴ روپیہ ہے، باوجودیکہ پنجاب میں مسلمانوں کی آبادی زیادہ اور ہندو اقلیت میں ہیں۔

اگر سنہ ۱۹۳۲ء میں ہندوؤں کو فی (۸۷۹۵۷۵) لاکھ آبادی پر (۵۰۰۰۱۵۷) روپیہ گرانٹ مل سکتی ہے تو کیا وجہ ہے کہ اس اوسط سے مسلمانوں کو فی ۲۳۸۳۰۰

آبادی پر (۱۰۳۱۳۰۵) لاکھ کی امداد نہ ملے، لہٰذا ۱۹۲۴ء میں (۸۵۲۱۱۱) لاکھ روپیہ کی مقدار میں امداد کم ملی، جو مسلمانوں کا جائز حق تھا۔

اسی طرح جبکہ ۱۹۳۰ء میں، غیر مسلم مدارس کو (۸۰۸،۲۲۴) روپیہ امداد دی گئی تو مسلم مدارس کو ان کی آبادی کے لحاظ سے (۱۱،۷۶۰۳) لاکھ روپیے کی امداد ملنی چاہیئے، لہٰذا اس حساب سے مسلمانوں کو (۹،۴۲،۲.۰) روپیہ امداد کم دی گئی۔

# صوبہ متحدہ میں مسلمانوں کی تعلیمی پستی

صوبہ پنجاب و بنگال کی طرح صوبہ متحدہ میں بھی مسلمانوں کی تعلیمی حالت بہت زیادہ خراب ہے۔ صوبجات متحدہ آگرہ و اودھ کی تعلیمی رپورٹ جو ۱۹۳۱ء میں شائع ہوئی ہے اس کے مطالعہ سے معلوم ہوتا ہے کہ صوبہ میں مسلمان تعلیم میں کس قدر پیچھے ہیں۔

ذیل کے نقشہ سے صوبہ متحدہ کے مشترکہ اور اسلامیہ اسکول و مکاتب میں مسلمان طلبہ کی تعداد معلوم ہوگی۔ اور آپ اندازہ کر سکیں گے کہ مسلمانوں کی آبادی کے لحاظ سے طلباء کتنے کم ہیں۔

نقشہ اگلے صفحے پر ملاحظہ ہو

## مشترکہ اور اسلامیہ اسکول و مکاتب میں مسلمان طلبہ کی تعداد

| مدارس | تعداد | | زیادتی |
|---|---|---|---|
| | سنہ ۱۹۳۰ء | سنہ ۱۹۳۱ء | |
| مشترکہ مدارس میں | ۱۳۳۴۹ | ۱۰۹۶۳۸ | ۶۲۸۹ |
| اسلامیہ اسکولوں میں | ۲۸۰۸۲ | ۲۹۶۱۱ | ۱۵۲۹ |
| امدادی مکاتب میں | ۵۲۱۲۳ | ۵۳۹۷۳ | ۱۸۵۰ |
| غیر امدادی مکاتب میں | ۱۹۲۹۳ | ۲۱۵۵۴ | ۰۲۲۶۱ |
| میزان کل طلباء | ۲۱۲۸۴۷ | ۲۲۴۷۷۶ | ۱۱۹۲۹ |
| خرچ سلامیہ اسکول پر | ۴۵۴۴۱۰ | ۴۴۳۹۰۳ | ۹۵۰۷ |

اسکولوں اور غیر ملحق درسگاہوں، کالجوں اور یونیورسٹیوں میں بھی مسلمانوں کی قلت بالکل عیاں ہے۔

ذیل کے نقشہ میں مختلف اقوام کے طلبہ کی تعداد، جو صوبہ متحدہ میں سرکاری اسکولوں اور غیر ملحق درسگاہوں میں زیر تعلیم ہیں پیش کی جاتی ہے۔
جس سے مسلمانوں کے تعلیمی زوال کا حال معلوم ہوگا۔

نقشہ برصفحہ ۱۰۴

# صوبہ متحدہ میں مختلف اقوام کے طلباء کی تعداد

| مدارس | تعداد طلباء | | | |
|---|---|---|---|---|
| | ہندو اعلیٰ اقوام | ہندو پست اقوام | مسلمان | عیسائی پارسی وغیرہ |
| اسکولوں میں | ۹۲۲۴۰۹ | ۱۱۴۳۵۲ | ۲۲۰۱۴۱ | ۱۲۷۰۴۶۶ |
| کالجوں، یونیورسٹیوں میں | ۳۸۳۱ | ۲ | ۹۲۴ | ۵۸۹۴ |
| غیر ملحق درسگاہوں میں | ۲۵۵۱۳ | ۳۴۶۴ | ۲۵۳۶۶ | ۵۵۷۵۰ |
| میزان کل | ۹۵۱۷۵۳ | ۱۱۷۸۱۸ | ۲۴۶۴۳۱ | ۱۳۳۳۱۰ |

یہ تو صوبہ میں مسلمانوں کی عام تعلیمی حالت تھی، جس کی گری ہوئی حالت آپ نے دیکھی!

اسی طرح اگر صوبہ متحدہ میں، سرکاری امدادوں پر نظر ڈالی جائے تو اس میں مسلم درسگاہوں کا حصہ بہت ہی کم دکھلائی دے گا۔

امدادی درسگاہیں زیادہ تر شہروں میں ہیں اور کمتر قصبات میں، دیہات ان سے خالی ہیں اور صوبہ متحدہ کی شہری آبادی میں مسلمان چالیس فیصدی کے قریب ہیں۔ لیکن مسلمانوں کی درسگاہوں کو جو امداد ملتی ہے وہ ۱۴ فیصدی یعنی اپنے حصہ کا ایک ثلث ہے۔ جس کی تفصیل ذیل کے نقشوں میں ملاحظہ فرمائیے۔

نقشہ اگلے صفحے پر ملاحظہ فرمائیے

| قسم درسگاہ | جملہ درسگاہوں کو جو امداد دی گئی | مسلمانوں کی درسگاہوں کو جو امداد دی گئی | دیگر قوم کی درسگاہوں کو جو امداد دی گئی |
| --- | --- | --- | --- |
| انٹر کالج زنانہ | ۲۶۹۱۱۲ | ۵۲۲۶۰ | ۲۶۶۸۵۲ |
| ہائی اسکول زنانہ | ۱۸۴۵۳۸۰ | ۱۳۷۲۵۶ | ۹۰۸۱۲۴ |
| مڈل اسکول " | ۲۰۷۴۸۰ | ۳۹۲۲۸ | .۹۶۸۲۵۲ |
| ابتدائی اسکول " | ۴۵۱۳ | ۰ | ۴۵۱۳ |
| انٹر کالج " | ۳۷۴۹۶ | .۲۵۱۶ | ۲۴۹۸۰ |
| ہائی اسکول " | ۶۰۹۷۲۸ | ۱۲۷۵۶ | ۹۶۹۷۲ |
| مڈل اسکول | ۱۹۹۲۷۲ | ۷۰۰۰ | ۱۹۲۲۶۴ |
| ابتدائی اسکول " | ۲۸۴۳۰ | ۴۴۸۲ | ۲۳۹۸۸ |
| دیگر درسگاہیں " | ۸۶۳۶ | × | ۸۶۳۶ |
| میزان کل امداد | ۹۱۰۱۵۶ روپیہ | ۲۶۵۴۷۶ روپیہ | ۱۶۴۴۶۸۰ روپیہ |

مندرجہ بالا امداد سے ظاہر ہے کہ مسلمانوں کے مدارس کو جو امداد ملتی ہے وہ کل رقم کا ۱۴ فیصدی ہے۔ حالانکہ شہری آبادی کے اعتبار سے چالیس فیصدی ملنی چاہیے تھی لیکن حکومت نے مسلمانوں کی طرف کب التفات کیا ہے جو آج امید کی جائے۔

ان امور کے علاوہ صوبہ متحدہ میں اچھوت اقوام اور مسلمانوں کی تعلیمی امداد میں ایک عجیب ناقابل فہم امتیاز قائم ہے۔ وہ یہ کہ اچھوت اقوام کی تعلیم کے لئے جو امدادی مدارس قائم ہیں اور جن کا انتظام براہ راست ڈسٹرکٹ بورڈوں کے ہاتھ میں نہیں ہے بلکہ اچھوت اقوام کی کمیٹیاں ان مدارس کا انتظام کرتی ہیں۔ ان مدارس کی امداد کا فنڈ

یہ ہے کہ مدرس کی کل تنخواہ مدامداد سے دیجاتی ہے اور ان اسکولوں کے فرنیچر وغیرہ بھی ڈسٹرکٹ بورڈ ہی فراہم کرتے ہیں، اس لئے یہ مدارس بظاہر تو امدادی ہیں، لیکن ان کے تمام مصارف بورڈ کے ذمہ ہوتے ہیں، اس کے برخلاف مسلمانوں کے امدادی مکاتب کا طریقہ یہ ہے کہ مدرسوں کی پوری تنخواہ بورڈ سے نہیں ملتی بلکہ تنخواہ کا ایک حصہ بورڈ دیتا ہے اور اسکولوں کے بقیہ تمام مصارف مسلمانوں کو خود برداشت کرنے پڑتے ہیں، و مفلس مسلمان ان اخراجات کے متحمل نہیں ہو سکتے، اس لئے یا تو یہ امدادی مدارس بند ہوجاتے ہیں اگر جاری بھی رہتے ہیں تو ان میں لائق مدرس دستیاب نہیں ہوتے اور اگر کسی جگہ کوئی اچھا مدرس پہونچ جاتا ہے تو وہ ماہ بماہ تنخواہ نہ ملنے کی وجہ سے ملازمت ترک کر دیتا ہے، اور اگر رہتا ہے تو انتہائی بددلی سے کام کرتا ہے۔

ان وجوہ کی بنا پر مسلمانوں کے امدادی مدارس میں اکثر و بیشتر ایسے نالائق مدرس ہوتے ہیں جن کو کہیں جگہ نہیں مل سکتی۔ ان حالات کا نتیجہ یہ ہے کہ مسلم امدادی مکاتب کی تعلیمی حالت نہایت خراب رہتی ہے۔

اگر حکومت کو مسلمانوں کے ساتھ کچھ بھی ہمدردی ہوتی تو کم سے کم ان کے ساتھ وہ مراعات برتی جاتیں جو اچھوتوں کے ساتھ کی جارہی ہیں۔

## تعلیم یافتہ مسلمانوں کے پیشے

تعلیمی تنزل کے ساتھ وہ پیشے اور عہدے بھی مسلمانوں کے ہاتھ سے لیلئے گئے جو کسی زمانہ میں مسلمانوں ہی کے لئے مخصوص تھے اور آہستہ آہستہ ان پر بھی اغیار کو قبضہ کرا دیا گیا۔ جس سے مسلمانوں میں جہالت کے ساتھ ساتھ بیکاری بھی پھیلی، اور

مسلمانوں کا ایک بڑا طبقہ جو اپنی ذاتی قابلیت و استعداد کی بنا پر اپنے دست و بازو کی قوت سے کما کر زندگی بسر کیا کرتا تھا۔ بے کار محض ہو کر رہ گیا، اور حکومت کو دعائیں دیتا ہوا اپنی فاقہ کشی کرنے لگا۔

ذیل کے نقشہ سے مسلم تعلیم یافتوں کے مخصوص پیشے اور عہدے اور ان میں اب مسلمانوں کی تعداد معلوم ہوگی۔

## خواندہ لوگوں کے پیشے اور عہدوں کی حالت جو مسلمانوں سے مخصوص تھے

| نام عہدہ و پیشہ | مسلمان | دیگر اقوام | کمی و بیشی |
| --- | --- | --- | --- |
| کلرک وغیرہ | ۱۹۶ | ۲،۰۰ | مسلمان تقریباً دہم کم |
| محاسب خزانچی | ۸۸۹۳ | ۱۶۹۸۸ | " " " |
| انجینیر سروس وغیرہ | ۲۰۸۳ | ۴۳۶۶ | " " " |
| کلرک ٹائپ کرنے والے | ۵۹۶ | ۱۱۶۳ | " " " |
| مصنف اخبار نویس | ۱۶۶۸ | ۳۴۹ | " " " |
| مصنف نقاش وغیرہ | . | . | " " " |
| | | | " " " |
| وکیل مختار قانونی | ۲۳۸۹ | ۶۰۱۲ | ۱/۲ کم |
| محرر عرضی نویس | ۲۸۳۵ | ۶۴۳۴ | ۱/۲ کم |
| ڈاکٹری و طب | ۲۵۶۴۴ | ۲۲۶۸۳ | طب میں سرکاری روک نہ ہونے کی وجہ سے مسلمان کچھ زیادہ ہیں |

تعلیم و تدریس جو مسلمانوں کا مخصوص ترین پیشہ تھا، جس میں وہ ہمیشہ استاد تسلیم کئے گئے۔ اس فن میں ان کا مقابلہ کبھی بھی دوسری قومیں نہیں کر سکیں۔ اس سے مسلمانوں کو بالکل خارج کر دیا گیا، جس کے متعلق بعض اعداد و شمار پہلے گذر چکے ہیں۔

ذیل میں صرف ضلع بجنور کے مڈل اسکولوں کا تازہ گوشوارہ پیش کیا جاتا ہے جس سے مسلمان مدرسین کی تعداد کا اندازہ کیا جا سکتا ہے کہ یہ پیشہ بھی مسلمانوں کے ہاتھوں سے کس طرح چھین لیا گیا۔

## ضلع بجنور کے مڈل اسکولوں کے ہندو مسلم ٹیچرز

| عہدہ | ہندو | مسلمان | میزان |
|---|---|---|---|
| مڈل اسکول کے ہیڈ ماسٹر | ۳ | ۱ | ۱۴ |
| سیکنڈ ماسٹر | ۱۱ | ۲ | ۱۳ |
| انگلش ٹیچر | ۳ | ۱ | ۴ |
| زراعت ماسٹر | ۲ | × | ۲ |
| سپیشل ماسٹر | ۱ | × | ۱ |
| اٹینڈنس افسر | ۱ | × | ۱ |
| سپروائزر | ۱ | × | ۱ |
| میزان کل | ۳۲ | ۴ | ۳۶ |

نقشہ سے ظاہر ہے کہ (۳۶) مدرسوں میں صرف ۴ مسلمان ہیں باوجودیکہ

ضلع بجنور میں مسلم آبادی ۳۸ فیصدی ہے۔

یہ تو ایسے صوبہ کے ایک ضلع کی حالت تھی۔ جہاں غیر مسلم اقوام کی اکثریت ہے۔ اگرچہ یہاں بھی اپنی اقلیت کے لحاظ کے بعد بھی مسلمان بہت کم ہے، لیکن اس سلسلہ میں زیادہ افسوسناک امر یہ ہے کہ مسلمانوں کی پستی کا یہی منظر وہ صوبے پیش کر رہے ہیں جہاں مسلم آبادی زیادہ ہے اس کی مثال صوبہ پنجاب ہے، جہاں باوجود مسلمانوں کی تعداد اور آبادی کی کثرت کے، پھر بھی مسلمان ملازمتوں میں بہت ہی کم ہیں اور غیر مسلم اقوام کا اقلیت میں ہوتے ہوئے۔ ملازمتوں پر زیادہ قبضہ ہے

چنانچہ محکمہ صنعت وحرفت کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس شعبہ کے تمام اعلیٰ عہدوں پر غیر مسلم قابض ہیں، اور ماتحتوں میں ہیڈ کلرک سے لیکر چپراسی تک سب کے سب ہندو ہیں، ڈائرکٹر کے دفتر میں کل ۲۶ کلرک ہیں جن میں ہندو (۲۱) ہیں اور مسلمان صرف (۵) ہیں۔

پنجاب کے صنعتی اسکولوں میں تقریباً (۲۹) ہیڈ ماسٹر ہیں جن میں مسلمان ہیڈ ماسٹروں کی تعداد صرف (۵) ہے بقیہ غیر مسلم اقوام کے افراد ہیں۔

ضلع امرتسر کے محکمہ تعلیم کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے کہ اس ضلع میں گذشتہ ۵ سال کے عرصہ میں مسلمان ڈسٹرکٹ انسپکٹر مدارس ایک بھی متعین نہیں کیا گیا، اور غیر مسلم ڈسٹرکٹ انسپکٹروں کو قومی خدمات کے صلہ میں ترقیاں دیکر ڈپٹی انسپکٹر بنایا جا رہا ہے

اسی طرح بلوچستان جہاں مسلمان بلحاظ تناسب آبادی ۹۸ فیصدی ہیں

یعنی تقریباً تمام آبادی مسلمانوں پر مشتمل ہے ان کے حقوق کو حکومت نے اس طرح نظر انداز کر رکھا ہے کہ گویا وہ اس صوبہ میں کوئی حقیقت نہیں رکھتے۔ بلوچستان کے ہر شعبہ میں غیر مسلموں کو بھر دیا گیا ہے، اور تمام سرکاری محکموں میں عموماً ہندوؤں کو جگہ دی گئی ہے۔ ذیل میں صرف محکمہ بارک ماسٹری کے اعداد و شمار کا مرقع پیش کیا جاتا ہے۔

بقیہ ص۱۲۱ پر دیکھئے

# محکمہ بارک ماسٹری کے ہندو مسلم عہدہ دار

| عہدہ | مسلمان | ہندو | میزان |
| --- | --- | --- | --- |
| ایس، ڈی، او | ۱ | ۱۳ | ۱۴ |
| سب اورسیر مستقل | ۷ | ۲۱ | ۲۸ |
| سب اورسیر عارضی | ۵ | ۱۲ | ۱۷ |
| کلرک اپر ڈویژن | ایک بھی نہیں | ۱۶ | ۱۶ |
| کلرک لوئر ڈویژن | ۵ | ۳۹ | ۴۴ |
| سٹور کیپر | ایک بھی نہیں | ۹ | ۹ |
| کلرک عارضی | ۳ | ۵۱ | ۵۴ |
| ڈرافٹسمین مستقل | ۲ | ۹ | ۱ |
| ڈرافٹسمین عارضی | ۲ | ۸ | ۱۰ |
| میزان کل | ۲۵ | ۱۷۸ | ۲۰۳ |

آپ نے دیکھا کہ ۹۸ فیصدی مسلم آبادی والے صوبہ میں (۲۰۳) ملازمتوں میں، مسلمانوں کی تعداد صرف ۲۵ ہے اسی سے قیاس کیا جا سکتا ہے کہ جب بلوچستان میں مسلمانوں کی اتنی بڑی اکثریت کے ہوتے ہوئے یہ مظالم کئے جا سکتے ہیں اور کئے جا رہے ہیں۔ تو جن صوبوں میں مسلمان اقلیت میں ہیں، وہاں انکی بے کسی و بے بسی اور حکومت کی زیادتیوں کا حال کیا ہوگا۔

تعلیم کے سلسلہ میں کہا جاتا ہے کہ تعلیمی پستی کے ذمہ دار خود مسلمان ہیں، کیونکہ انہوں نے ابتداء انگریزی تعلیم کا بائیکاٹ کیا اور اس سے علیحدہ رہے۔ لیکن اگلے صفحات آپ کو بتلائیں گے کہ اس کے اسباب کیا تھے، اور گورنمنٹ نے انگریزی تعلیم کے متعلق جو پالیسی اختیار کی اور اسکو اپنے جن مخصوص اغراض کا آلہ بنایا، اس نے مسلمانوں کو مجبور کیا کہ وہ انگریزی تعلیم سے کنارہ کشی اختیار کریں۔ اس لئے اسکی پوری ذمہ داری حکومت ہی پر عائد ہوتی ہے ان یہ سب مسلمانوں کی تعلیمی پستی اور تعلیمی نتائج کی خرابی کا عالم جو حکومت کے ناروا طرز عمل نے ہندوستان میں پیدا کر رکھا ہے ان حالات کی موجودگی میں مسلمانوں کو حکومت سے کیا توقع ہو سکتی ہے وہ مسلمان جو اب تک بدقسمتی سے حکومت کو اپنا ہمدرد سمجھ رہے ہیں مذکورہ بالا حالات پر غور کریں اور پھر اپنے فیصلہ پر نظر ثانی کرنیکی تکلیف گوارا فرمائیں۔

## ہندوستان میں تعلیم کے رواج سے انگریزوں کا مقصد

تعلیم اور اسکی تفصیلات بیان کی جا چکیں جس کے مطالعہ کے بعد ہر شخص یہ فیصلہ کرنے پر مجبور ہے، کہ ہندوستان کی تعلیمات کا نظام حد درجہ ناقص اور مایوس کن ہے، اور یہاں کی آبادی اور آمدنی کے لحاظ سے قطعاً ناکافی

لیکن اسی باب کے ابتدا میں انگریزوں کے اقوال پیش کئے گئے تھے۔ جن کا خلاصہ یہ تھا کہ ہندوستان میں تعلیم جاری نہ کی جائے بلکہ یہاں کے باشندوں کو قطعاً جاہل رکھا جائے کیونکہ ہندوستان کے باشندے غلام ہیں اور ایک غلام کو اس کا حق نہیں کہ وہ اپنے دماغ میں تعلیم سے روشنی پیدا کرے اور اگر ان کو تعلیم سے آراستہ کیا گیا تو اسکے معنی یہ ہوں گے کہ ہم خود ان میں انکی قوت کا احساس پیدا کر رہے ہیں، اور خود اپنے خلاف ایک بڑی ذی علم اور قوی جماعت پیدا کر رہے ہیں جو آیندہ چلکر ہماری جڑوں کو کھوکھلا کر دے گی اور حکومت کے زوال کا باعث ہوگی۔

اب سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ جب انگریزوں کے خیالات یہ تھے، تو پھر ہندوستان میں حکومت نے تعلیمی نظام، ناقص و بیکار ہی سہی مگر قائم کیوں کیا؟ اور ان انگریزوں کے خیالات کے مطابق اپنے پیروں پر آپ کلہاڑی کیوں ماری؟ اور اپنی قبر آپ ہی کیوں کھودی۔

شاید آپ یہ سمجھ رہے ہوں کہ اہل ہند کی جہالت پر حکومت کو رحم آیا اور اس نے اپنی سلطنت کی بربادی کا خیال نہ کرتے ہوئے، یہاں کے باشندوں کی ترقی مدنظر رکھی اور ہندوستان کی فلاح و بہبود کو، حکومت پر ترجیح دی اور نظام تعلیم قائم کیا، لیکن واقعہ کچھ اور ہے اور حالات بالکل اس کے خلاف ہیں، حقیقت یہ ہے کہ جس طرح تعلیم جاری نہ کرنے سے انگریزوں کا مقصد یہ تھا کہ حکومت کی پائیداری میں فرق نہ آئے اور نظام سلطنت استوار رہے۔ بعینہ اسی مقصد سے تعلیمی نظام ہندوستان میں قائم کیا گیا۔ جس کی غرض اس کے علاوہ اور کچھ نہیں کہ ہر سال ہندوستانیوں کا ایک بڑا گروہ انگریز بنتا رہے، عملاً زندگی کی ہر شعبہ میں حتی کہ خیالات و معتقدات میں، حکومت کا حامی بلکہ اس کا وفادار غلام اور

صحیح جانشین ثابت ہو۔
واقعات ہمیں بتلا رہے ہیں کہ ہندوستان میں تعلیم محض مذہبی اور سیاسی اغراض کے ماتحت جاری کی گئی ہے۔ انگریز یہ سمجھتے تھے کہ اس وقت تک ہماری حکومت کے قدم نہیں جم سکتے جب تک کہ ملک کے ساتھ ساتھ، دماغ کو بھی فتح نہ کرلیا جائے۔ اور ہندوستان کی ذہنیت نہ بدل دی جائے، اور تعلیم کے ذریعہ غلامی کا بیج ان کے دلوں میں نہ بو دیا جائے، چنانچہ حکومت کی پالیسی، ابتداء سے ہندوستانیوں کی تعلیم کے بارہ میں یہی رہی۔
ذیل میں انگریزوں کی وہ تحریریں نقل کی جاتی ہیں جن سے مذکورہ بالا حادثات و واقعات کی تصدیق ہوگی۔
اٹھارویں صدی کے آخر میں چارلس گرانٹ نے اپنی کتاب میں، جو اشاعت تعلیم کے بارہ میں انھوں نے لکھی تھی، صاف لفظوں میں لکھا ہے کہ

اس میں کلام نہیں کہ سب سے اہم تعلیم جو ہندوستانی ہماری زبان میں پا سکتے تھے، وہ ہمارے مذہب کی تعلیم تھی، جو متعدد رسالجات میں آسان الفاظ میں درج ہے، اور جو مکمل طریقے انجیل مقدس میں موجود ہے ہندوستانیوں کی اخلاقی حالت حد درجہ خراب ہے، اور اس لئے ان کی سوسائٹی "نہایت ذلیل ہے" ان خرابیوں کی اصلاح قوانین کے نفاذ سے ہرگز نہیں ہو سکتی، خواہ وہ قوانین کیسے ہی عمدہ کیوں نہ ہوں دراصل تمام خرابیوں کی جڑ انکے مذہبی مراسم ہیں جن کی روح ان کے قوانین میں موجود ہے، اور انکے چھوٹے ناپاک اور قابل مضحکہ مذہبی

اصولوں میں مضمر ہے۔ ان تمام برائیوں کا واحد علاج یہ ہے کہ ہمارے علم کی روشنی، ان لوگوں میں پہونچائی جائے، جو تاریکی میں ہیں۔
بالخصوص ہمارے ربانی مذہب کے خالص اور پاک اصول نہیں بتائے جائیں اس بارہ میں ہماری ذمہ داری اس لئے اور بڑھ جاتی ہے کہ جس سچے مذہب سے ہم مستفیض ہو رہے ہیں، اُسے دوسروں تک کیوں نہ پہونچائیں

(تاریخ التعلیم مصنفہ سید محمود)

چارلس گرانٹ کے نزدیک ہندوستانیوں کا مذہب، ان کے مذہبی مراسم قابل مضحکہ ہیں، ان کے مذہبی اخلاق و عادات، مذہبی جماعتیں اور سوسائیاں ذلیل ہیں اور ان چیزوں کی اصلاح۔ انگریزوں کی حکومت نہیں کرسکتی بلکہ حکومت کا مذہب کرسکتا ہے۔ اس لئے چارلس نے یہ مشورہ دیا کہ ہندوستانیوں میں عیسائی علوم کی روشنی پہونچائی جائے، اور حکومت نے یہ مشورہ سر آنکھوں پر لیا، اور ہندوستانیوں کے دماغ میں مسیحی علوم کی شعاعیں پہونچنے لگیں
سنہ ۱۸۲۳ء میں آنریبل مسٹر الفنسٹن اور ایف وارڈن نے مسئلہ تعلیم پر۔ ایک یادداشت مرتب کی، جس میں انہوں نے اس نقصان کو تسلیم کرتے ہوئے جو انگریزوں سے ملک کو پہونچا ہے، لکھا ہے کہ
میں اعلانیہ تو نہیں بالواسطہ پادریوں کی حوصلہ افزائی کروں گا کیونکہ اگرچہ مجھے گورنر صاحب سے اس بارہ میں اتفاق ہے کہ مذہبی امور میں، امداد کرنے سے احتراز کیا جائے، تاہم جب تک کہ ہندوستانی

لوگ، عیسائیوں کی شکایت نہ کریں۔ تب تک ان کی تعلیم کے
مفید ہونے میں ذرا شبہ نہیں اگر تعلیم سے ان کی رایوں میں ایسی
تبدیلی پیدا نہ ہوسکے کہ وہ اپنے مذہب کو لغو سمجھنے لگیں، تاہم اس
سے وہ زیادہ ایماندار اور محنتی، رعایا تو ضرور بن ہی جائیں گے
(تاریخ التعلیم ص۱۷۱)

مسٹر الفنسٹن اور ایف وارڈن کے نزدیک ہندوستان کے نظام تعلیم کا اعلیٰ
معیار تو یہ ہے کہ دماغوں میں اتنا انقلاب پیدا ہو جائے۔ اور خیالات اسقدر
بدل جائیں کہ ہندوستانی اپنے مذہب کو لغو و مہمل سمجھنے لگے، کیونکہ مذہبی جذبات
ہی اکثر حکومت کے خلاف، قلوب میں ہیجان پیدا کرتے ہیں لیکن مذہبیت کے فنا
کردینے کے بعد حکومت آزاد ہے، جس طرح چاہے مذہب اور اس کے شعائر
کو پامال کرے، اور لوگوں کو مسیحیت کا پابند بنائے، کوئی پرسان حال نہیں
نہیں ہوسکتا۔ اور اگر نظام تعلیم سے یہ بلند مقصد حاصل نہ ہوسکا۔ تو کم سے کم اتنا تو
ضرور ہوگا کہ ہندوستان کے باشندے حکومت کیلئے وفادار غلام اور محنتی رعایا
بن جائیں گے، اور پھر نظام حکومت آسانی سے چل سکے گا۔

کرنل گوڈین جو پنجاب کے انسپکٹر اسکولز تھے ۱۸۸۲ء میں لکھتے ہیں کہ
حکومت برطانیہ نے ہندوستان میں اسکول صرف اس لئے
کھولے ہیں کہ عوام الناس میں وفاداری کا جذبہ پیدا ہو۔ اور
حکومت کی بنیاد مضبوط رہے۔

کرنل گوڈین نے اپنی ذمہ دارانہ حیثیت، ملحوظ رکھتے ہوئے، تعلیم کے متعلق حکومت

کی پالیسی کو بالکل واضح کر دیا کہ گورمنٹ کا مقصد ہندوستانیوں کو تعلیم یافتہ بنانا نہیں، بلکہ وہ وفادار خادم اور غلام بنانا چاہتی ہے، تاکہ تعلیم یافتہ طبقہ پر اپنی سلطنت کی بنیاد رکھ سکے،

لارڈ میکالے ۱۸۳۵ء کے مراسلہ میں جو ایسٹ انڈیا کمپنی کی تعلیمی حکمت عملی کے متعلق لکھا گیا ہے، لکھتے ہیں کہ،

تعلیم یافتہ ہندوستانی، ذوق طبع، رائے و اخلاق، اور خیالات میں بالکل انگریزوں کے رنگ میں رنگے جائیں گے۔ اس طرح ہندوستان اور انگلستان کا تعلق ہمیشہ کے واسطے مستحکم اور مضبوط بنیادوں پر قائم ہو جائے گا۔

میکالے خوش ہے کہ ہمارے قائم کردہ تعلیمی نظام سے ہندوستانیوں کا ذوق طبع کچھ اور ہو جائے گا، رائے بدل جائے گی، اخلاق متغیر ہو جائیں گے، خیالات پلٹ جائیں گے اور پھر اس سے ہماری دلی تمنائیں پوری ہوں گی ہندوستانیوں کے گلے میں دائمی ذلت کا طوق پڑے گا۔ اور انگلستان کے ساتھ ہندوستان کا رشتۂ غلامی مضبوط دھاگوں سے بندھ جائے گا۔

ان تحریروں کے مطالعہ کے بعد، تعلیم سے مقصد اور اسکی تعلیمی پالیسی واضح ہو جاتی ہے کسی مزید تشریح کی ضرورت باقی نہیں رہتی، بہر حال حکومت نے تعلیم کے متعلق یہ تباہ کن پالیسی اختیار کی اور وہ اپنے مقصد میں کامیاب رہی، ہندوستان کے یافتہ طبقہ کی ذہنیت حکومت کے ہاتھ میں چلی گئی، خیالات گورمنٹ کے تابع ہو گئے اور ہندوستان کے پیر ہمیشہ کے لئے غلامی کی زنجیروں میں جکڑے گئے چنانچہ

مسٹر ہنٹر کہتا ہے کہ

ملک کے ساتھ دماغ بھی فتح کر لیا گیا۔

اب ہندوستانیوں کے پاس دماغ ہیں مگر مفتوح، عقل و فہم ہے مگر دوسروں کے تابع، دل ہے مگر غیروں کے قبضہ ہیں، اب نہ وہ عقل و فکر سے اپنے لئے کام کر سکتے ہیں، نہ دماغ سے اپنی بھلائی سوچ سکتے ہیں اور نہ خود اپنے دل میں اپنی محبت پیدا کر سکتے ہیں۔ تمام چیزیں حکومت کے ہاتھوں کھوٹے داموں بک چلی ہیں، اور خود اپنے لئے بیکار ہو چکی ہیں۔

چنانچہ کونٹ اوٹومین کہتا ہے کہ

ہندوستانیوں کے دماغ اور ذہانت کے متعلق کوئی انکار نہیں کر سکتا، لیکن یہ تعجب ہے کہ کس طرح مغربی تعلیم کے طریقے ان کو خراب کیا، اور روایتی ذہانت و فراست کو بالکل مفلوج کر دیا۔

کونٹ اوٹومین نے جو کچھ کہا واقعہ ہے، حقیقتاً اس نظام تعلیم نے ہندوستانیوں کی ذہانت اس درجہ خراب کر دی کہ وہ مغربی تہذیب و تمدن، مغربی عادات و خصائل اور مغربی خیالات و عقائد کی پیروی باعث فخر سمجھنے لگے، اور یہی آزادی کا مفہوم قرار دے لیا گیا۔ اور اس غلامی کو معراج کمال سمجھ بیٹھے،

میکولسے لکھتا ہے کہ

ہم لوگ ہندوستان کے ایک طبقہ کو ضرور ایسا بنانے کی کوشش کریں گے کہ خون اور رنگ میں تو وہ ہندوستانی ہو، لیکن کیفیت

خیال، ذہنیت میں بالکل انگریز جیسا ہو اگرچہ کہنے کو تو ہندوستان میں یونیورسٹی، کالج، اسکول موجود ہیں لیکن پھر بھی ۹۵ فیصدی ہندوستانی جاہل ہیں،

موجودہ انگریزی تعلیم میں اس قدر خرچ ہے کہ غربا، کیا بلکہ اوسط درجہ کے لوگ بھی، صیغہ تعلیمات کے اخراجات کو برداشت نہیں کر سکتے، لیکن جو تعلیم حاصل کرنے کی کوشش بھی کرتے اور خرچ کو برداشت کر کے اسکول یا کالج میں داخل بھی ہوتے ہیں تو یونیورسٹی کی مہربانی ان لوگوں کے ساتھ یہ ہوتی ہے کہ آدھے سے زیادہ لڑکوں کو ناکام کر دیا جاتا ہے اور تعلیم اس عنوان سے دیجاتی ہے کہ نہ تو کوئی بڑا کام انجام دے سکتے ہیں اور نہ کسی فن میں کمال حاصل کر سکتے ہیں، بلکہ غلامانہ ذہنیت ان لوگوں کے دماغوں میں پیدا کر دی جاتی ہے اور بعض جو کامیاب بھی ہوتے ہیں۔ اور اسکول یا کالج سے باہر نکلتے ہیں تو وہ حکومت کی ملازمت یا اور کوئی دوسری نوکری کرنے لگتے ہیں اور اس غلامی کو معراج سمجھنے لگتے ہیں اور اس طرح اپنی قیمتی زندگی ختم کر دیتے ہیں۔

غرض یہ تھی حکومت کی تعلیمی پالیسی جو ہندوستان میں برتی گئی اور وہ کامیاب ثابت ہوئی۔

ظاہر ہے کہ جب تعلیمات کا نظام مذہبی اور سیاسی اغراض کے ماتحت قائم کیا گیا ہو، تو وہ تعلیمی نقطۂ نگاہ سے کس طرح مفید ہو سکتا ہے، تعلیم کا اثر تو باہمی

اتحاد، خیالات کی یک جہتی، اور فرقہ بندی کے فنا ہونے کی شکل میں نمودار ہوا کرتا ہے۔ لیکن اس تعلیم نے ہندوستان میں ایک اور فرقہ پیدا کر دیا اور معاشرتی نقطۂ نگاہ سے اس نے ہماری خانگی زندگی میں تفرقہ ڈال دیا چنانچہ ایورینڈ جے۔ سی چٹرجی سپرنٹنڈنٹ ایجوکیشن نے صوبہ دہلی کی تعلیمی رپورٹ شائع کی ہے۔ جس میں لکھا ہے کہ

> معلوم یہ ہوتا ہے کہ یا تعلیم یافتہ افراد اور غیر تعلیم یافتہ افراد میں، تعلیم، نفاق کی ایک خلیج پیدا کر دیتی ہے۔ جس سے اندیشہ ہے کہ آیندہ سیاسیات پر عمل درآمد مشکل ہو جائے گا، اور ہمارے گھر کے معاشرتی تعلقات پر ایک غیر تسلی بخش ناگوار اثر پڑے گا۔

اسی نظام تعلیمی کا اثر ہے کہ آج اپنوں سے نفرت اور غیروں سے . . . . الفت پیدا ہو گئی ہے، مغربیت سے دماغوں کو اس درجہ مرعوب کر دیا گیا ہے کہ مسلمانوں کے لئے نبی اور ہندؤں کیلئے رشی کا قول لائق التفات بھی نہیں لیکن شکسپیر کا مقولہ قابل حجت اور لائق عمل ہے۔

ہندوستان کے بھولے باشندوں نے انگریزی تعلیم کا استقبال کیا، لیکن جس نے بھی اس میدان میں قدم رکھا وہ کم سے کم ہندوستانی تو باقی نہیں رہا۔ مسلمان ابتداءً حکومت کے کاروبار میں بہت زیادہ دخیل تھے ہر جگہ انہیں رسوخ حاصل تھا، یہ مشکل تھا کہ حکومت کی کوئی پالیسی ان سے مخفی رہ سکے۔ جب انگریزی تعلیم ہندوستان میں رائج کی گئی، تو گورنمنٹ کی ساری حکمتیں اور حکومت کے تمام مقاصد مسلمانوں کے سامنے تھے، وہ سمجھتے تھے کہ انگریزی

سے حکومت کا مقصد باہمی اتحاد کو ختم کرنا اور ہندوستان کی زنجیر غلامی کو مضبوط کرنا ہے اور اس تعلیم کے ذریعہ، مغربی خیالات کو پھیلایا جارہا ہے۔ اور مسیحی علوم کی اشاعت کی جارہی ہے، ور ہندوستان سے مذہبیت فنا کی جارہی ہے جو ایک مسلمان کی عزیز ترین متاع ہے اور جس کیلئے وہ سب کچھ قربان کر سکتا ہے۔

حکومت کی اس تعیمی پالیسی نے، ابتداءً مسلمانوں کو انگریزی تعلیم سے علیحدہ رکھا، مسلمان نہ صرف اس سے کنارہ کش رہے بلکہ نہایت سختی سے اسکے مخالف رہے۔ چونکہ انگریزی، حکومت کی زبان تھی، اس لئے ضروریات سے مجبور ہو کر مسلمانوں نے اس میں شرکت کی لیکن نتائج، انہیں مفاسد کی شکل میں برابر نمودار ہو رہے ہیں۔ جن کا کہ اندیشہ اور خطرہ تھا۔

# تعلیمی متفرقات

حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدظلہ کی یادداشتوں میں بعض چیزیں ایسی ہیں جنکا مستقل ابواب و فصول میں لانا ہمارے لئے مشکل تھا، اس لئے متفرقات کا عنوان قائم کرکے، انہیں جمع کر دیا گیا ہے، لیکن اس میں بھی ترتیب کو ملحوظ رکھا گیا ہے اور ہر باب کے متفرقات علیحدہ علیحدہ جمع کر دے گئے ہیں۔

---

# دنیا کی زبانیں

ماہرین السنہ کی تحقیقات کے بموجب اس وقت تمام دنیا میں (۳۴۲۴) زبانیں مروج ہیں، مثلاً یورپ (۹۸۱) ایشیا میں (۱۲۳) افریقہ میں، ۱۱۴۰ امریکہ میں (۱۱۷۰) ہندوستان وجزائر قطب شمالی میں (۴۱۷) زبانیں ہیں بقیہ دوسرے مقامات میں مستعمل ہیں۔

ایک اطالوی میچوفانٹی نامی نے اب تک سب سے زیادہ زبانیں سیکھی ہیں جن کی تعداد (۱۱۴) ہے ۱۸۴۹ء میں اس کا انتقال ہوگیا، ہر زبان کے الفاظ کی تعداد بھی مختلف ہے۔ کسی زبان میں بہت ہی کم الفاظ ہیں اور کسی میں بہت زیادہ، جس زبان میں بہت زیادہ الفاظ ہیں آج اس کو علمی کہا جاتا ہے کیونکہ ان کے ذریعہ ہم اپنے مطالب کو ہر حیثیت سے ادا کر سکتے ہیں۔ چند زبانوں کے الفاظ کا اندازہ ذیل کے مقابلہ سے معلوم ہوگا۔

انگریزی ۴ لاکھ تیس ہزار۔ جرمنی ایک لاکھ ۲۷ ہزار، فرانسیسی ایک لاکھ ۲۰ ہزار۔ روسی ایک لاکھ ۴۰ ہزار۔ اٹلی ایک لاکھ ۴۰ ہزار۔

مشرقی زبانوں میں وسیع ترین زبان چینی زبان ہے، اس کے بعد عربی زبان کا درجہ ہے، عربی بولنے والوں کی تعداد ۵ کروڑ سے زائد ہے۔

جو لوگ عربی زبان بولتے ہیں اور اس کے ساتھ ہی اجنبی زبانوں میں بھی مہارت رکھتے ہیں انکی تعداد بھی خاصی ہے۔ یہ لوگ انگریزی زیادہ بولتے ہیں اور فرانسیسی کم۔

چند اہم زبانوں کی تفصیلات۔ اختصار کا لحاظ رکھتے ہوئے ذیل میں درج کی جاتی ہیں، جو ڈاکٹر محی الدین کے ایک مضمون سے ماخوذ ہیں
دنیا میں جو زبانیں بولی جاتی ہیں وہ اپنی ساخت کی نوعیت کے لحاظ سے ۳ قسم کی ہیں، ایک وہ ہیں جن میں الفاظ ہمیشہ بالکل علیحدہ علیحدہ رہتے ہیں اور جن کی ترکیبوں کا ہر جزء انفرادی طور پر مستقل معنی رکھتا ہے۔ علاقہ چین اور ایشیا کے جنوب مشرقی حصوں مثلاً انام، سیام، اور برہما وغیرہ کی زبانیں اسی قسم میں داخل ہیں۔

دوسری قسم۔ دوسری وہ ہیں جن کے لفظوں کے آخری اجزاء میں تغیر و تبدل ہوتا رہتا ہے، اس حد تک کہ وہی لفظ تغیرات کے بعد بالکل دوسرا اور نیا معلوم ہونے لگتا ہے۔ اس قسم میں وسط ایشیا کے تمام جاہل قبیلوں کی، بحر شمالی کے ان تمام باشندوں کی جو ایشیا اور یورپ، دونوں براعظموں کے انتہائی شمالی علاقوں میں مقیم ہیں اور جنوبی ہند کی جاہل اقوام کی زبانیں شامل ہیں۔

تیسری قسم۔ زبانوں کی تیسری قسم سب سے زیادہ اہم ہے، چنانچہ اس وقت ہم انہی کے متعلق چند دلچسپ مختصر سی معلومات نذر ناظرین کرتے ہیں۔ اس قسم میں وہ تمام زبانیں داخل ہیں جو اپنے علمی اور ادبی ذخیروں کے لحاظ سے، دنیا کی سب سے اعلیٰ زبانیں کہلائی جا سکتی ہیں، ان زبانوں کی خصوصیت یہ ہے کہ ان کے لفظی اجزاء ایک دوسرے سے اس قدر گھل مل جاتے ہیں اور ان میں اس قدر تغیر و تبدل ہو جاتا ہے کہ ایک زمانہ کے بعد ایک ہی لفظ متفرق شکلوں

اور متعدد معنوں میں استعمال ہوتا ہوا نظر آتا ہے۔
سامی:۔ زبانوں کا پہلا جتھا سامی کہلاتا ہے، جو سام بن نوح علیہ السلام سے منسوب ہے
سامی کی مشہور اور اہم شاخوں میں آشوری (جسمیں شام اور بابل کی مفقود بولیاں بھی شامل ہیں) عبرانی، فنیقی، عربی اور چند حبشی بولیوں کا شمار کیا جاتا ہے
عربی نے اسلامی مذہبی کتابوں کی وجہ سے، دنیا کی مذہبی تاریخ کے علاوہ علم لسانیات کو بہت بڑا فائدہ پہونچایا ہے۔
ہندیورپی:۔ تیسری قسم کی زبانوں کا دوسرا جتھا ہندیورپی کے نام سے مشہور ہے، وہ اس وقت سامی کے مقابلہ میں نہایت وسیع اور بہت زیادہ اہم حصہ زمین پر پھیلا ہوا ہے، ہمارے وطن ہندوستان کے زیادہ علاقوں میں اس جتھے کی زبانیں بولی جاتی ہیں۔ انگلستان، ہالینڈ۔ ڈنمارک جرمنی اسکنڈی نے ویا، فرانس، اسپین۔ پرتگال۔ اٹلی۔ یونان۔ البانیہ۔ ایران بخارا۔ ارمینیا۔ اور یورپی روس کے باشندے اسی جتھے کی زبانیں بولتے ہیں، جو صرف۔ نوعیت، ساخت بلکہ نسل اور خاندان کے لحاظ سے بھی ایک دوسرے سے اسقدر قریب ہیں کہ ان کو ہم ایک ہی ماں کی متعدد بیٹیاں بھی کہہ سکتے ہیں
اس ابتدائی زبان کو اس کی متفرق شاخوں کے ساتھ تین ناموں سے یاد کیا جاتا ہے۔ (۱) ہندیورپی (۲) ہندالمانی (۳) ہندآریائی۔

سنسکرت:۔ ہندیورپی یا آریائی جتھے کی، سب سے مشہور شاخ سنسکرت یا قدیم ہندوستانی ہے، یہ زبان خاص طور پر اہم ہے۔ کیونکہ اس کے اجزاء اور اصول ترکیب اس جتھے کی دوسری شاخوں کے مقابلہ میں زیادہ قابل فہم اور محفوظ ہیں۔

ژند:۔ دوسرا نمبر قدیم ایرانی یا ژند کا ہے جسکی ژند تاریخ بھی نہایت قدیم لسانی شکل بھی ہمیں گاتھاؤں کی صورت میں محفوظ ملتی ہے۔ یہ ایران کی آتش پرستوں کا قدیم اور اہم ترین ادب ہے، اسی زبان کی، ایک بعد کی شکل پہلوی نام سے یاد کیجاتی ہے۔

ماہرین لسانیات کے لئے ژند اس لئے ایک اہم زبان ہے کہ وہ سنسکرت سے بالکل قریب اور مشابہ ہے اور دوسری اہم زبانوں کے غیر تشفی بخش پہلوؤں پر اس کی مدد سے، اکثر اوقات خاصی روشنی پڑتی ہے۔

یونانی:۔ اس جتھے کی یورپی زبانوں میں یونانی اور اسکی متفرق شاخوں۔ شاخوں کا نمبر سب سے پہلے آتا ہے۔ اس زبان نے دوسروں کے مقابلہ میں لفظوں اور شکلوں کے ارتقاء میں ایک خاص انفرادی حیثیت کو ملحوظ رکھا ہے۔

لاطینی:۔ دوسرا نمبر لاطینی کا ہے، اس بارے میں یہ امر خوش آیند ہے کہ قدیم اٹلی کی زبانوں سے لاطینی کی موجودہ شکلوں تک کا لسانی ارتقاء نہایت صحت سے پیش کیا جا سکتا ہے اس کی اہم موجودہ شاخیں فرانسیسی

اطالوی، ہسپانوی پرتگالی۔ زبانیں ہیں یونانی ولاطینی کے ذریعہ سے ہم قدیم تخیل، اصول زندگی، اور قوانین کے انتہائی عروج کا مطالعہ کر سکتے

**کیلٹک**:۔ یہ زبان کئی شاخوں پر منقسم ہے۔ انگلستان کے مغربی حصہ ویلز اور کانوال کے علاوہ علاقہ پر مشتمل میں اسکی ایک شاخ بولی جاتی ہے۔ آئرلینڈ اور اسکاٹ لینڈ۔ کی قدیم زبانیں بھی جو آہستہ آہستہ متروک ہوتی جارہی ہیں۔۔ اسی کی دوسری شاخیں ہیں، ہندویورپی جتھے کی باقی ماندہ زبانیں، اس قسم میں داخل ہیں جو شمالی یورپی کہلاتا ہے۔

**لتھوانی**:۔ یہ زبان آج کل متفرق شکلوں میں روس اور جرمنی کے بعض ان علاقوں میں بولی جاتی ہے جو بحیرہ بالٹک کے قریب واقع ہیں۔ لسانیات کے طالب علموں کے لئے یہ زبان دلچسپ اور اہم ہے کیونکہ اس نے بہت سی قدیم تصریفی شکلوں کو اب تک قائم رکھا ہے

**سلوانی**:۔ یہ زبان متفرق شکلوں میں بعض علاقہ جات میں مستعمل ہے۔

# ہندوستان کی زبانیں

جدید مردم شماری ۱۹۳۱ء کی رپورٹ سے معلوم ہوتا ہے۔ کہ ہندوستان اور برما میں (۲۲۵) زبانیں مروج ہیں (۳۴۹۸۸۷۵۲۷) اشخاص صرف اپنی مادری زبان میں گفتگو کر سکتے ہیں (۳۶۶۴۳۰۵۳۷) اشخاص مادری

زبان کے ساتھ امدادی زبانوں سے بھی کام لیتے ہیں، ایشیا اور افریقہ کے دیگر ممالک میں ۷۰ زبانیں مروج ہیں اور (۳۰۲۳۲۴) اشخاص صرف مادری زبان بولتے ہیں اور (۳۰۵۳۸۶) مادری زبان کے علاوہ امدادی زبانیں بھی استعمال کرتے ہیں،

مندرجہ بالا اعداد و شمار کا مقابلہ ذرا یورپ کے ممالک کی زبانوں سے بھی کرکے دیکھئے۔ یورپ میں ۲۰ قسم کی زبانیں مروج ہیں۔ جن کے بولنے والوں میں (۱۲۳۹،۰۶) اشخاص صرف مادری زبان میں گفتگو کرتے ہیں۔

ذیل میں ہندوستان اور برما کی زبانوں کی تقسیم اور ان کے بولنے والوں کے اعداد و شمار درج کئے جاتے ہیں۔

(نقشہ اگلے صفحہ پر ملاحظہ فرمائیے)

کہ مختلف صوبوں کی جو زبان ہو اس میں دفتروں کی کارروائی کی جائے ۔
چنانچہ بنگال میں بنگالی زبان میں دفتر قائم کئے گئے، بہار، ممالک متوسط، ممالک متحدہ، اور پنجاب کی
زبان اردو قرار دی گئی۔ دفتروں کی کارروائی اردو میں کی گئی، اس وجہ سے سرکاری اسکولوں میں ہندی کی
تعلیم کا کوئی انتظام نہیں کیا گیا۔ سب سے پہلے ممالک متوسط میں اس کے بعد بہار میں دفتروں سے اردو کو خارج
کر کے ہندی کو رائج کیا گیا۔ ہم کو یہ نہیں معلوم کہ وہاں پر ہندی تعلیم کب سے شروع کی گئی، لیکن
ممالک متحدہ میں ہندی اردو جھگڑے کی ابتدا اس طرح ہوئی کہ ۱۸۵۷ء کے بعد ہر ایک سرکاری اسکول
میں ہندی پڑھانے کے لئے ایک پنڈت مقرر کیا گیا۔ کمشنری گورکھپور و کمشنری الہ آباد کے بہت سے
اضلاع میں جو ابتدائی تعلیم کے مدرسے قائم کئے گئے جن کا نام اس زمانہ میں حلقہ بندی کا مدرسہ
ہوتا تھا، ان میں زیادہ تعداد میں، ہندی کے مدرسے جاری کئے گئے اور کم تعداد
میں اردو کے، لیکن اودھ کمشنری روہیلکھنڈ و کمشنری میرٹھ میں زیادہ تعداد میں
اردو کے مدرسے قائم ہوئے، اور کم تعداد میں ہندی کے،
اس زمانہ میں جو ہندی کتابیں پڑھائی جاتی تھیں ان کی زبان عام طور سے وہی ہوتی تھی
جو روزمرہ عام مسلمان اور عام ہندو بولتے تھے، ہندی زبان کی کتابوں میں صرف بعض الفاظ
ہندی کے ایسے ہوتے تھے جو مسلمان، کائستھ، اور راجپوتوں کی بول چال میں داخل نہ تھے
ہرگز اس زمانہ میں ہندی زبان کی کتابیں اس زبان میں نہ لکھی جاتی تھیں جو آج کل ہندی
زبان ہے، موجودہ زمانہ کی ہندی کتابوں کی زبان مسلمانوں کے لئے تو بالکل ایسی غیر زبان
ہے جیسی انگریزی، لیکن راجپوت اور کائستھ بھی موجودہ ہندی ریڈروں کو عام طور سے
نہیں سمجھتے، غرضکہ اردو اور ہندی کا جھگڑا جس نے تعلیم کے مسئلہ میں سخت رکاوٹ پیدا
کر دی ہے، یہ ۱۸۵۷ء کے بعد ظہور میں آیا اور اب تو حالات یہاں تک بدل چکے کہ اب

صوبوں میں سرکاری اسکولوں سے اردو کا اخراج ہو چکا ہے، مثلاً صوبہ برار اور سی پی باوجود کہ برار کے تجارتی اور غیر تجارتی تعلقات ہندوستان سے بہت کافی ہیں۔ اور سی پی میں اردو مسلمانوں کی مادری اور مذہبی زبان ہے، اور ہندی اور مرہٹی زبان کی ترویج سی پی اور مسلمانوں کے لئے ناقابل برداشت۔

## سب سے پہلے لکھنا پڑھنا کس نے سکھایا

کہتے ہیں کہ سب سے پہلے حضرت آدم علیہ السلام نے لکھنے پڑھنے کی بنیاد ڈالی تھی۔ انھوں نے عربی زبان کے حروف مٹی سے بنائے اور ان کو آگ میں پکا کر پختہ کر لیا۔ چنانچہ وہ طوفان نوح علیہ السلام کے بعد تک محفوظ رہے، جن سے ان کے جانشینوں نے استفادہ کیا اور جب سے نوشت و خواند کا سلسلہ چلا۔ اُس زمانہ میں نہ تو آجکل کے سے سفید براق کاغذ تھے، اور نہ ایک گھنٹہ میں ایک ہزار کتابیں چھاپنے والی بجلی یا بھاپ کی مشینیں تھیں، اور نہ جواہر رقم۔ طلعت رقم خطاب والے کاتب تھے، صرف جنگل کے پتوں، جانور کی کھالوں، اور مٹی کی بنی ہوئی تختیوں پر، لوہے کی کیلوں، اور لکڑی کے کوئلوں اور جانوروں کے سخت پروں کے قلموں سے۔ کتابیں لکھی جاتی تھیں۔ حال ہی میں شہر موصل کے نزدیک ایک مشہور شہر نینوا میں چند ایسے پرانے کتب خانے دستیاب ہوئے ہیں جن میں مٹی کی پکی ہوئی تختیوں پر اس زمانے کی کتابیں لکھی ہوئی ہیں۔

مصر و لندن کے عجائب خانوں اور قومی کتب خانوں میں بھی چند ایسی کتابیں اور دستاویزیں موجود ہیں جو کھجور کے پتوں اور ہرن کی کھالوں پر لکھی ہوئی ہیں۔

قدیم تواریخ سے پتہ چلتا ہے کہ ایک قومی کتب خانہ حضرت مسیح کی پیدائش سے پانچ سو چالیس سال قبل موجود تھا جس سے یونان و مصر و چین کے بڑے بڑے عالموں نے استفادہ کیا ہے

مگر اب اس کا کہیں نام نہیں پایا جاتا، کیونکہ جب قیصر جولیس نے، ۴۸ سال قبل مسیح، مصر کے مشہور شہر اسکندریہ کے ذخیروں کو آگ لگائی تو اس کا عظیم الشان کتب خانہ بھی، جس میں ۴ لاکھ کتابوں کا ذخیرہ تھا، جل کر برباد ہو گیا۔

## مدرسے بچوں کے پاس آتے ہیں

کناڈا کے بعض علاقوں میں، مدرسوں کو بچے تعلیم حاصل کرنے کے لئے نہیں آتے بلکہ مدرسے بچوں کے پاس آتے ہیں، جب سے کناڈا کی آبادی نے وسعت اختیار کی ہے اس وقت سے، بچوں کے لئے، ہر جگہ درسگاہوں کا قیام ناممکن ہو گیا ہے، اس لئے بچوں کی تعلیم کے سلسلہ میں، مختلف صورتیں اختیار کی گئی ہیں، ایک صورت یہ کہ بچوں کو خط وکتابت کے ذریعہ تعلیم دی جائے، اسکی صورت یہ کہ بچہ اپنے سبق کے متعلق، ضروری امور کو، اپنے استادوں کے پاس، بذریعہ خط ارسال کر دیا کرتے تھے، استادان کی غلطیوں کو درست کرکے پھر واپس بھیجدیا کرتے تھے، اس کے بعد دوسرا طریقہ جاری ہوا۔ براڈکاسٹنگ کے ذریعہ بچوں کو تعلیم دی جانے لگی، لیکن یہ طریقہ سود مند ثابت نہ ہوا، کیونکہ ہر جگہ سے بچوں کا براڈکاسٹ اسٹیشنوں پر پہونچنا ناممکن ہو گیا تھا، اب ایک تیسرا طریقہ جاری کیا گیا ہے جو ہر طرح اطمینان بخش اور تعلیمی ضروریات کو پورا کرنے والا ہے، یعنی سفری اسکولوں کے ذریعہ بچوں کو تعلیم دی جانے لگی ہے، یہ درسگاہیں ریل کے ڈبوں میں قائم کی گئی ہیں، جو مختلف مقامات میں، ہر پندرہ روز کے بعد صرف ایک رات کے لئے ٹھہرتی ہے، اور بچے گھوڑوں، موٹروں اور دیگر سواری کے ذریعہ وہاں پہنچکر تعلیم حاصل کرتے ہیں

## بہروں اور گونگوں کی تعلیم

دنیا میں کتنے بہرے اور گونگے اور اندھے افراد موجود ہونگے، لیکن یورپ میں جس طرح ان لوگوں کی

تعلیم و تربیت کا انتظام ہو اسے کم سے کم ہندوستان میں تو وہ خواب و خیال میں بھی نہیں اسکے
حالانکہ اللہ کی یہ مخلوق تربیت کے لئے ہم سب سے زیادہ مستحق ہے اور ہمیں اس کے لئے سب سے
زیادہ کوشش کرنی چاہیے! ہندوستان میں بعض مقامات پر اس قسم کے سکول موجود ہیں
جن میں گونگوں بہروں اور اندھوں کو تعلیم دی جاتی ہے، اس موقعہ پر میلن کیلز می ایک امریکن
عورت کا واقعہ دلچسپی سے خالی نہ ہوگا جو بہری، گونگی، اور اندھی ہے، لیکن نہایت معقول
قابلیت رکھتی ہے، اور اسی لئے دنیا میں ایک عجیب و غریب عورت سمجھی جاتی ہے،
اس نے الفاظ کے ہجے اس طرح سیکھے کہ لوگوں نے کیلر کو ایک پلیٹ فارم پر کھڑا کر دیا اور اس نے
متعدد الفاظ کے ہجے دہرائے وہ اس دوران میں مسکراتی جاتی تھی اور اپنی ترجمہ کئے گئے اور ہونٹ
کو اس طرح چھوتی تھی جیسے الفاظ کو سننے کے بجائے محسوس کرتی ہو،
بچپن میں وہ بالکل گونگی تھی، لیکن سالہا سال کی کوششوں کے بعد اب وہ اس لائق ہو گئی ہے کہ
کسی قدر بول سکتی ہے اور اپنا مطلب سمجھا سکتی ہے، اس کو بی اے کی ڈگری بھی حاصل ہے،
یونانی، فرانسیسی، اور جرمنی زبانوں کا ترجمہ بھی کر لیتی ہے، اور ان میں کسی قدر گفتگو بھی
کر سکتی ہے، اس نے لندن میں ایک تقریر بھی کی تھی، جو بڑی حیرت اور دلچسپی سے
سنی گئی۔

## صوبہ سرحد کی تعلیمی حالت

پنجاب یونیورسٹی کے امتحان انٹرنس کا نتیجہ ۵ مئی سنہ ۱۹۳۳ء کو لاہور سے شائع ہوا ہے، اس پر
ایک نظر ڈالنے سے، مندرجہ ذیل دلچسپ تعلق کا انکشاف ہوتا ہے،
(۱) صوبہ سرحد میں کل ۳۰ ہائی اسکول ہیں یعنی ۱۳ گورنمنٹ: ۵ اسلامیہ، تین مشن، تین خالصہ
، دو دوستانی دھرم اور پانچ دیگر۔

(۲) صوبہ سرحد سے کل (۵۰۸) لڑکے پاس ہوئے۔ ۳۳۲ مسلمان ۲۰۲ ہندو ۳۸ سکھ اور ایک عیسائی یعنی کل کامیاب شدہ امیدواروں میں سے ۶۵ فی صدی مسلمان ہیں۔ ۳۹ فیصدی ہندو، ۶ فیصدی سکھ ہیں۔

(۳) صوبہ بھر سے کل ۱۲ لڑکیاں کامیاب ہوئیں پشاور سے (۷)، بنوں سے (۲)، کوہاٹ سے (۱)، ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے (۲)، یہ سب کی سب ہندو لڑکیاں ہیں۔

(۴) سب سے زیادہ لڑکے اسلامیہ کالجیٹ اسکول سے کامیاب ہوئے، اور سب سے کم لڑکے گورنمنٹ سکول پاراچنار سے۔

(۵) ضلع پشاور سے (۲۲۲) لڑکے پاس ہوئے، ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے (۱۰۳) بنوں سے (۸۹) ہزارہ سے (۱۰)، کوہاٹ سے (۵۹)، کرم سے ایک۔

(۶) سب سے زیادہ مسلمان لڑکے ضلع پشاور سے پاس ہوئے، اور سب سے کم ضلع بنوں سے، اور سب سے زیادہ ہندو لڑکے ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں سے پاس ہوئے، اور سب سے کم کوہاٹ سے۔

(۷) صوبہ بھر میں سب سے زیادہ نمبر عبدالرحمٰن صدیقی طالب علم مشن اسکول پشاور نے حاصل کئے اور دوسرے درجہ پر عبدالرشید متعلم اسلامیہ کالجیٹ اسکول پشاور۔

## صوبہ سرحد کا محکمہ تعلیم

محکمہ تعلیم صوبہ سرحد، ڈائرکٹر سررشتہ تعلیم کے ماتحت ہے۔ معائنہ کرنے والے سٹاف میں ڈائرکٹر محکمہ تعلیم، ایک نسپکٹر، ایک انسپکٹر ورنیکلر تعلیم، ایک اسسٹنٹ انسپکٹر، پانچ ڈسٹرکٹ انسپکٹر اور آٹھ اسسٹنٹ ڈسٹرکٹ انسپکٹر شامل ہیں صوبہ میں ۳ کالج ہیں، اسلامیہ کالج پشاور جس میں ایم۔ اے۔ اور بی۔ اے، اور بی۔ ایس۔ سی تک تعلیم دی جاتی ہے، ایڈورڈ کالج پشاور

میں بی اے تک اور [illegible] کالج ڈیرہ اسمٰعیل خاں میں انٹرمیڈیٹ تک تعلیم دی جاتی ہے۔ صوبہ میں کوئی گورنمنٹ کالج نہیں ہے۔ صوبہ میں لڑکوں کی تعلیم کے لئے ۲۹ ہائی اسکول ہیں جن میں سے ۱۱ کا انتظام حکومت کرتی ہے اور ۱۸ پرائیویٹ انتظام کے ماتحت چل رہے ہیں جن کو حکومت کی طرف سے گرانٹ دی جاتی ہے۔

ان اسکولوں میں ۸ جماعتوں تک تعلیم دی جاتی ہے۔ ان میں سے بعض لوکل باڈیز یعنی ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیوں کے تحت ہیں اور بعض پرائیویٹ انتظام کے ماتحت چل رہے ہیں جن کو مڈل کلاسوں کے لئے حکومت کی طرف سے اور پرائمری جماعتوں کو ڈسٹرکٹ بورڈ، میونسپل کمیٹیوں کی طرف سے امداد دی جاتی ہے۔ لوئر مڈل اسکول بھی موجود ہیں جن میں چھٹی جماعت تک تعلیم دی جاتی ہے۔ یہ عموماً ڈسٹرکٹ بورڈ کے ماتحت ہیں۔

پرائمری اسکول، ڈسٹرکٹ بورڈوں، میونسپل کمیٹیوں، کنٹونمنٹ بورڈوں اور پرائیویٹ جماعتوں کے تحت ہیں۔ موخر الذکر قسم کے اسکولوں کو مقدم الذکر مقامی ادارے امداد دیتے ہیں۔ ڈسٹرکٹ بورڈوں کو حکومت کی طرف سے امداد دی جاتی ہے جو ان کے اخراجات کا اسّی فیصدی ہوتی ہے۔

پرائمری اسکولوں کے بچوں کو انسپکٹر ایک جماعت سے دوسری جماعت میں ترقی دیتے ہیں، بچوں کو انسپکٹرس اور اسسٹنٹ انسپکٹرس اور ورنیکلر اسکولوں کی مڈل جماعتوں کو انسپکٹر ورنیکلر تعلیم ترقی دیتے ہیں۔

صوبہ میں لڑکیوں کے دو امدادی ہائی اسکول ہیں ایک پشاور میں ایک ایبٹ آباد میں۔ ان سکولوں میں طالبات کی تعداد ۲۸۴ سے بڑھ کر ۳۶۶ ہو گئی ہے ۲۶ مڈل اسکول ہیں، جن میں ۳۷۷۴ طالبات ہیں۔ ۱۳۰ پرائمری اسکول ہیں جن میں ۲۰۰۷ طالبات تعلیم حاصل کرتی ہیں سکنڈری سکولوں میں گذشتہ سال کی نسبت اخراجات [illegible] گھٹتے ۲ ہزار

سات سو سترہ روپیہ سے بڑھ کر ایک لاکھ ۲۵ ہزار سات سو پانچ روپیہ ہو گیا ہے۔ اپر پرائمری
اسکولوں میں ۹۵ ہزار ایک سو چار روپیہ سے بڑھ کر ایک لاکھ تین ہزار نو سو چالیس ہو گیا ہے۔

سنہ ۳۱-۱۹۳۰ء میں صوبہ میں ۹۶۴ کالج اور اسکول تھے جن میں تین آرٹ کالج تین ٹریننگ کالج
۲۹ ہائی اسکول ۲۱۳ مڈل سکول، ۵۹۹ پرائمری سکول، اور ایک سو ستر پرائیویٹ
اسکول تھے، سنہ ۳۲-۱۹۳۱ء میں تعداد بڑھ کر ۹۸۶ ہو گئی۔ ایک ٹریننگ کالج کی زیادتی ہوئی،
مڈل اسکولوں میں ایک کی اور پرائمری اسکولوں میں دو کی کمی ہوئی ہے، پرائیویٹ
اسکولوں کی تعداد میں ۲۴ کا اضافہ ہوا ہے۔

سنہ ۳۱-۱۹۳۰ء میں طلبہ کی کل تعداد ۳۵۸۳۰، تھی سال سنہ ۳۲-۱۹۳۱ء میں یہ تعداد بڑھ کر
۴۵۶۲۷، ہو گئی یعنی ۹۷۸۱ طلبا کا اضافہ ہوا۔

سنہ ۳۱-۱۹۳۰ء میں ۷۵۴ سکول تھے جن میں ایک نارمل دو ہائی ۲۴ مڈل، ۴۹۴ پرائمری
اور ۲۴۷ پرائیویٹ اسکول تھے۔ سنہ ۳۲-۱۹۳۱ء میں یہ تعداد ۱۸۰۱ ہو گئی، مڈل اسکولوں اور پرائمری
اسکولوں میں ۱۹-۱۰ اور پرائیویٹ اسکولوں میں ۱۴ کا اضافہ ہوا۔

سنہ ۳۱-۱۹۳۰ء میں ان اسکولوں میں طالبات کی تعداد ۱۳۵۷۰ تھی، اور سنہ ۳۲-۱۹۳۱ء میں یہ
تعداد بڑھ کر ۱۳۰۷۷ ہو گئی، یعنی ۱۲۵۰ کا اضافہ ہوا۔

ہائی سکولوں میں طلبہ کی تعداد ۱۱۷۸۴ سے بڑھ کر ۱۲۴۷۷، ورنیکلر مڈل اسکولوں میں ۳۲۲۹ سے
بڑھ کر ۳۵۲۲، اور ورنیکلر مڈل اسکولوں میں ۲۳۹۳۰ سے بڑھ کر بہت کچھ ترقی کر گئی۔

سنہ ۳۲-۱۹۳۱ء میں حکومت اور لوکل باڈیز ڈسٹرکٹ بورڈ اور میونسپل کمیٹیوں، کی طرف سے امدادی
اسکولوں کو ۲۲۹۵۷۹ روپیہ کی امداد دی گئی، گذشتہ سال ۲۲۴۰۹ روپیہ تھا، تعمیر
کے لئے ۲۹۲۷۰ روپیہ اور سامان کے لئے ۵۷۰۰ روپیہ دیا گیا، ایس دی کے لئے استاذہ کو

ٹریننگ کالج میں تعلیم دی جاتی ہے اور سی وی کو ٹریننگ کالج پشاور، ڈیرہ اسمٰعیل خاں اور
غازی خیل (ضلع بنوں) میں ٹریننگ کیا جاتا ہے۔ ۳۱ مارچ ۱۹۳۲ء کو ایس وی میں چالیس اور
اور جے وی میں ۲۳۰ اساتذہ زیر تربیت تھے۔ عورتوں کے لئے ایس وی اور جے وی کا
انتظام نارمل اسکول پشاور میں ہے۔ ۳۱-۱۹۳۰ء میں ان کی تعداد ۳۳ اور ۳۲-۱۹۳۱ء میں ۴۸ تھی
عورتوں کی ٹریننگ کی مدت دو سال اور مردوں کی ایک سال ہے، اس عرصہ کو ۲ سال تک بڑھانے کا
مسئلہ زیر غور ہے۔ بی ٹی، ایس اے وی اور جے اے وی کے لئے پنجاب بھیجا جاتا ہے۔
۳۱-۱۹۳۰ء میں کل ۸۰۰ اسکول تھے جن میں ۷۰۰ پبلک اسکول تھے اور ۱۰۰ پرائیویٹ اسکول تھے۔
ان میں طلبہ کی تعداد علی الترتیب ۴۳۶۴۲ اور ۳۰۲۰ یعنی کل ۴۶۶۶۲ تھی جن پر ۹ لاکھ تراسی ہزار نو روپیہ
صرف ہوتا تھا۔ اس سال ۳۲-۱۹۳۱ء میں ایک پبلک اسکول کم ہو گیا، اور طلبہ کی تعداد میں ۲۶۳ کی کمی
واقع ہوئی ہے، لیکن اخراجات میں تین ہزار چھ سو تیس روپیہ کا اضافہ ہو گیا۔ مستورات کے علاوہ
میں بمقام بسکہ (ضلع ڈیرہ اسمٰعیل خاں) ایک پرائمری اسکول کھولا گیا ہے۔ پاراچنار، وادی علی زئی
(کرم ایجنسی) اور میران شاہ، اور جمرود کے علاوہ مالاکنڈ ایجنسی میں پانچ اسکولوں کے لئے
عمارتیں تعمیر کی گئیں، تخفیف کے باعث پانچ سالہ پروگرام کو ترک کرنا پڑا۔ گرلز اسکولوں میں
تخفیف کا کوئی اثر نہیں پڑا۔ پانچ جدید اسکول کھولے گئے اور گرلز اسکولوں کی تعمیر کے لئے
ڈسٹرکٹ بورڈوں کو پچیس ہزار روپیہ کی امداد دی گئی:-

## بعض ممالک کی تعلیمی حالت

**عراق** | حکومت عراق کی سرکاری رپورٹ کے مطابق، عراق کے سرکاری اور غیر سرکاری
مدارس کے طلبا کی مجموعی تعداد پچاس ہزار سات سو دو طلبہ، اور حکومت نے

ممالک غیر میں، علمی تعلیم کی غرض سے روانہ کیا ہے ان دو سو میں ۲۰ طالبات بھی شامل ہیں ۔

## یمن

امام یحییٰ حمید الدین والیٔ یمن جب سے سریرآرائے سلطنت ہوئے، انھوں نے تمام شعبوں کے علاوہ، تعلیمی شعبہ کی طرف خاص توجہ کی ہے، ان کا بہترین علمی کارنامہ صنعاء کی علمی درس گاہ ہے جس کو مدرسہ علمیہ کے نام سے پکارا جاتا ہے، اس کا نظام تعلیم بغداد کے دینی دارالعلوم سے ملتا جلتا ہے، اس مدرسہ میں تین سو طالب علم تعلیم حاصل کرتے ہیں اور نصاب تعلیم سات سال کا ہے، امام یحییٰ کا ارادہ ہے کہ اس مدرسہ کو ایک عظیم الشان عربی یونیورسٹی کی شکل میں ترقی دیدی جائے، اس مقصد کے لئے امام نے بڑی بڑی جاگیریں بطور وقف مدرسہ کے نام کردی ہیں، مدرسہ کی اہمیت اور امام کی نظر التفات کا اندازہ اس سے کیا جاسکتا ہے، کہ خود امام کے بیٹے اس مدرسہ میں معلم ہیں اور طلبہ کو باقاعدہ درس دیتے ہیں اس مدرسہ کے علاوہ ایک یتیم خانہ بھی ہے جس میں ۸۰۰ یتیم بچے حکومت کی نگرانی میں تعلیم حاصل کرتے ہیں :-

امام موصوف نے قومی اور اسلامی ہمدردی کا خیال کرتے ہوئے اپنے بعض بچوں کو بھی اس یتیم خانہ میں داخل کردیا ہے، امام ہی کے دور حکومت میں" ازال" میں ایک عربی جامعہ قائم کیا گیا ہے، اور مختلف اطراف میں ۴۰۰ ابتدائی تعلیم کے لئے درس گاہیں کھولی گئی ہیں :-

## چینی ترکستان

سوائے دینی تعلیم کے، دوسری تعلیم نہیں مدرسے بہت سے ہیں، صرف کاشغر میں ۹۰ یا ۹۵ مدرسے ہیں، بالشویکی حکومت سے پہلے بہت طالب علم بخارا جاکر بھی تعلیم حاصل کیا کرتے تھے، ہندوستان میں بھی مدرسہ دیوبند میں چند ایک طالب علم ہیں، تعلیم کی کمی کی

وجہ سے اکثر دنیا کے دیگر ممالک، وہاں کے واقعات سے محض بے خبر ہیں، اکثر یہ سمجھتے ہیں کہ ان کے ملک کے سوا، دوسرا کوئی ملک نہیں:-

# سوریہ (شام)

شامی حکومت کے شائع کردہ اعداد و شمار کے مطابق وہاں کی تعلیمی حالت کا صحیح اندازہ ذیل کے نقشہ سے کیا جاسکتا ہے:

## شامی درسگاہیں

| مقام | تعداد درسگاہ | تعداد طلباء | مقام | تعداد درسگاہ | تعداد طلباء |
|---|---|---|---|---|---|
| سوریہ | ٣٠٢ | ٣١٨٧٢ | لازقیہ | ١٠٠ | ٢٩٧٠ |
| سکندریہ | ٢٧ | ٣٩٩٥ | جبل دروز | ٣٤ | ٣٤٠٠ |
| جمہوری لبنان | ١٢٩ | ١٣٣٣ | ۔ | ۔ | ۔ |

## اجنبی درسگاہیں

اجنبی درسگاہیں اس کے علاوہ ہیں، ان کے اعداد و شمار حسب ذیل ہیں

| ممالک اجنبی | تعداد درسگاہ | تعداد طلباء | ممالک اجنبی | تعداد درسگاہ | تعداد طلباء |
|---|---|---|---|---|---|
| فرانسیسی مدارس | ٤٣٣ | ٤٢٩٨٢ | امریکن مدارس | ٤٥ | ٦٠٣٠ |
| انگریزی مدارس | ٥٣١ | ٢٢٥٦ | اطالوی مدارس | ٥ | ١٤٠٠ |
| جرمنی و سوئیڈن کے مدارس | × | ٨٠٠ | ۔ | ۔ | ۔ |

# ٹیونس

ٹیونس میں جتنے مدارس حکومت کی طرف سے جاری ہیں اُن میں اگرچہ عربی فرانسیسی زبان کے علاوہ بقدر ضرورت دینی و مذہبی تعلیم بھی دی جاتی ہے، لیکن وہ اس قدر کم تعداد میں ہیں جو وہاں کی ضرورت کو پورا نہیں کر سکتے، ایجوکیشنل ڈیپارٹمنٹ نے بھی اسکولوں کی تعداد میں اضافہ کرنے سے بجٹ میں گنجائش نہ ہونے کی وجہ سے انکار کر دیا ہے، کیونکہ ابھی حال ہی میں سو اسکول حکومت کی جانب سے جاری کئے جا چکے ہیں، ٹیونس کے مسلمانوں نے صورت حال دیکھتے ہوئے بہت سے قومی مدارس کی بنیاد ڈالنے کا ارادہ کر لیا ہے، اور فی الحال حسب ذیل ۱۲ مدارس جاری کر لئے ہیں، اس دوران انتظام میں بہت سے بچوں کا بہت سا قیمتی وقت ضائع ہوا، اس لئے قوم کی با قتدار ذی اثر ہستیاں بڑی سرگرمی دکھلا رہی ہیں۔

| نام شہر | نام مدرسہ | طلباء | مدرسین | نام شہر | نام مدرسہ | طلباء | مدرسین |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| ٹیونس | مدرسۂ قرآنیہ | ۲۷۰ | ۸ | ایقروان | مدرسہ قرآنیہ | ۳۲۴ | ۵ |
| صفاقسی | 〃 بلدیہ | ۳۱۰ | ۸ | بنزرت | 〃 | ۱۵۸ | ۵ |
| 〃 | 〃 نجاحیہ | ۱۷۱ | ۲ | المنیین | 〃 | ۳۴۳ | ۲ |
| 〃 | 〃 سعادتیہ | ۱۴۰ | ۷ | منچستر | مدرسہ علیہ | ۱۸۰ | ۷ |
| 〃 | 〃 حسینیہ | ۱۳۵ | ۵ | صفاقسی | 〃 تہذیبیہ | ۲۱۰ | ۷ |
| 〃 | 〃 اذہبیہ | ۱۷۴ | ۲ | میزان | | ۲۵۳۳ | ۶۰ |
| سوسہ دیوس | 〃 ترکیہ | ۲۷ | ۲ | | | | |

# جاوا (جزائر شرق الہند)

ابتدائی تعلیم جس کا اجرا ۱۸۴۰ء میں ہوا ہے، سرکاری و غیر سرکاری دونوں جاری ہیں، اگر فنج
جزائر شرق الہند کے تعلیمی نظام کا مقابلہ جزیرہ فلپائن کے تعلیمی لائحہ عمل کے ساتھ کیا جائے
تو معلوم ہوگا کہ فلپائن میں اس علاقہ کی نسبت تعلیم زیادہ وسیع پیمانہ پر جاری ہے، البتہ اس علاقہ میں
تعلیم جدیدہ اصول کے مطابق دی جاتی ہے، اور تعلیم مکمل ہوتی ہے، ہنوز ۹۵ فی صدی آبادی جاہل
ہے، طلبہ کی تعداد ۹ لاکھ ہے اور ہر سال تعلیم پر ۸۰ ہزار پونڈ خرچ کئے جاتے ہیں:-
آخری مردم شماری سے معلوم ہوتا ہے کہ جاوا میں ۱۹۴۲۰۱ اسکول ہیں، جن میں ۸۴۶۳۲۶
طلبہ تعلیم پاتے ہیں، ان میں وہ اعلیٰ تعلیمی ادارے شامل نہیں جہاں انجینئرنگ، تجارت، طب اور
قانون کی تعلیم دی جاتی ہے گذشتہ اگست ۱۹۲۸ء میں جاوا کے تعلیم یافتہ اشخاص کے متعلق
حسب ذیل اعداد و شمار پیش کئے گئے ہیں کہ ۰۰ لاکھ آدمی ملایا زبان جانتے ہیں، ۵ لاکھ
جاوی زبان اور ۴ لاکھ کی سندانی زبان ہے، ۲ لاکھ مدرونی زبان سے واقف ہیں، اب ملایائی
اور جاوی زبان کو بھی رومن میں لکھنے کا رواج ترقی پر ہے۔ اور عربی حروف ترک کئے جا رہے ہیں
تعلیم یافتہ جاویوں میں ڈچ زبان کی تعلیم زیادہ عام ہوتی جا رہی ہے:-

ختم شد

# متحدہ قومیت اور اسلام

جو حضرت مولانا سید حسین احمد صاحب مدنی مدظلہ کی تازہ ترین تصنیف ہے جس کی خصوصیت یہ ہے کہ اس کی ایک ایک سطر اسلامی دلائل و براہین کی روشنی میں لکھی گئی ہے اور جس میں یہ ثابت کیا گیا ہے کہ اقتصادی اور سیاسی وجوہ سے مسلمانوں اور غیر مسلمانوں سے ملکر یک قوم بنائی جاسکتی ہے۔

آپ خود بھی ملاحظہ فرمائیے اور عزیز و احباب کی خدمت میں بھی پیش کیجئے۔ قیمت صرف ۸ ، مگر بغرض اشاعت اس وقت ۲ ر ضرور فائدہ اٹھائیے، چار نسخوں کے خریدار کو ۱۲ر — فی درجن، بیس روپیہ فی سیکڑہ

# دیوبند اور ادارۂ تصنیف

یہ ایک حقیقت ہے کہ دیوبند اس وقت دنیائے اسلام کی مذہبیات و روحانیات کا مرکز بنا ہوا ہے۔ آج فضلائے دیوبند دنیا کے ہر ملک میں پھیل چکے ہیں اور مفید اسلامی خدمات انجام دے رہے ہیں۔ ضرورت تھی کہ دیوبند میں باضابطہ طور پر ایک ادارۂ تصنیف ہو جو نشر علوم اسلامیہ کی وسیع خدمات انجام دے۔ الحمدللہ کہ اب وہ وقت بھی آپہونچا۔ اور چند کمزور مگر مخلص ہاتھوں نے اس شعبہ کو مجلس قاسم المعارف کے نام سے دیوبند میں قائم کر دیا۔ اللہ تعالیٰ سے دعا ہے کہ وہ اس کام میں برکت اور خلوص عطا فرمائے۔ (آمین)

## مقاصد:-

(۱) نشر علوم اسلامیہ (۲) اشاعت علوم و فنون جدیدہ (۳) ترقی اردو

## تصانیف مجلس-

اس وقت تک مجلس جو تصانیف شائع کرسکی ہے وہ دو ہیں

(۱) تعلیمی ہند (۲) متحدہ قومیت اور اسلام

علاوہ ازیں "دین کامل" "اقتصادی ہند" بھی پایۂ تکمیل کو پہونچ چکی ہیں مگر مالی مشکلات کی وجہ سے طبع نہیں ہوسکیں۔ اگر مسلمانان ہند تھوڑی سی توجہ سے کام لیں اور مجلس کی تصانیف کے مستقل خریدار بن جائیں تو ہم بہت جلد بہترین تصانیف سے اردو زبان کو مالا مال کر دیں۔

(جملہ خط و کتابت کرتے وقت)

سلطان الحق ذاکر قاسمی ناظم مجلس قاسم المعارف دیوبند یوپی۔ یاد رکھیں

# اکابر کی آراء

## فخر العلماء حضرت مولانا ابو المحاسن محمد سجاد صاحب نائب امیر شریعت بہار

مجھے مسرت ہے کہ دار العلوم دیوبند کے چند ممتاز اور باہمت نوجوان فضلائے دیوبند نے ایک ادارہ تصنیف مجلس قاسم المعارف کے نام سے قائم کیا ہے جس کا پہلا شاندار کارنامہ "تعلیمی ہند" ہے میری رائے میں یہ کتاب صحت، معلومات، کثرت مواد، ترتیب نفیس اور زبان کی عمدگی کے لحاظ سے ملک میں وقعت کی نظر سے دیکھی جائے گی۔

میں ملک کے سمجھدار نوجوان طبقہ سے امید کرتا ہوں کہ وہ اس کا ایک نسخہ ضرور اپنے مطالعہ میں رکھیں اور جہاں تک ہو سکے اس کتاب کی اشاعت میں حصہ لیں۔ فقط والسلام

فقیر ابو المحاسن محمد سجاد کان اللہ لہٗ

(از دھلی)

# تقریظ

## حضرت شیخ الادب مولانا مولوی محمد اعزاز علی صاحب نائب امیر الہند استاد دار العلوم دیوبند

حامداً و مصلیاً و مسلماً۔ میں نے اس رسالہ کے چند اوراق دیکھے اس رسالہ کے متعلق صحیح رائے صرف ان حضرات کی ہو سکتی ہے جنہوں نے حکومت برطانیہ کی تاریخ کا غیر جانبدارانہ مطالعہ کیا۔ موافق و مخالف دونوں قسم کی شہادتیں ان کے سامنے ہوں لیکن چونکہ اس رسالہ میں حکومت برطانیہ کے ارا کین و اساطین کی شہادتیں ہیں اسلئے ان شہادتوں کے مطالعہ کے بعد جو ہر انسان جو عقل سے محروم اور جو اس سے عاری نہ ہو صحیح نتیجہ پر پہونچ سکتا ہے میں ان اوراق سے جس نتیجہ پر پہونچا ہوں وہ یہ ہے کہ یہ رسالہ انشاءاللہ نتیجہ خیز اور حکومت برطانیہ کے برکات کو صحیح معنی میں منظر عام پر لانیوالا ہوگا۔ اور مجھ کو یقین ہے کہ حکومت پرستوں اور انتہا پسندوں کی باہمی منازعت اس رسالہ کے مطالعہ کے بعد باقی نہ رہیگی۔

محمد اعزاز علی غفرلہٗ امروہی ۲۹ ۴ ۵۵ ھ